تمام سنی مدارس اور دعوت اسلامی کے جامعات المدینہ میں درس نظامی میں بہت ساری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو تمارین اور مشقوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کے حل سے سبق کافی حد تک ذہن میں محفوظ ہوجاتا ہے لیکن بہت ساری ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں تمارین اور مشقیں نہیں ہیں اس لیے ارادہ کیا کہ جو کتابیں تمارین سے خالی ہیں ان کے اسباق کو ششماہی اول ودوم میں تقسیم کرکے سوالات اس طرح بنائیں جائیں کہ طلبہ آسانی سے اسباق یاد کرسکیں اور یاد کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہو اور سوالات اس طرح ہوں کہ پوری کتاب کو محیط ہوں تاکہ کتاب کا نقصان نہ ہو اس سلسلے کی ایک کڑی **درجہ خامسہ،سادسہ،سابعہ** میں پڑھائی جانے والی فقہ حنفی کی بہت مشہور کتاب **ھدایہ اولین،آخرین** سے ششماہی اور سالانہ میں متعیّنہ اسباق کے سوالات پیش خدمت ہیں ان کے ذریعہ اسباق کو کم وقت میں یاد کرسکتے ہیں اور درس گاہ میں سن بھی سکتے ہیں۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف یوپی۔
خادم التدریس جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور
Mob no:Whatsapp :.+918057889427

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں


نام کتاب : سوالات ھدایہ اولین

درجہ : خامسہ ششماہی اول،ثانی

مرتب : محمد گل ریز رضا مصباحی،مدناپوری،بریلی شریف

معاون : محمد خالد رضا عطاری درجہ ثانیہ مرادآباد،محمد احمد رضا درجہ ثالثہ ناگ پور

کمپوزنگ : گل ریز رضا مصباحی

ناشر : مصباحی لائبریری،مدناپور،بہیڑی بریلی شریف

رابطہ نمبر :+918057889427.+916397521190


**نوٹ:** مسائل کے جوابات ہاں یا نہیں میں نہ دیئے جائیں بلکہ اس طور پر پیش کریں کہ مسئلہ واضح ہو جائے،اگر اختلاف ہو تو وہ بھی پیش کریں۔

# فہرست

درجہ خامسہ ششماهی اول ........ 10
كتاب الطَّهَارَة ........ 10
فصل فی الغسل ........ 11
فصل فی البئر ........ 12
فصل فی الاسار وغیرها ........ 13
باب التیمم ........ 13
باب المسح علی الخفین* ........ 14
باب الحیض والاستحاضه ........ 15
فصل فی النفاس ........ 16
باب الانجاس وتطهیرها ........ 16
فصل فی الاستنجاء ........ 17
كتاب الصلاة، باب المواقیت ........ 17
باب الاذان ........ 18
باب الشروط الصلاة التی تتقدمها ........ 19
باب صفة الصلاة ........ 20
فصل فی القراءة ........ 22
باب الحدث فی الصلاة ........ 24
درجہ خامسہ ششماہی ثانی ........ 25
باب مایفسد الصلاة ومایکره فیها ........ 25
مکروہات نماز ........ 26
باب صلوة الوتر ........ 27
باب النوافل ........ 28
فصل فی قیام رمضان ........ 29

باب قضاء الفوائت ........ 30
باب سجود السھو ........ 30
باب صلوۃ المریض ........ 31
باب فی سجدۃ التلاوۃ ........ 32
باب صلوۃ المسافر ........ 33
باب صلوۃ الجمعۃ ........ 34
باب العیدین ........ 35
فصل فی تکبیرات التشریق ........ 35
باب صلوۃ الکسوف ........ 36
باب الاستسقاء ........ 36
باب صلوۃ الخوف ........ 36
باب الجنائز ........ 36
فصل فی الغسل ........ 37
فصل فی التکفین ........ 37
فصل فی الصلوۃ علی المیت ........ 37
فصل فی حمل الجنازۃ ........ 38
فصل فی الدفن ........ 38
باب الشھید ........ 38
باب الصلوۃ فی الکعبۃ ........ 38
کتاب الزکات ........ 39
فصل فی البقر ........ 39
فصل فی الغنم ........ 39
فصل فی الخیل ........ 40
باب زکات المال ........ 41

فصل فی الفضۃ ........ 41
فصل فی الذھب ........ 41
فصل فی العروض ........ 41
باب فی المعادن والرکاز ........ 41
باب زکات الزروع والثمار ........ 42
باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ومن لایجوز ........ 43
باب صدقۃ الفطر ........ 44
فصل فی مقدار الواجب ووقتہ ........ 44
کتاب الصوم ........ 44
باب مایوجب القضاوالکفارۃ ........ 45
باب الاعتکاف ........ 49
درجہ سادسہ ششماہی اول ........ 52
کتاب النکاح ........ 52
فصل فی بیان المحرمات ........ 52
باب فی الالیاء والاکفاء ........ 54
باب المھر ........ 55
فصل فی الکفاءۃ. ........ 57
بابُ القَسَم ........ 59
کتاب الرضاعت ........ 59
کتاب الطلاق ........ 61
باب ایقاع الطلاق ........ 62
فصل فی اضافۃ الطلاق الی الزمان ........ 63
باب تفویض الطلاق ........ 65
فصل فی الامر بالید ........ 66

فصل فی المَشیَة ........ 67
باب الایمان فی الطلاق ........ 68
باب طلاق المریض ........ 69
باب الرجعة ........ 71
فصل فیما تحل به المطلقة ........ 72
درجہ سادسہ ششماہی دوم ........ 73
باب العدة ........ 73
باب ثبوت النسب ........ 75
باب حضانة الولد ومن احق به (بچہ کی حضانت کا کون زیادہ مستحق ہے) ........ 77
باب النفقة ........ 78
کتاب الایمان (قسم کا بیان) ........ 81
باب مایکون یمینا ومالایکون یمینا ........ 81
فصل فی الکفارة ........ 82
بابُ الیمین في الدّخُول والسُّکنیٰ ........ 83
بَابُ الْیَمِیْنِ فِي الْخُرُوْجِ وَالاِتْیَانِ وَالرُّکُوْبِ وَغَیْرِ ذٰلِکَ ........ 84
بَابُ الْـیَمِیْنِ فِي الأَکْلِ وَالشُّرْبِ ........ 84
باب الیمین فی الکلام ........ 87
بَابُ الیَمِینِ فِی العِتقِ وَالطَّلَاقِ ........ 88
بَابُ الیَمین فَی البَیع والشراء والتزوج وغیر ذلک ........ 89
باب الیمین فی الحج والصلاة والصوم ........ 89
باب الیمین فی لبس الثیاب والحلی وغیر ذالک ........ 90
باب الیمین فی القتل والضرب وغیرہ ........ 90
باب الیمین فی تقاضی الدرهم ........ 91
فصل فی الشرکة الفاسدة ........ 92

کِتابُ الْوَقفِ ........ 92
کتاب الحدود ........ 94
درجہ سابعہ ششماہی اول ........ 98
کتاب البیوع ........ 98
باب خیار الشرط ........ 99
باب خیار الرؤیة ........ 101
باب خیار العیب ........ 101
باب البیع الفاسد ........ 103
فصل في احكامه ........ 106
فصل فيما يكره ........ 106
باب الاقالة ........ 107
باب المرابحة والتولية ........ 107
باب الربا ........ 109
باب الحقوق ........ 110
باب الاستحقاق ........ 110
فصل فی بیع الفضولی ........ 111
باب السلم ........ 111
مسائل منثورہ۔ ........ 114
کتاب الصرف ........ 114
ھدایہ آخرین۔ ........ 116
درجہ سابعہ ششماھی ثانی ........ 116
کتاب المضاربة ........ 116
باب المضارب يضارب ........ 117
کتاب الوديعة ........ 119

كتاب الاجاره ........ 121
باب الاجرة متى يستحق ........ 121
باب مايجوز من الاجارة ومايكون خلافا فيها ........ 121
باب الاجارة الفاسد ........ 122
باب ضمان الاجير ........ 123
باب الاجارة على احد الشرطين ........ 124
باب اجارة العبد ........ 124
باب فسخ الاجارة ........ 125
كتاب العارية ........ 126
كتاب الهبه ........ 127
كتاب الذبائح ........ 128
فصل فيما يحل اكله ومالا يحل ........ 129
كتاب الاضحية ........ 130
كتاب الكراهية ........ 133
فصل فى الوطى والنظر والمس ........ 135
فصل فى الاستبراء وغيره ........ 136
مسائل متفرقه ........ 140
كتاب الجنايات ........ 141
باب مايُوْجِبُ الْقِصَاصَ وَلَايُوْجِبُهُ ........ 142
باب القِصَاصِ فِيمَادُوْنَ النَّفْسِ ........ 144
بَابُ الشَّهَادَةِ فِي القَتْلِ ........ 148
بَابُ فِي اِعْتِبَارِ حَالَةِ الْقَتْلِ ........ 149
كِتَابُ الدِّيَّاتِ ........ 150
فصل فى الشَّجَاجِ ........ 152

کتاب المزارعة ........ 156
کتاب الوکالة ........ 158
باب الوکالة بالبیع والشراء ........ 159
فصل فی التوکیل بشراء نفس العبد ........ 162
فصل بالبیع ........ 162
فصل ........ 163
باب الوکالة بالخصومة والقبض ........ 164
باب عزل الوکیل ........ 165
تعارف بدست خود ........ 166

# درجہ خامسہ ششماھی اول

## كتاب الطَّهَارَة

سوال:(1)۔فرائض وضو،غسل،مسح کا معنی اور چہرے کی حد بیان کریں؟

سوال:(2)۔کہنیاں اور ٹخنے غسل میں داخل ہیں یانہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(3)۔سر کے مسح کی مقدار اقوال فقہامع دلائل بیان کریں؟

سوال:(4)۔وضوکی پہلی سنت دونوں ہاتھ دھونا کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(5)۔وضوکی دوسری سنت کیاہے،نیزبسم اللہ سنت ہے یا مستحب؟

سوال:(6)۔وضوکی تیسری،اورچوتھی سنت کیاہے کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(7)۔پانچویں سنت کیاہے،نیزداڑھی کے خلال کا کیا حکم ہے؟

سوال:(8)۔ساتویں سنت،آٹھویں سنت کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(9)۔مستحباب وضو،نیت کا حکم اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(10)۔استیعاب رأس کا حکم اقوال فقہامع دلائل بیان کریں؟

سوال:(11)۔ترتیب اور دائیں طرف سے وضو شروع کرنے کا حکم نیزامام شافعی کا اختلاف بیان کریں؟

سوال:(12)۔نواقض وضوکون کون ہیں کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(13)۔متفرق مقامات میں کی ہوئی قے کے بارے میں صاحبین کا اختلاف بیان کریں؟

سوال:(14)۔قے کی اقسام اور ان کے احکام اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(15)۔خون کی قے کا حکم،اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(16)۔اگرخون سرسے ناک کی طرف اترا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(17)۔کون سی نیند ناقص وضوہے نیزنیند کے طریقے بیان کریں؟

سوال:(8)۔کیااغمااور جنون سے عقل پرغلبہ ناقص وضوہے؟

سوال:(19)۔قہقہہ ناقض وضوہے یانہیں اقوال فقہامع دلائل بیان کریں؟

سوال:(20)۔مقعد،ذکر،فرج سے کیڑااور ریح کے نکلنے کا کیا حکم ہے؟زخم کے سر سے کیڑا نکلنے اور گوشت گرنے سے وضو کا حکم ہوگا یانہیں؟

سوال:(21)۔اگرریح مرد کے ذکر یاعورت کے فرج سے نکلے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(22)۔چھالے سے چھلکا اترا تو اس سے وضو کب ٹوٹے گا اور کب نہیں اور دبا کر خون یا پیپ نکالنے سے وضو کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

# فصل في الغسل

سوال:(1)۔فرائض غسل بیان کریں،نیز امام شافعی کا اختلاف بیان کریں؟

سوال:(2)۔غسل کا مسنون طریقہ کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(3)۔غسل میں گندھے ہوئے بالوں کو کھولنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(4)۔موجبات غسل کیا کیا ہیں تفصیل سے بیان کریں؟

سوال:(5)۔ کیا التقاء ختانین موجب غسل ہے؟

سوال:(6)۔ کیا حیض و نفاس موجب غسل ہیں؟

سوال:(7)۔غسل کی سنتیں کیا ہیں؟

سوال:(8)۔ کیا مذی اور ودی میں وضو واجب ہے؟

سوال:(9)۔کن پانیوں سے طہارت حاصل کرنا صحیح ہے؟

سوال:(10)۔درختوں اور پھولوں سے نچوڑے اور نچڑے ہوئے پانی سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(11)۔کوئی دوسری چیز پانی میں مل جائے تو اس پانی سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(12)۔طاہر چیز پانی میں مل جائے اور اس کے ایک وصف کو تبدیل کردے ایسے پانی سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(13)۔پانی میں کوئی چیز ملا کر پکانے سے پانی سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(14)غیر جاری پانی میں نجاست گرنے سے پانی ناپاک ہوجاتا ہے یا نہیں،نیز ایسے پانی سے طہارت حاصل کرنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہاء کی روشنی میں مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(15)۔ماء جاری میں وقوع نجاست سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(16)۔بڑے تالاب کی حد کیا ہے؟

سوال:(17)۔بڑے تالاب میں نجاست گرجانے نیز ایسے پانی سے طہارت حاصل کرنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(18)-مچھر،مکھی،بھڑیں اور بچھو جس پانی میں گرجائیں اس سے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(19)۔مچھلی،مینڈک اور کیکڑے کے پانی میں مرنے سے پانی نجس ہوگا یانہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(20)۔ماء مستعمل سے طہارت حاصل کرنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(21)۔ماء مستعمل کی حقیقت اور اس کا سبب اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(22)۔پانی کب مستعمل ہوتا ہے؟
سوال:(23)۔جنبی کنویں سے ڈول نکالنے کے لیے غوطہ زن ہوا کنویں اور جنبی کی پاکی کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(24)۔کیا دباغت سے چمڑا پاک ہوجاتا ہے،چمڑے کا مصلیٰ بناکر نماز پڑھنا اور مشکیزہ بنا کر اس سے وضو کرنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(25)۔مردار کے بال اور ہڈیاں پاک ہیں یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## فصل فی البئر

سوال:(1)۔کنویں میں اونٹ یا بکری کی ایک مینگنی یا دو مینگنیاں خشک یا تر سالم یا ٹوٹی ہوئی،لید یا گوبر گرجائیں تو کنواں پاک ہوگا یا ناپاک؟
سوال:(2)۔کبوتر اور چڑیا کی بیٹ کنویں میں گرجائے تو کنوئیں کا پانی پاک ہوگا یا ناپاک؟
سوال:(3)۔کنویں میں ماکول اللحم (بکری وغیرہ) پیشاب کردے تو کیا حکم ہے؟اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(4)۔کون کون سے جانور کنویں میں گر کر مرجائیں تو بیس ڈول وجوبا اور تیس ڈول استحبابا نکالے جاتے ہیں؟
سوال:(5)۔کون کون سے جانور کنویں میں گر کر مرجائیں تو چالیس ڈول وجوبا اور پچاس ڈول استحبابا نکالے جاتے ہیں؟
سوال:(6)بکری یا آدمی یا کتا کنویں میں گر کر مرجائے تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟
سوال:(7)۔جانور کنوئیں میں گرجائے اور پھول پھٹ جائے تو کتنا پانی نکالا جائے گا؟
سوال:(8)۔جاری کنویں میں پاک چیز گرنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔کنویں میں مرا ہوا جانور دیکھا اور وہ پھولا پھٹا نہیں یا پھول پھٹ گیا اس پانی سے طہارت کرکے پڑھی ہوئی نمازوں کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی الاسار وغیرھا

سوال:(1)۔جانور کے پسینے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(2)۔آدمی، مایوکل لحمہ، جنبی، حائضہ اور کافر کے جھوٹے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(3)۔کتے کے جھوٹے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔خنزیر کا جھوٹا نجس ہے یا نہیں؟
سوال:(5)۔درندوں کے جھوٹے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(6)۔بلّی کے جھوٹے کا حکم اقوال فقہا دلائل کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(7)۔بلّی نے چوہا کھا کر فوراً پانی میں منہ ڈال دیا یا تھوڑی دیر ٹھہر کر پانی میں منہ ڈالا تو پانی کا کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔مرغی کا جھوٹا کیسا ہے؟
سوال:(9)۔حشرات الارض کے جھوٹے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔گدھے اور خچر کا جھوٹا کیسا ہے؟
سوال:(11)۔آب مشکوک کے علاوہ دوسرا پانی نہ ہو تو طہارت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(12)۔ نبیز تمر سے وضو کا حکم، اقوال فقہا، ودلائل کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(13)۔ نبیز کی حقیقت کیا ہے اس میں امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف کیا ہے؟

## باب التیمم

سوال(1)۔:مسافر پانی نہ پائے یا مسافر اور شہر کے درمیان میل یا زیادہ کی مسافت ہو تو تیمم کا کیا حکم ہے؟
سوال(2):مریض کے لیے تیمم کا کیا حکم ہے؟
سوال(3):تیمم کا طریقہ کیا ہے؟
سوال(4):استیعاب کا کیا حکم ہے؟
سوال(5):حدث، جنابت، حیض اور نفاس میں کتنے تیمم ہیں؟
سوال(6):کن اشیاء پر تیمم جائز ہے اور کن اشیاء پر نہیں اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال(7):جن اشیاء سے تیمم جائز ہے کیا ان پر غبار ہونا شرط ہے یا نہیں؟

سوال(8):تیمم میں نیت کا کیا حکم ہے؟

سوال(9):طہارت یا اباحت صلوۃ کی نیت بھی کافی ہے یا نہیں؟

سوال(10):نصرانی نے تیمم کیا پھر ایمان لایا یہ تیمم کافی ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال(11):نصرانی نے وضو کیا پھر مسلمان ہو گیا باوضو شمار ہو گا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال(12)۔:مسلمان نے تیمم کیا پھر العیاذ باللہ مرتد ہو گیا پھر مسلمان ہو گیا پہلا تیمم برقرار رہے گا یا نہیں اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال(13)۔:نواقض تیمم کیا ہیں؟

سوال(14)۔:پانی کو دیکھنے والا جب قادر علی الماء ہو یہ ناقض تیمم ہے یا نہیں؟

سوال(15):تیمم کیسی مٹی سے جائز ہے؟

سوال۔(16):پانی ملنے کی امید ہو تو نماز کو کب تک موخر کیا جائے؟

سوال(17)۔:تیمم سے فرائض اور نوافل پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال(18)۔:نماز جنازہ اور نماز عید کے لیے تیمم کا کیا حکم ہے؟

سوال(19)۔:امام اور مقتدی کو عید کی نماز میں حدث لاحق ہو جائے تو تیمم کا کیا حکم ہے؟

سوال-(20):جمعہ کے لئے تیمم کا کیا حکم ہے؟

سوال(21):وقتی نماز فوت ہو جانے کے خوف سے تیمم کا کیا حکم ہے؟

سوال(22):مسافر سواری میں پانی بھول کر تیمم سے نماز پڑھ لے پھر پانی یاد آجائے تو نماز کا اعادہ لازم ہے یا نہیں اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال۔(23):تیمم کرنے والے کے لیے پانی کی جستجو ضروری ہے یا نہیں؟ خواہ قریب میں ملنے کی امید ظن غالب ہو یا نہ ہو؟

سوال،(24):اگر رفیق سفر کے پاس پانی ہو تو تیمم سے پہلے مطالبہ کرے گا یا نہیں؟

## باب المسح علی الخفین*

سوال(1):موزوں پر مسح کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال(2): کیا محدث کے لیے موزوں پر مسح کرنا جائز ہے یا نہیں؟

سوال(3)۳:مقیم اور مسافر کے لیے مسح کی مدت کتنی ہے؟
سوال(4):مسح کی ابتدا کب سے شمار ہوگی؟
سوال(5):مسح کا طریقہ تفصیل سے بیان کریں؟
سوال(6):کتنی مقدار موزہ میں پھٹن ہو تو اس پر مسح درست نہیں؟
سوال(7):جنبی کے لیے مسح جائز ہے یا نہیں؟
سوال(8):نواقض مسح بیان کریں؟
سوال(9): کیا مدت کا گزر جانا ناقض مسح ہے؟
سوال(10):مقیم مسافر ہو گیا یا مسافر مقیم بن گیا تو ان کے لیے مدت کی تبدیلی کا کیا حکم ہے؟
سوال(11):مسافر مدت سے پہلے مقیم ہو گیا او مقیم والی مدت مسح مکمل ہو چکی تو وہ کیا کرے؟
سوال(12):جرموق پر موزے کے مسح کیا ہے؟
سوال(13):جرابوں پر مسح کرنے کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
سوال(14): کیا پگڑی ٹوپی برقع اور داستانوں پر مسح جائز ہے؟
سوال(15):پٹی پر مسح کا حکم کیا ہے؟

## باب الحیض والاستحاضہ

سوال(1):حیض کی کم سے کم مدت اور زیادہ سے زیادہ مدت کتنی ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال(2):جو خون دس دن سے زائد ہو وہ کیا کہلاتا ہے؟
سوال(3):حیض کے رنگ کیا کیا ہیں؟
سوال(4):حالت حیض میں نماز روزے کا کیا حکم ہے؟
سوال(5):حائضہ اور جنبی کے لیے مسجد میں داخل ہونا جائز ہے یا نہیں؟
سوال(6):حائضہ کے لیے طواف کرنا جائز ہے یا نہیں؟
سوال(7):حائضہ سے مباشرت جائز ہے یا نہیں؟
سوال(8):حائضہ جنبی اور نفاس والی کے لیے قراءت قرآن کا کیا حکم ہے؟
سوال(9):ان لوگوں کے لیے قرآن کو چھونے کا کیا حکم ہے؟
سوال(10):دس دن سے پہلے حیض ختم ہو جائے تو غسل سے پہلے مباشرت کا کیا حکم ہے؟

سوال(11):حیض کا خون تین دن سے زیادہ اور عادت کے ایام سے کم پر ختم ہو تو مباشرت کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال(12):طہر متخلل کا کیا حکم ہے؟

سوال(13):طہر کی کم سے کم مدت کیا ہے؟

سوال(14):دم استحاضہ کا کیا حکم ہے؟

سوال(15):معتادہ کو ایام عادت کی طرف کب لوٹایا جائے گا؟

سوال(16):مستحاضہ،سلسل بول،دائمی نکسیر اور وہ زخم جو تھمتا نہ ہو ان کے لیے طہارت کا کیا حکم ہے؟

سوال(17):مذکورہ افراد کا وضو خروج وقت سے باطل ہوگا یا نہیں؟

سوال(18):استیناف وضو کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## فصل فی النفاس

سوال:(1)۔نفاس کے احکام بیان کریں نیز نفاس کی تعریف کریں؟

سوال:(2)۔حاملہ کو بچے کی ولادت سے پہلے آنے والا خون کیا کہلاتا ہے؟

سوال:(3)ناتمام بچہ جننے سے عورت نفاس والی ہوگی یا نہیں؟

سوال:(4)۔نفاس کی کم سے کم مدت کیا ہے؟

سوال:(5)۔چالیس دن سے خون تجاوز کر جائے تو معتادہ کو عادت کی طرف لوٹایا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(6)۔ایک حمل سے دو بچے جنے نفاس پہلے بچہ کی ولادت سے شروع ہوگا یا دوسرے کی ولادت سے،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## باب الانجاس وتطھیرھا

سوال:(1)۔نمازی کا بدن کپڑے،مکان کا نجاست سے پاک ہونا ضروری ہے نہیں؟

سوال:(2)۔نجاست کن کن چیزوں سے زائل کی جاسکتی ہے؟

سوال:(3)۔موزہ پر نجاست لگ جائے تو اس کی پاکی کا کیا طریقہ ہے؟

سوال:(4)۔تر نجاست دھونے سے پاک ہوجاتی ہے یا نہیں؟

سوال:(5)۔موزہ پر پیشاب لگ گیااور خشک بھی ہو گیا،موزہ دھونے سے پاک ہو گا یانہیں؟
سوال:(6)۔نجس کپڑا دھونے سے پاک ہو گا یانہیں؟
سوال:(7)۔منی نجس ہے،کپڑے پر لگ جائے،کپڑے کو پاک کرنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(8)۔آئینہ اور تلوار سے نجاست دور کرنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(9)۔نجاست سے زمین پاک کیسے ہوگی؟
سوال:(10)۔نجاست غلیظہ اور خفیفہ کیا ہے؟
سوال:(11)۔نجاست غلیظہ کی مقدار معفو (یعنی جو معاف ہے) کیا ہے؟
سوال:(12)۔نجاست خفیفہ کی معاف مقدار کیا ہے؟
سوال:(13)کپڑے پر لید،گوبر لگ جائے تو اس میں نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(14)۔گھوڑے اور ما یوکل اللحم کے پیشاب کا کیا حکم ہے،اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(15)۔غیر ماکول اللحم پرندوں کی بیٹ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(16)۔مچھلی کا خون،خچر اور گدھے کے لعاب کا کیا حکم ہے؟
سوال:(17)۔کپڑوں پر پیشاب کے چھینٹیں لگ جائیں تو نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(18)۔نجاست کی دو قسمیں،نجاست مرئی،نجاست غیر مرئی دونوں کی طہارت کا کیا حکم ہے؟

## فصل فی الاستنجاء

سوال:(1)۔استنجاء کے احکام،استنجاء کی شرعی حیثیت اور اس کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(2)۔نجاست مخرج سے تجاوز کر جائے تو پانی سے پاکی حاصل کرنا ضروری ہے یا نہیں؟
سوال:(3)ہڈی اور گوبر سے استنجاء کرنے کا کیا حکم ہے؟

## کتاب الصلاۃ،باب المواقیت

سوال:(1)۔پانچ نمازوں کے اوقات کیا ہیں،فجر کا اول وآخر وقت کیا ہے بیان کریں؟
سوال:(2)۔ظہر کا ابتدائی اور آخری وقت کیا ہے؟
سوال:(3)۔عصر کا ابتدائی اور آخری وقت کیا ہے؟

سوال:(4)مغرب کا اول اورآخروقت کیا ہے؟
سوال:(5)عشاء کا اول اور آخری وقت کیا ہے؟
سوال:(6)۔وتر کا اول اور آخری وقت کیا ہے؟
سوال:(7)۔فجر،ظہراور عصر کا مستحب وقت کیا ہے؟
سوال:(8)۔مغرب کا مستحب وقت کیا ہے؟
سوال:(9)۔عشاء کا مستحب وقت کیا ہے؟
سوال:(10)۔وتر کا مستحب وقت کیا ہے؟
سوال:(11)جب مطلع ابر آلود ہو تو پانچ نمازوں کے مستحب اوقات کیا ہیں؟
سوال:(12)۔مکروہ اوقات کیا کیا ہے؟
سوال:(13)۔طلوع شمس،زوال شمس اور غروب شمس میں نماز پڑھنا جائز ہے یا ناجائز؟
اسپتال:(14)۔اوقات ثلاثہ میں نماز جنازہ،اور سجدہ تلاوت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(15)۔فجر اور عصر کے بعد نوافل کا کیا حکم ہے؟
سوال:(16)۔صبح صادق کے بعد دو رکعتوں سے زائد نوافل پڑھنا کیسا ہے؟
سوال:(17)۔مغرب کے بعد فرائض سے پہلے نوافل کا کیا حکم ہے؟

## باب الاذان

سوال:(1)۔اذان کی اہمیت وعظمت کیا ہے؟
سوال:(2)۔اذان کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
سوال:(3)۔ترجیع کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔فجر کی اذان میں الصلاۃ خیر من النوم کے اضافہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(5)۔اقامت اذان کے مثل ہے یا نہیں؟
سوال:(6)۔اذان میں ترسیل کا کیا حکم ہیں؟
سوال:(7)۔اذان اور اقامت میں استقبال قبلہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔اذان دیتے وقت کانوں میں انگلیاں دینے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)تثویب کا کیا حکم ہیں؟
سوال:(10)۔اذان اور اقامت کے درمیان جلسہ کا کیا حکم ہے اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(11)۔فوت شدہ نمازوں کے لیے اذان کا کیا حکم ہے؟
سوال:(12)۔ کیا کثیر فوت شدہ نمازوں میں صرف اول کے لیے اذان واقامت کہے گا یا باقی نمازوں میں بھی اذان واقامت کہے گا یا صرف ایک اقامت پر اکتفا کرے گا؟
سوال:(13)پاگل پر اذان اور اقامت کا حکم کیا ہے؟
سوال:(14)۔بغیر وضو اقامت کہنا کیسا ہے؟
سوال:(15)۔حالت جنابت میں اذان کہنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(16)۔عورت کی اذان کا کیا حکم ہے؟
سوال:(17)۔اذان کا وقت داخل ہونے سے پہلے اذان کہنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(18)۔مسافر کے لیے اذان اور اقامت کا کیا حکم ہے؟

## باب الشروط الصلاۃ التی تتقدمھا

سوال:(1)۔نمازی کے لیے احداث اور انجاس سے طہارت حاصل کرنا ضروری ہے یا نہیں؟
سوال:(2)۔مرد کا ستر کیا ہے، مرد کا گھٹنا ستر میں داخل ہے یا نہیں؟
سوال:(3)۔آزاد عورت کا ستر کیا ہے؟
سوال(4)۔عورت نے نماز پڑھی ربع یا ثلث پنڈلی کھلی رہی تو نماز کا اعادہ کرے گی یا نہیں؟اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(5)۔بال، پیٹ اور ان کا ثلث اور ربع کھل جانے سے نماز کا کیا حکم ہے؟
سوال:(6)۔باندی کا ستر کیا ہے؟
سوال:(7)۔نجاست زائل کرنے کے لیے کوئی چیز نہ پائے تو اس نجاست کے ساتھ نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔ننگا نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔نیت اور تکبیر تحریمہ کے درمیان کسی عمل سے فاصلہ کرنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔مقتدی کے لیے اقتدا کی نیت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(11)۔قبلہ رخ ہونے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(12)۔ کیا خوف زدہ شخص جس جہت پر قادر ہو اسی طرف منہ کرکے نماز پڑھ سکتا ہے؟
سوال:(13)جب قبلہ مشتبہ ہوجائے اور کوئی آدمی موجود نہیں جس سے سوال کیا جاسکے تو اجتہاد کا کیا حکم ہے؟

سوال:(14)۔ نماز پڑھنے کے بعد معلوم ہوا کہ نماز خطاء پر تھی اعادہ صلاۃ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(15)۔ دوران نماز غلطی معلوم ہو جائے تو کیا کرے؟
سوال:(16)۔ اندھیری رات میں امام نے نماز پڑھائی تحری سے معلوم ہوا کہ قبلہ مشرق کی طرف ہے اور مقتدیوں نے تحری کر کے ہر ایک نے دوسری سمت میں نماز پڑھی ان کی نماز کا کیا حکم ہے؟

## باب صفة الصلاة

سوال:(1)۔ نماز کے فرائض کتنے ہیں؟
سوال:(2)۔ نماز کے واجبات کتنے ہیں؟
سوال:(3)۔ نماز کا طریقہ، تکبیر تحریمہ شرط ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(4)۔ کیا ہاتھوں کو تکبیر کے ساتھ اٹھانا سنت ہے؟
سوال:(5)۔ ہاتھوں کو کانوں کی لو کے برابر یا کندھوں تک اٹھایا جائے گا اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(6)۔ عورت تکبیر کے وقت ہاتھوں کو کہاں تک اٹھائے گی؟
سوال:(7)۔ اللہ اکبر کی جگہ اللہ تعالی کے دوسرے اسماء حسنی لینے کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔ فارسی میں قراءت کرنے کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(9)۔ اللھم اغفرلی کے ساتھ نماز شروع کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(10)۔ نماز میں ہاتھ باندھنے کا طریقہ اور ہاتھ کہاں باندھے جائیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(11)۔ ثناء میں کیا پڑھا جائے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(12)۔ تعوذ کی شرعی حیثیت، موضع تعوذ، تعوذ کے الفاظ تفصیل سے بیان کریں؟
سوال:(13)۔ تعوذ، تسمیہ، آمین سراً کہی جائے یا جہراً اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(14)۔ قراءت فاتحہ، وضم سورۃ رکن ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(15)۔ امام و مقتدی کے لیے آمین کہنے کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(16)۔ امام اور مقتدی دونوں آمین سراً کہیں گے یا جہراً اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(17)۔رکوع کی تکبیر کب کہنا ہے؟

سوال:(18)۔رکوع کی کیفیت اور رکوع کی تسبیح کیا ہے؟

سوال:(19)۔امام رکوع سے سر اٹھاتے ہوئے کیا کہے اور مقتدی کیا کہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(20)۔قومہ کا حکم، سجدہ میں جانے اور اس سے اٹھنے کا طریقہ اور جلسہ کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(21)۔سجدہ کی کیفیت بیان کریں؟

سوال:(22)۔ناک یا پیشانی پر سجدہ کرنے یا کسی ایک پر سجدہ کرنے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(23)۔پگڑی کے بل پر اور فاضل کپڑے پر سجدے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(24)۔دونوں بازوؤں کو سجدے میں کیسے رکھے؟

سوال:(25)۔سجدہ میں ران کو پیٹ سے قریب رکھے یا دور؟

سوال:(26)۔پاوں کی انگلیوں کا رخ کس طرف رکھے؟

سوال:(27)۔سجدہ کی تسبیحات کیا ہیں؟

سوال:(28)۔عورت کے لیے سجدہ کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(29)۔سجدہ سے اٹھ کر دوسرے سجدہ میں جانے کا طریقہ، جلسہ کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(30)۔سجدہ سے قیام کی طرف جانے کا طریقہ؟

سوال:(31)۔دوسری رکعت مکمل کرنے کی کیفیت کیا ہے؟

سوال:(32)۔رفع یدین کا حکم اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(33)۔قعدہ میں بیٹھنے کی ہیئت کیا ہے؟

سوال:(34)۔حضرت عبد اللہ ابن مسعود کا تشہد کیا ہے؟

سوال:(35)۔قعدۂ اولی میں کہاں تک پڑھے؟؟

سوال:(36)۔آخری دو رکعتوں کے پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(37)۔کیا قعدہ آخیرہ قعدہ اولیٰ کے مانند ہے؟

سوال:(38)۔تشہد کی شرعی حیثیت اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(39)۔ماثورہ اور منقولہ دعاؤں کے پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(40)۔کیا لوگوں کے مشابہ دعائیں کرسکتا ہے؟
سوال:(41)۔دائیں بائیں سلام پھیرتے وقت کس کی نیت کرے؟
سوال:(42)۔مقتدی سلام میں امام کی نیت کرے گا یا نہیں؟
سوال:(43)۔منفرد سلام میں کس کی نیت کرے؟
سوال:(44)۔امام سلام میں کس کس کی نیت کرے؟

## فصل فی القراءۃ

سوال:(1)۔جہری قراءت کن نمازوں میں ہوگی،نیز مقتدی کے لیے جہری کا کیا حکم ہے؟
سوال:(2)۔سری قراءت کن نمازوں میں ہوگی،نیز امام مالک کا موقف بیان کریں؟
سوال:(3)۔امام جمعہ اور عیدین میں کیسی قراءت کرے،نیز دن اور رات کے نوافل میں جہر کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔جہری نماز کی قضا میں قراءت کیسی ہوگی؟
سوال:(5)۔عشاء کی پہلی دو رکعت میں سورت ملائی فاتحہ نہیں پڑھی یا فاتحہ پڑھی اور سورت ساتھ نہیں ملائی تو اس کے لیے کیا ہے؟
سوال:(6)۔جہر اور اخفاء کی تعریف کیا ہے؟
سوال:(7)۔کم سے کم قراءت کی وہ مقدار کیا ہے جس سے نماز درست ہوجائے اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔حالت سفر کی نماز میں قرات کا حکم کیا ہے؟
سوال:(9)۔حالت حضر میں فجر کی نماز میں قرات کی مقدار کیا ہے؟
سوال:(10)۔ظہر کی نماز میں قرات کی مقدار کیا ہے؟
سوال:(11)۔عصر اور عشاء میں کس طرح کی سورتوں اور مغرب میں کس طرح کی سورتوں کی قرات ہوگی؟
سوال:(12)۔فجر کی پہلی رکعت میں قراءت لمبی ہو یا دوسری رکعت میں؟
سوال:(13)۔ظہر کی دو رکتیں برابر ہوں یا کم زیادہ اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(14)۔قراءت کے لیے سورۃ معین کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(15)۔قراءت خلف الامام کی شرعی حیثیت اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(16)۔امام کی قراءت کے وقت مقتدی کے لیے کیا حکم ہے؟

باب الامامة

سوال:(1)۔جماعت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
سوال:(2)۔منصب امامت کا سب سے زیادہ حقدار کون ہے؟
سوال:(3)۔اعلم بالسنة میں سب برابر ہوں تو مستحق امامت کون ہے؟
سوال:(4)۔علم اور قراءت میں سب برابر ہوں تو مستحق امامت کون ہے؟
سوال:(5)۔علم قراءت، تقویٰ میں سب برابر ہوں تو مستحق کون ہے؟
سوال:(6)۔غلام، دیہاتی، فاسق اور نابینے کی امامت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(7)۔امامت کے لیے کن امور کی رعایت کا خیال رکھنا ضروری ہے؟
سوال:(8)۔عورتوں کی تنہا جماعت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔ایک مقتدی ہو تو امام کے کس جانب کھڑا ہو؟
سوال:(10)۔دو مقتدی ہوں تو کہاں کھڑے ہوں؟
سوال:(11)۔مردوں کے لیے عورت اور بچے کی امامت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(12)۔صفوں کی ترتیب کیسے ہو؟
سوال:(13)۔مسئلہ محاذات کو تفصیل سے بیان کریں؟
سوال:(14)۔عورتوں کے لیے جماعت کی نماز میں شرکت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(15)۔بوڑھی عورتوں کے لیے جماعت میں شرکت کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(16)۔طاہرہ کے لیے مستحاضہ کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟
سوال:(17)۔قاری کے لیے امی اور کپڑے پہننے والے کے لیے ننگے کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟
سوال:(18)۔وضو کرنے والوں کے لیے تیمم کرنے والے کی اقتدا کا کیا حکم ہے، اقوال فقہاء کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(19)۔غاسلین کے لیے ماسح کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟
سوال:(20)۔قائم کے لیے قاعد کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟
سوال:(21)۔امی کے لیے امی کی اقتدا کا کیا حکم ہے؟

سوال:(22)۔راکع اور ساجد کے لیے مئومی (اشارے سے پڑھنے والے) کی اقتدا کا کیا ہے ؟
سوال:(23)۔، مفترض کے لیے متنفل کی اقتدا کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(24)۔ایک فرض والے کے لیے دوسرے فرض والے کے پیچھے نماز کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(25)۔متنفل کے لیے مفترض کی اقتداء کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(26)۔ایک شخص نے امام کی اقتدا کی پھر معلوم ہوا امام محدث ہے تو اس کے لیے کیا حکم ہے ؟
سوال:(27)۔قراء اور امیوں کے لیے امی کی اقتدا کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(28)۔قاری اور امی کے لیے الگ الگ نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(29)۔امام نے دو رکعتیں پڑھائیں پھر آخری دو رکعتوں میں امی کو مقدم کیا تو کیا حکم ہے ؟

## باب الحدث فی الصلاۃ

سوال:(1)۔امام کو نماز میں حدث لاحق ہو جائے تو کیا کرے ؟
سوال:،(2)۔بناء کا حکم کیا ہے ؟استیناف افضل ہے یا نہیں ؟
سوال:(3)۔منفرد کو نماز میں حدث ہو جائے تو کیسے مکمل کرے ؟
سوال:(4)۔وہ شخص جس نے بحالت نماز گمان کیا کہ وہ محدث ہو گیا ہے وہ اپنی جگہ سے پھر گیا پھر معلوم ہوا کہ وہ محدث نہیں ہے تو اس کے لیے کیا حکم ہے ؟
سوال:(5)۔امام نے حدث گمان کر کے کسی کو خلیفہ بنادیا پھر ظاہر ہوا کہ حدث نہیں تھا تو اس کی نماز کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(6)۔مصلی دوران نماز مجنون یا محتلم یا مد ہوش ہو گیا تو نماز کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(7)۔امام قراءت سے عاجز ہو گیا اس حالت میں دوسرے کو اس نے آگے بڑھادیا خلیفہ بنانے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں ؟
سوال:(8)۔امام فرض قرات کرنے کے بعد عاجز آجائے تو خلیفہ کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(9)۔تشہد کے بعد حدث لاحق ہو جائے تو نماز کیسے مکمل کرے ؟
سوال:(10)۔تشہد کے بعد عمدا حدث لاحق کیا یا کلام کیا یا منافی صلوۃ عمل کیا تو کیا نماز مکمل ہو جائے گی ؟
سوال:(11)۔تیمم کرنے والا نماز میں اگر پانی دیکھ لے تو کیا حکم ہے ؟
سوال:(12)۔مسائل اثنا عشر کیا ہیں ؟

سوال:(13)۔امام کو نماز میں حدث لاحق ہو تو مسبوق کو خلیفہ بنانا کیسا ہے اور مدرک کو بنانا کیسا ہے؟

سوال:(14)۔مسبوق خلیفہ بن جائے تو نماز مکمل کہاں سے کرائے؟

سوال:(15)۔امام کو حدث لاحق نہیں ہوا اور قدر تشہد بیٹھنے کے بعد قہقہہ لگایا یا عمداً حدث لاحق کیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال:(16)۔رکوع اور سجود میں جس کو حدث لاحق ہو جائے تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال:(17)۔امام کو رکوع یا سجدہ میں حدث لاحق ہو جائے اس نے خلیفہ بنایا تو خلیفہ کیا کرے؟

سوال:(18)۔نمازی کو رکوع یا سجدہ میں یاد آیا کہ اس پر رکوع یا سجدہ باقی ہے تو اس کے لیے کیا حکم ہے؟

سوال:(19)۔ایک ہی شخص کی امامت کر رہا تھا اور اسے حدث لاحق ہوا اور مسجد سے نکل گیا تو اب امام کون ہے خواہ امام اول نے خلیفہ بنانے کی نیت کی ہو یا نہ کی ہو؟

# درجہ خامسہ ششماہی ثانی

## باب مایفسد الصلاۃ ومایکرہ فیھا

سوال:(1)۔نماز میں کلام کرنے سے خواہ عمداً ہو یا نسیاناً نماز باطل ہوگی یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(2)۔نماز میں کراہنا اور رونا خواہ خشیت سے ہو یا تکلیف سے اور درد سے مفسد صلوۃ ہے یا نہیں؟

سوال:(3)۔نماز میں کھانسنا عذر سے ہو یا بغیر عذر کے اسی طرح چھینکنے اور ڈکار لینے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(4)۔نماز میں چھینک کا جواب دینا کیسا ہے؟

سوال:(5)۔نمازی کا اپنے امام کے علاوہ کو لقمہ دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(6)۔لقمہ دینے میں جلدی بازی سے کام لیا اور امام دوسری آیت کی طرف منتقل ہو گیا تو لقمہ دینے والے کی نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔نماز میں کسی کو لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے ساتھ جواب دینے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(8)۔اگر دوسرے کو نماز میں ہونے پر خبر دار کرنے کے لیے کلمہ یا آیت پڑھی تو نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال:(9)۔ظہر کی ایک رکعت پڑھنے کے بعد عصر یا نفل میں شروع ہوا تو ظہر کی نماز کا کیا حکم ہے؟

سوال:(10)۔ظہر کی ایک رکعت پڑھنے کے بعد دوبارہ ظہر میں شروع ہوا تو پہلی پڑھی ہوئی رکعت کا شمار ہوگا یا نہیں؟

سوال:(11)۔نماز میں مصحف کو دیکھ کر پڑھنا مفسد صلوۃ ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(12)۔نماز میں مکتوب چیز کی طرف دیکھ کر اسے سمجھ لیا تو یہ فاسد ہے یا نہیں ؟

سوال:(13)۔عورت کا نمازی کے سامنے سے گزرنا مفسد صلوۃ ہے یا نہیں ؟

سوال:(14)۔صحرا(میدان)میں نماز پڑھنے والے کے لیے سترہ قائم کرنا کیسا ہے ؟

سوال:(15)۔نمازی سترہ کہاں گاڑھے ،اور سترہ لگانے کا طریقہ ہے ؟

سوال:(16)۔کیا امام کا سترہ سب مقتدیوں کے لیے کافی ہوگا؟

سوال:(17)۔سترہ گاڑھنے کا اعتبار ہے یا ڈال دینا اور خط کھینچنا کافی ہوگا؟

سوال:(18)۔نمازی سترہ کی عدم موجودگی میں گزرنے والے کو کیا کریں؟

## مکروہات نماز

سوال:(1)۔نماز میں کپڑے ،بدن سے کھیلنا کیسا ہے ؟

سوال:(2)۔کنکریوں کو پلٹنے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(3).نماز میں انگلیاں چٹخانا اور کھوکھوں پر ہاتھ رکھنا کیسا ہے ؟

سوال:(4)۔گردن موڑ کر دائیں بائیں التفات کرنا کیسا ہے ؟

سوال:(5)۔کتے کی طرح بیٹھنا اور بازوں کو زمین پر بچھا دینا کیسا ہے ؟

سوال:(6)۔نماز میں سلام کا جواب دینے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(7)۔نماز میں چار زانو بیٹھنے اور بالوں کو گوندھنے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(8)۔نماز میں کپڑے کو سمیٹنا اور سدل کرنا کیسا ہے ؟

سوال:(9)۔نماز میں جان بوجھ کر یا بھول کر کھانا پینا کیسا ہے؟
سوال:(10)۔امام کا مسجد میں کھڑا ہونا اور سجدہ محراب میں کرنا کیسا ہے مکمل محراب میں کھڑا ہونا کیسا ہے؟
سوال:(11)۔بیٹھ کر باتیں کرنے والے کی پیٹھ کی طرف رخ کرکے نماز پڑھنا کیسا ہے؟
سوال:(12)۔نمازی کے سامنے مصحف یا تلوار لٹکی ہوئی تو کوئی حرج ہے یا نہیں؟
سوال:(13)۔تصویر والے بچھونے پر نماز پڑھنا کیسا ہے؟
سوال:(14)۔نمازی کے سر کے اوپر چھت میں یا سامنے یا دائیں بائیں تصویریں ہوں تو کیسا حکم ہے؟
سوال:(15)۔سر کٹی یا سر مٹی،تصویر کے حکم میں ہے یا نہیں؟
سوال:(16)۔نماز تصویر والے تکیے یا بچھونے پر ہو تو نماز کیسی ہے؟
سوال:(17)۔تصویر والے لباس میں نماز کیسی ہے؟
سوال:(18)۔غیر ذی روح کی تصاویر کا کیا حکم ہے؟
سوال:(19)۔دوران نماز موذی جانوروں کے مارنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(20)۔نماز میں آیات اور تسبیحات کا شمار کرنا کیسا ہے؟
سوال:(21)۔بیت الخلا میں فرج کے ساتھ استقبال قبلہ اور استدبار قبلہ کیسا ہے؟
سوال:(22)۔مسجد کی چھت پر وطی،پیشاب پاخانہ کرنا کیسا ہے؟
سوال:(23)۔گھر کی مسجد کی چھت پر پیشاب کرنا کیسا ہے؟
سوال:(24)۔مسجد کا دروازہ بند کرنا کیسا ہے؟
سوال:(25)۔مسجد کو چونے،لکڑی،سونے کے پانی کے ساتھ منقش کرنے کا کیا حکم ہے؟

## باب صلوۃ الوتر

سوال:(1)۔وتر کی شرعی حیثیت اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(2)۔وتر کی تین رکعتیں کتنے سلام سے پڑھی جائیں؟
سوال:(3).قنوت وتر کب پڑھی جائے رکوع سے پہلے یا بعد میں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(4)۔قنوتِ وتر پورا سال پڑھی جائے گی امام شافعی کا کیا موقف ہے؟

سوال:(5)۔ کیا وتر کی ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ اور سورۃ پڑھی جائے گی؟
سوال:(6)۔قنوت پڑھنے کا طریقہ؟
سوال:(7)۔وتر کے علاوہ قنوت کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔قنوت نازلہ کونسی نماز میں پڑھی جائے گی اور مقتدی کے لیے قنوت پڑھنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## باب النوافل

سوال:(1)۔دن اور رات کے نوافل کی تعداد رکعات کیا ہے؟
سوال:(2)۔فرائض میں قراءت کا کیا حکم ہے امام شافعی کا کیا نقطہ نظر ہے؟
سوال:(3).فرائض کی آخری دو رکعتوں میں قراءت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔نوافل میں قراءت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(5)۔نفل شروع کرنے کے بعد فاسد کرنے سے کیا حکم ہے؟
سوال:(6)۔نوافل کی چار رکعتیں پڑھنا شروع کیں پہلی دو میں قراءت کی اور قعدہ اولی بھی کیا پھر آخری دو رکعتوں کو فاسد کر دیا تو کتنی رکعتوں کی قضا لازم ہے؟
سوال:(7)۔چار رکعتیں پڑھیں اور کسی میں بھی قراءت نہیں کی تو کتنی رکعتوں کا اعادہ لازم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔پہلی دو رکعتوں میں قراءت کی آخری دو میں قراءت نہیں کی تو اب آخری میں کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔آخری دو رکعتوں میں قراءت کی پہلی دو میں نہیں کی تو کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔پہلی دو اور آخری دو میں سے ایک میں قراءت کی اسی طرح آخری دو اور پہلی میں سے ایک میں قراءت کی اور پہلی دو میں سے ایک میں اور آخری دو میں سے ایک میں قراءت کی تو کتنی رکعتوں کی قضا لازم ہے؟
سوال:(11)۔پہلی رکعت کے علاوہ کسی رکعت میں قراءت نہیں کی کتنی رکعتوں کی قضا لازم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(12)۔قدرت علی القیام کے باوجود بیٹھ کر نفل پڑھنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(13)۔کھڑے ہو کر نفل شروع کیے پھر بغیر عذر کے بیٹھ کر مکمل کرنے کا حکم، اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(14)۔شہر سے باہر چوپائے پر نفل پڑھنے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(15)۔سواری پر نفل شروع کیے پھر اتر کر اسی پر بنا کرنے کا حکم اسی طرح اتر کر ایک رکعت پڑھی پھر سوار ہو گیا تو نماز کا کیا حکم ہے؟

## فصل فی قیام رمضان

سوال:(1)۔نماز تراویح کے لیے اجتماع کیسا ہے؟ نماز تراویح کی رکعات کتنی ہے؟
سوال:(2)۔تراویح کی جماعت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
سوال:(3). غیر رمضان میں وتر کی جماعت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔سنت پڑھنے کے دوران فرائض کی جماعت شروع ہو جائے تو نماز کے لیے کیا حکم ہے؟
سوال:(5)۔تین رکعتیں پڑھ چکا تھا پھر جماعت کھڑی ہو گئی تو کیا کرے؟
سوال:(6)۔فجر کی سنت ایک رکعت پڑھی پھر جماعت کھڑی ہو گئی تو کیا حکم ہے؟
سوال:(7)۔اذان کے بعد مسجد سے نکلنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔اذان ہونے کے بعد ظہر اور عشا کی نماز پڑھ چکا تھا تو مسجد سے نکل سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(9)۔فجر کی نماز میں دورانِ جماعت سنت فجر پڑھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔فجر کی سنتیں فوت ہو جائیں تو کب پڑھے؟
سوال:(11)۔ظہر کی جماعت سے ایک رکعت پالی اسے ظہر کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھنے والا شمار کریں گے یا نہیں؟
سوال:(12)۔جس مسجد میں فرض نماز ہو چکی ہو پھر کوئی آیا وہ نوافل فرائض سے پہلے پڑھ سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(13)۔جو امام کو رکوع میں نہ پاسکا اس کو رکعت پانے والا شمار کریں گے یا نہیں؟
سوال:(14)۔اگر امام کو رکوع میں پالیا تو رکعت پانے والا شمار ہو گا یا نہیں؟

## باب قضاء الفوائت

سوال:(1)۔فوت شدہ نمازوں کو قضا کرنے کا وقت کیا ہے ؟
سوال:(2)۔فوت شدہ اور وقتی نمازوں میں ترتیب کیا ہے ؟
سوال:(3)۔تنگئ وقت کے باوجود فوت شدہ نماز کو مقدم کر لیا تو کیا حکم ہے ؟
سوال:(4)۔فوت شدہ نمازوں میں ترتیب کا حکم کیا ہے ؟
سوال:(5)۔فوت شدہ نمازیں قدیمہ اور حدیثہ ہیں ان کی ادائیگی کا طریقہ کیا ہے ؟
سوال:(6)۔قضا کرنے سے فوت شدہ نمازیں کم ہو جائیں تو ترتیب لوٹے گی یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(7)۔ظہر کی نماز نہ پڑھنا یاد ہونے کے باوجود عصر کی نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔عصر کی نماز فساد پر موقوف ہوگی اس کا مطلب کیا ہے ؟
سوال:(9)۔وتر پڑھے بغیر فجر کی نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے ؟

## باب سجود السھو

سوال:(1)۔سجدہ سہو کب واجب ہوتا ہے اور ادائیگی کا طریقہ کیا ہے ؟
سوال:(2)۔سجدہ سہو کس زیادتی سے لازم آتا ہے ؟
سوال:(3)۔فعل مسنون کے چھوڑنے سے سجدہ سہو ہوتا ہے تو اس کا مصداق کیا ہے ؟
سوال:(4)۔سورہ فاتحہ،قنوت اور تکبیرات عیدین میں سے کس کے چھوڑنے سے سجدہ سہو واجب ہوتا ہے ؟
سوال:(5)۔جہری نماز میں سرًّا اور سری نماز میں جہرًا قراءت سے سجدہ سہو ہوگا یا نہیں ؟
سوال:(6)۔امام کے بھولنے سے سجدہ سہو صرف امام پر ہوگا یا مقتدی پر بھی ہوگا؟
سوال:(7)۔مقتدی کی بھول سے امام اور مقتدی دونوں پر سجدہ سہو ہوگا یا نہیں ؟
سوال:(8)۔قعدہ اولی بھول گیا پھر یاد آیا اگر بیٹھنے کے قریب ہے تو بیٹھ جائے،نیز سجدہ سہو کرے گا یا نہیں ؟
سوال:(9)۔اگر کھڑا ہونے کے قریب ہے تو کیا کرے،نیز اب سجدہ سہو کرے گا یا نہیں ؟

سوال:(10)۔قعدہ اخیرہ بھول کر پانچویں رکعت کا سجدہ بھی کر لیا تو فرض ہوگیے یا باطل ہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(11)۔چھٹی رکعت ملانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(12)۔قعدہ اخیرہ مقدار تشہد تک بیٹھا پھر سلام پھیرے بغیر پانچویں رکعت کے لیے کھڑا ہو گیا تو اب کیا کرے؟

سوال:(13)۔اگر اس نے پانچویں رکعت کا سجدہ کر لیا تو اب کیا کرے؟

سوال:(14)۔چھٹی رکعت ملانے کے بعد سجدہ سہو کرے گا یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(15)۔نفل کی دو رکعتیں پڑھیں ان میں بھولا اور سجدہ سہو بھی کر لیا دو اور رکعتوں کی بنا پہلی پر کر سکتا ہے یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(16)۔امام نے سلام پھیرا اور اس پر سجدہ سہو تھا مقتدی نے سلام کے بعد امام کی اقتدا کی تو کس وقت مقتدی کی اقتدا شمار ہوگی یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(17)۔نماز کو ختم کرنے کے لیے سلام پھیرا، تو سجدہ سہو کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(18)۔جس شخص کو نماز میں شک ہو گیا اور معلوم نہیں کہ تین رکعتیں پڑھی ہیں یا چار تو کیا حکم ہے؟

سوال:(19)۔اگر سہو بار بار ہوتا ہو تو پھر کیا کرے؟

## باب صلوۃ المریض

سوال:(1)۔قیام پر قادر نہ ہو تو نماز کس طرح پڑھے؟

سوال:(2)۔رکوع اور سجدہ کی طاقت نہ ہو تو کس طرح ادا کرے؟

سوال:(3).بیٹھنے کی قدرت نہ ہو تو کس طرح نماز پڑھے اور طریقہ کیا ہوگا؟

سوال:(4)۔لیٹ کر پہلو کے بل نماز پڑھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(5)۔سر کے اشارے سے عاجز ہو تو نماز کب تک مؤخر کرے گا؟

سوال:(6)۔قیام پر قادر ہو رکوع اور سجدہ پر قادر نہ ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔تندرست نے نماز کھڑے ہو کر شروع کی پھر مرض لاحق ہو گیا تو کیا کرے؟

سوال:(8)۔حالت مرض میں بیٹھ کر نماز پڑھی اور رکوع سجدہ اشارہ سے کیا پھر تندرست ہو گیا کھڑے ہوکر پہلی نماز پر بنا کر سکتا ہے یا نہیں،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(9)۔نفل کھڑے ہوکر شروع کیے پھر ٹیک لگائی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(10)۔بغیر عذر کے بیٹھ کر نماز پڑھنا کیسا ہے؟

سوال:(11)۔کشتی میں بغیر عذر کے بیٹھ کر نماز پڑھنے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(12)۔پانچ یا پانچ سے کم نمازوں میں بے ہوشی طاری رہی تو معاف ہیں یا قضا کرنا ہو گا اگر بے ہوشی زیادہ طاری رہی تو کیا حکم ہے؟

## باب فی سجدۃ التلاوۃ

سوال:(1)۔قرآن کریم میں کل کتنے سجدے ہیں اور کون کون سی سورت میں ہیں؟

سوال:(2)۔صاحب ہدایہ نے ان چودہ مواضع سجدہ پر کس سے استدلال کیا ہے؟

سوال:(3).ان تمام مواضع میں قاری اور سامع دونوں پر سجدہ تلاوت ہے یا صرف قاری پر؟

سوال:(4)۔امام نے آیت سجدہ تلاوت کی تو امام و متقدی پر سجدہ تلاوت واجب ہے اگر مقتدی نے آیت سجدہ تلاوت کی تو سجدہ کا کیا حکم ہے؟

سوال:(5)۔نماز سے باہر آیت سجدہ سننے والے پر کیا حکم ہے؟

سوال:(6)۔نماز میں کسی تیسرے شخص سے سجدہ تلاوت کی آیت سنی جو ان کے ساتھ نماز میں نہیں ہے نماز میں یا نماز کے بعد سجدہ کریں گے یا نہیں؟

سوال:(7)۔نماز میں سجدہ کر لیا تو یہ سجدہ کافی ہو گا یا نہیں؟

سوال:(8)۔سجدہ کا اعادہ کریں گے یا نماز کا؟

سوال:(9)۔امام نے آیت سجدہ کی تلاوت کی اور ایسے شخص نے سنی جو نماز میں نہیں تھا امام کے سجدہ کر لینے کے بعد نماز میں داخل ہوا تو اس پر سجدہ ہو گا یا نہیں؟

سوال:(10)۔ہر وہ سجدہ جو نماز میں واجب ہوا غیر نماز میں ادا کرنے سے کافی ہو گا یا نہیں؟

سوال:(11)۔آیت سجدہ کی تلاوت کی اور سجدہ نہیں کیا پھر نماز میں داخل ہوکر دوبارہ وہی آیت پڑھی اور سجدہ کیا تو یہ سجدہ دونوں تلاوتوں کے لیے کافی ہو گا یا الگ الگ کرنا ہو گا؟

سوال:(12)۔آیت سجدہ کی تلاوت کی پھر سجدہ کیا نماز میں دوبارہ آیت سجدہ کی تلاوت کی اب پہلے والا سجدہ کافی ہو گا یا نہیں؟

سوال:(13)۔ایک مجلس میں کئی بار آیت سجدہ کی تلاوت کی تو کتنے سجدہ کرنے ہوں گے ؟
سوال:(14)۔سامع کی مجلس بدل گئی تلاوت کرنے والے کی مجلس نہیں بدلی تو دونوں میں سے کس پر مکرر سجدہ ہے ؟
سوال:(15)۔سجدہ کرنے کا طریقہ کیا ہے ؟
سوال:(16)۔نماز یا غیر نماز میں سورۃ پڑھنے کے دوران آیت سجدہ چھوڑنا کیسا ہے ؟

## باب صلوۃ المسافر

سوال:(1)۔سفر شرعی کی مسافت کیا ہے ؟
سوال:(2)۔چلنے میں کس طرح کی رفتار کا اعتبار ہے ؟
سوال:(3).دریا میں خشکی کی رفتار معتبر ہے یانہیں ؟
سوال:(4)۔قصر نماز کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟
سوال:(5)۔اگر قصر کے بجائے اتمام کیا تو کیا حکم ہے ؟
سوال:(6)۔قصر نماز کہاں سے شروع کرے ؟
سوال:(7)۔مقیم بننے کے لیے کتنے دن کی اقامت کی نیت ضروری ہے ؟
سوال:(8)۔ایک شہر سے کل آج نکلنے کا ارادہ کیا لیکن دوسال تک ٹھہرا رہا تو قصر پڑھے گا یا پوری؟
سوال:(9)۔لشکر کی دار الحرب میں اقامت کی نیت معتبر ہے یانہیں ؟
سوال:(10)۔دار الاسلام میں اسلامی لشکر نے باغیوں پر حملہ کیا اور اقامت کی نیت کی تو ان کی نیت معتبر ہوگی یانہیں ؟
سوال:(11)۔مسافر کے لیے مقیم کی اقتداء کا کیا حکم ہے ؟
سوال:(12)۔مسافر کے لیے فوت شدہ نماز کی اقتدا کا حکم کیا ہے ؟
سوال:(13)۔مسافر، مقیمین کا امام بن سکتا ہے یانہیں ؟
سوال:(14)۔مسافر امام کے لیے کیا الفاظ کہنا مستحب ہے ؟
سوال:(15)۔مسافر شہر میں داخل ہوجائے تو اب نماز پوری پڑھے گا یا قصر؟
سوال:(16)۔وطن اقامت وطن اقامت سے باطل ہوتا ہے یانہیں ؟
سوال:(17)۔ کیا مسافر کے لیے دو شہروں میں اقامت کی نیت کا اعتبار ہوگا یانہیں ؟

سوال:(18)۔ سفر کی نماز حضر میں اور حضر کی نماز سفر میں کس طرح پڑھی جائے گی؟
سوال:(19)۔ سفر کی رخصت مطیع اور عاصی دونوں کے لیے ہے یا ایک کے لیے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## باب صلوۃ الجمعۃ

سوال:(1)۔ شرائط صحت جمعہ کیا ہیں؟
سوال:(2)۔ منی میں جمعہ کا حکم کیا ہے؟
سوال:(3). شرائط صحت جمعہ میں سے پہلی، دوسری اور تیسری شرط کیا ہے؟
سوال:(4)۔ کھڑے ہوکر خطبہ دینے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(5)۔ خطبہ میں ذکر پر اکتفاء جائز ہے یا نہیں، اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(6)۔ شرائط جمعہ میں سے چوتھی شرط کیا ہے؟
سوال:(7)۔ امام کے رکوع اور سجدہ سے پہلے لوگ چل دیئے اور صرف عورتیں اور بچے رہ گئے تو ظہر کی نماز کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(8)۔ کن افراد پر جمعہ فرض نہیں ہے؟
سوال:(9)۔ جن پر جمعہ فرض نہیں اگر انہوں نے جمعہ پڑھا تو فرض ادا ہو گا یا نہیں؟
سوال:(10)۔ کون کون جمعہ کی امامت کرا سکتا ہے؟
سوال:(11)۔ کسی نے جمعہ کے دن ظہر کی نماز امام سے پہلے پڑھ لی اور کوئی عذر مانع بھی نہیں تھا تو ایسا کرنا کیسا ہے آیا ظہر کی نماز ہوئی یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(12)۔ ظہر پڑھنے والا جمعہ کی طرف چل پڑے تو ظہر باطل ہو جائے گی یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(13)۔ معذورین کے لیے جمعہ کے دن میں ظہر کی نماز جماعت سے پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(14)۔ جس نے امام کو جمعہ کی جتنی نماز میں پالیا تو وہ کیا کرے؟
سوال:(15)۔ اگر امام کو تشہد یا سجدہ سہو میں پایا تو جمعہ کی بنا درست ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(16)۔امام جب خطبہ کے لیے نکلے تو لوگ نماز اور کلام ترک کردیں گے یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(17)۔بیع وشرا اذان اول پر ختم کریں یا ثانی پر؟

## باب العیدین

سوال:(1)۔عیدالفطر مقرر ہونے کا راز کیاہے؟
سوال:(2)۔عید قربان کے مقرر ہونے کی وجہ کیاہے؟
سوال:(3).نماز عید کی شرعی حیثیت کیاہے؟
سوال:(4)۔عیدین میں مسنون اعمال کونسے ہیں؟
سوال:(5)۔صدقہ الفطر کی ادائیگی کاوقت کیاہے؟
سوال:(6)۔عیدگاہ میں عید کی نماز سے پہلے نفل پڑھنے کاحکم کیاہے؟
سوال:(7)۔نماز کاوقت کیاہے؟
سوال:(8)۔عید کی نماز کاطریقہ کیاہے؟
سوال:(9)۔تکبیرات عیدین میں رفع الیدین کاحکم کیاہے؟
سوال:(10)۔نماز کے بعد عیدین کے کتنے خطبے دیئے جائیں؟
سوال:(11)۔منفرد کے لیے عید کی نماز قضاکرنے کاحکم کیاہے؟
سوال:(12)۔عیدالاضحی کے مستحبات کون کونسے ہیں؟
سوال:(13).راستہ میں جہراً تکبیر کہنے کاحکم کیاہے؟
سوال:(14)۔کسی مانع کی وجہ سے پہلے دن عید نہیں پڑھی توکیا بعد میں پڑھ سکتے ہیں؟
سوال:(15)۔اہل عرفہ کے ساتھ مشابہت کاحکم کیاہے؟

## فصل فی تکبیرات التشریق

سوال:(1)۔تکبیرات تشریق کاآغاز کب ہوگا اور اختتام کب ہوگا؟
سوال:(2)۔تکبیر تشریق کہنے کاوقت ہے؟

## باب صلوۃ الکسوف

سوال:(1)۔سورج گرہن کی نماز کا حکم کیا ہے؟
سوال:(2)۔لمبی اور سرّاً قراءت کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(3).نماز کے بعد دعا کا حکم ہے؟
سوال:(4)۔کیا امام جمعہ ہی صلوۃ الکسوف کی امامت کرے گا؟
سوال:(5)۔چاند گرہن میں جماعت کا حکم کیا ہے؟

## باب الاستسقاء

سوال:(1)۔نماز استسقاء کی جماعت کا حکم کیا ہے؟
سوال:(2)۔نماز استسقاء میں صاحبین کا کیا اختلاف ہے؟
سوال:(3).جہراً قراءت کا حکم کیا ہے؟
سوال:(4)۔نماز استسقاء میں خطبہ کا حکم کیا ہے؟
سوال:(5)۔قبلہ رخ ہو کر دعا کرنے کا حکم کیا ہے؟

## باب صلوۃ الخوف

سوال:(1)۔صلوۃ الخوف پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(2)۔امام مقیم ہو تو نماز کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(3).حالت نماز میں قتال کا حکم کیا ہے؟
سوال:(4)۔سواری پر نماز پڑھنے کا حکم کیا ہے؟

## باب الجنائز

سوال(1)۔میت پر نماز جنازہ پڑھنے کی وجہ کیا ہے؟
سوال(2)۔نماز جنازہ کے فرض علی الکفایہ ہونے کا راز کیا ہے؟
سوال(3).قریب المرگ کو کس ہیئت پر لٹایا جائے؟

## فصل فی الغسل

سوال:(1)۔میت کوغسل دینے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(2)۔اعضا سجدہ پر خوشبو لگانے کا حکم،میت کو کنگھی کرنے،ناخن اور بال کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی التکفین

سوال:(1)۔مردے کے لیے مسنون کفن کیا ہے؟
سوال:(2)۔دو کپڑوں پر اکتفا کرنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(3).کفن لپیٹنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(4)۔عورت کا مسنون کفن کیا ہے؟
سوال:(5)۔کفن پہنانے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(6)۔کفن کو خوشبو لگانے کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی الصلوۃ علی المیت

سوال:(1)۔میت کی نماز جنازہ پڑھانے کا حقدار کون ہے؟
سوال:(2)۔غیرولی نے نماز جنازہ پڑھائی تو ولی اعادہ کر سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(3).جس میت پر نماز جنازہ نہ پڑھی گئی ہو قبر پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(4)۔نماز پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(5)۔امام میت کے کہاں کھڑا ہو؟
سوال:(6)۔سواری پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(7)۔نماز جنازہ کے لیے ولی سے اجازت لینے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔مسجد میں نماز جنازہ پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(9)۔جس بچہ کی پیدائش کے بعد آثار حیات نمایاں ہوں تو کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔کوئی بچہ اپنے والدین کے ساتھ قید ہو گیا،پھر مر گیا تو نماز جنازہ کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی حمل الجنازة

سوال:(1)۔جنازہ اٹھانے کا بیان، جنازہ اٹھانے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(2)۔قبر میں رکھنے سے پہلے بیٹھنے کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی الدفن

سوال:(1)۔قبر لحد بنائی جائے یا شق؟
سوال:(2)۔قبر میں رکھنے والا کونسی دعا پڑھے اور کیا عمل کرے؟
سوال:(3). قبر میں پکی اینٹ لکڑی لگانے کا حکم کیا ہے؟

## باب الشهيد

سوال:(1)۔حربیوں، باغیوں اور ڈاکوئں کے ہاتھوں قتل ہونے والے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(2)۔جنبی شہید کو غسل دینے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(3). شہید سے خون پونچھنے اور کپڑے اتارنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔ارتثات کی تعریف کیا ہے؟
سوال:(5)۔شہر میں پائے جانے والے مقتول کے غسل کا حکم کیا ہے؟
سوال:(6)۔حد اور قصاص میں قتل ہونے والے غسل دینے اور اس پر نماز جنازہ پڑھنے کا حکم کیا ہے؟

## باب الصلوة فی الكعبة

سوال:(1)۔کعبہ میں فرائض و نوافل ادا کرنے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(2)۔کعبہ میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(3). مسجد حرام میں جماعت کے ساتھ نماز پڑھنے کا طریقہ کیا ہے؟
سوال:(4)۔کعبۃ اللہ کی چھت پر نماز پڑھنے کا حکم امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

# کتاب الزکات

سوال:(1)۔وجوب زکات کی حکمت کیا ہے؟
سوال:(2)۔شرائط وجوب زکات کیا ہیں؟
سوال:(3). کن لوگوں پر زکات واجب نہیں، اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(4)۔مکاتب پر زکات کا کیا حکم ہے؟
سوال:(5)۔مقروض پر زکات کا کیا حکم ہے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(6)۔مدیون کے پاس مال اس کے قرض سے زائد ہو تو زائد کی زکات کا کیا حکم ہے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(7)۔جو سامان حاجت اصلی میں شامل ہو اس پر زکات ہوگی یا نہیں حاجت اصلی کی تعریف کیا ہے؟
سوال:(8)۔جس شخص کا دوسرے پر قرض ہو اور مدیون نے کئی برس کے قرضہ کا انکار کر دیا پھر اس پر بینہ قائم ہو گئے گزرے ہوئے ایام کی زکات کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔باندی تجارت کی نیت سے خریدی پھر خدمت کی نیت کرلی تو زکات کا کیا حکم ہے؟
سوال:(10)۔تجارت کی نیت سے کوئی چیز خریدی وہ تجارت کے لیے ہوگی، اگر کسی کو میراث میں کوئی چیز ملی اس نے تجارت کی نیت کی اس کا کیا حکم ہے؟
سوال:(11)۔ادائیگی زکات کے لیے کیا کیا شرط ہے؟
سوال:(12)۔کل مال بغیر نیت زکات کے صدقہ کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(13)۔نصاب کا بعض حصہ صدقہ کر دیا تو زکات لازم ہے یا نہیں؟

## فصل فی البقر

سوال:(1)۔گائے کی زکات، گائے کا نصاب و مقدار زکات، تبیعہ، مسن و مسنہ کی تعریف بیان کریں؟
سوال:(2)۔چالیس سے ساٹھ کی مقدار میں زکات ہے یا نہیں، گائے اور بھینس کا حکم کیا ہے؟

## فصل فی الغنم

سوال:(1)۔بکریوں کی زکات، بکریوں کا نصاب و مقدار زکات کیا ہے؟

سوال:(2)۔بکری اور بھیڑ کا حکم کیا ہے ثنی کا مصداق کیا ہے؟
سوال:(3).زکات میں مذکر اور مؤنث دونوں طرح کے جانور لے سکتے ہیں یا نہیں؟

## فصل فی الخیل

سوال:(1)۔گھوڑوں میں نصاب ہے یا نہیں،مقدار زکات کیا ہے؟
سوال:(2)۔تنہا گھوڑوں اور تنہا گھوڑیوں پر زکات ہے یا نہیں؟
سوال:(3).اونٹوں کے بچوں،گائے کے بچوں اور بکریوں کے بچوں میں زکات کا حکم،اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(4)۔زکات میں جو جانور دینا لازم ہو اگر وہ مالک کے پاس نہ ہو تو کس طرح زکات ادا کرے؟
سوال:(5)۔قیمت سے زکات ادا کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(6)۔کام کے جانور،سامان لادنے کے جانور،سال بھر گھر میں چرنے والے جانور میں زکات ہے یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(7)۔صدقہ وصول کرنے والا کونسا مال وصول کرے؟
سوال:(8)۔صاحب نصاب کو درمیانِ سال مال مل جائے تو پہلے کے ساتھ ضم کیا جائے گا یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(9)۔عفو میں زکات کا کیا حکم ہے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(10)۔خوارج نے خراج اور جانوروں کی زکات زبردستی وصول کرلی تو دوبارہ زکات لی جائے گی یا نہیں؟
سوال:(11)۔بنی تغلب کے بچہ کے سائمہ جانوروں میں زکات کا حکم کیا ہے،بنو تغلب کے مرد اور عورت پر زکات کا حکم کیا ہے؟
سوال:(12)۔زکات واجب ہوگئی مگر مال ہی باقی نہ رہا تو کیا حکم ہے؟
سوال:(13)۔پیشگی زکات ادا کرنے کا حکم کیا ہے؟

# باب زکات المال

## فصل فی الفضة

سوال:(1)۔چاندی کا نصاب زکات ومقدار زکات کیا ہے ؟

سوال:(2)۔کتنے درہم سے زائد میں زکات کا حکم کیا ہے ؟

سوال:(3).ڈھلے ہوئے سکوں میں زکات کا حکم کیا ہے ؟

## فصل فی الذھب

سوال:(1)۔سونے کا نصاب ومقدار زکات کیا ہے ؟

سوال:(2)۔بیس مثقال سے زائد میں زکات کا حکم ؟

سوال:(3)۔بیس مثقال کے بعد چار مثقال سے کم میں زکات کا حکم کیا ہے ؟

سوال:(4)۔سونے چاندی ڈھلے ہونے سکوں، برتنوں اور زیورات میں زکات کا کیا حکم ہے ؟

## فصل فی العروض

سوال:(1)۔سازوسامان میں زکات، نصاب زکات ومقدار زکات کیا ہے ؟

سوال:(2)۔سامان میں کس چیز سے قیمت لگائی جائے گی ؟

سوال:(3).سامان کے اطراف (ابتدا اور انتہا) میں نصاب کامل ہو اور درمیان سال میں ہلاک ہوا تو زکات ہوگی یا نہیں ؟

سوال:(4)۔سامان کی قیمت کا نصاب کس چیز سے شمار کیا جائے گا؟

سوال:(5)۔سونے کو چاندی کے ساتھ قیمت کے اعتبار سے ملایا جائے گا یا اجزاء کے اعتبار سے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

# باب فی المعادن والرکاز

سوال:(1)۔سونے چاندی لوہے، پیتل کی کان عشری یا خراجی زمین میں ہو تو اس میں کتنا ضروری ہے ؟

سوال:(2)۔کسی کے گھر میں کان ہو تو اس پر کیا لازم ہے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(3).اپنی زمین میں کان پائی جائے تو اس میں امام اعظم کی دو روایتیں کیا ہیں ؟

سوال:(4)۔دفینہ ملنے میں کیا لازم ہے اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(5)۔کوئی شخص دار الحرب میں سامان کے ساتھ داخل ہوااور اس نے رکاز (دفینہ) پایا تو اس کا مالک کون ہے؟

سوال:(6)۔پہاڑوں سے ملے ہوئے فیروز میں کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔موتیوں اور عنبر میں کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## باب زکات الزروع والثمار

سوال:(1)۔زمین میں کتنی پیداوار میں عشر ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(2)۔نصف عشر کب واجب ہوتا ہے؟

سوال:(3).عشری زمین کے شہد میں کیا واجب ہے،امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(4)۔کیا عشر سے اجرت عمال اور بیلوں کے خرچ کو منہا کیا جائے گا؟

سوال:(5)۔تغلبی کی عشری زمین میں کتنا عشر واجب ہے؟

سوال:(6)۔ذمی نے تغلبی سے زمین خریدی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔اگر کسی مسلمان نے تغلبی سے زمین خریدی یا تغلبی مسلمان ہو گیا عشر کی کتنی مقدار واجب ہے؟

سوال:(8)۔مسلمان نے نصرانی ذمی کے ہاتھ زمین فروخت کردی اور ذمی نے قبضہ بھی کر لیا تو مشتری ذمی پر کیا لازم ہے؟

سوال:(9)۔مسلمان نے اپنی عشری زمین کسی ذمی کے ہاتھ فروخت کردی پھر کسی مسلمان نے شفع کرکے ذمی سے زمین لے لی یا بیع فاسد ہوجانے کی وجہ سے ذمی نے مسلمان بائع کو لوٹادی ان دونوں صورتوں میں زمین عشری ہوگی یا خراجی؟

سوال:(10)۔کسی مسلمان کے لیے کوئی دار مختص کردیا پھر مسلمان نے اس کا باغ بنالیا تو عشر کا کیا حکم ہے؟

سوال:(11)۔مجوسی کے گھر میں کچھ واجب نہیں اگر باغ بنالیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(12)۔بنو تغلب کے بچے اور عورت کی زمین میں کتنی عشر ہے؟

سوال:(13)۔قیراط اور نفط عشری زمین میں ہو تو کیا حکم ہے؟

# باب من یجوز دفع الصدقات الیہ ومن لایجوز

سوال:(1)۔مصارف زکات کا مبنی کیا ہے؟

سوال:(2)۔فقیر اور مسکین کی تعریف کیا ہے؟

سوال:(3).عامل کو کتنا دیا جائے گا امام شافعی کا موقف کیا ہے؟اور کون لوگ مصرف زکات نہیں ہیں؟

سوال:(4)۔کون سے اصناف مصارف زکات ہیں مستحق زکات نہیں؟

سوال:(5)۔ذمی کو زکات دینا جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(6)۔زکات کے مال سے مسجد بنانا اور میت کو کفن دینا کیسا ہے؟

سوال:(7)۔زکات کے مال سے کوئی باندی یا غلام خرید کر آزاد کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(8)۔باپ،دادا،بیٹا،پوتا کو زکات دینا کیسا ہے،مرد بیوی کو اور بیوی شوہر کو زکات دے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال:(9)۔اپنے مدبر،مکاتب اور ام ولد کو زکات دینا جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(10)۔ایسے غلام کو زکات دینے کا حکم جس کا بعض حصہ آزاد ہو؟

سوال:(11)۔غنی کے غلام اور غنی کے چھوٹے بچے کو زکات دینا کیسا ہے؟

سوال:(12)۔کیا بنوہاشم کو زکات دے سکتے ہیں؟

سوال:(13)۔بنوہاشم کا مصداق کون ہے؟

سوال:(14)۔کسی کو فقیر سمجھ کر زکات دی پھر وہ غنی نکلا یا ہاشمی یا کافر نکلا یا اندھیرے میں دی وہ اس کا باپ یا بیٹا نکلا تو کیا اسے دوبارہ زکات دینا ہوگی؟

سوال:(15)۔ایک شخص کو زکات دی پھر وہ اس کا غلام یا مکاتب نکلا تو زکات ادا ہوگی یا نہیں؟

سوال:(16)۔کیا صاحب نصاب کو زکات دے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال:(17)۔صاحب نصاب سے کم مال کے مالک کو زکات دے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال:(18).بقدر نصاب کسی کو زکات دینا کیسا ہے؟

سوال:(19)۔کتنی مقدار میں زکات دینا کافی ہوگا؟

سوال:(20)۔ایک شہر سے دوسرے شہر کی طرف زکات لے جانے کا کیا حکم ہے؟

## باب صدقة الفطر

سوال:(1)۔صدقۃالفطر کی شرعی حیثیت،شرائط وجوب کیاہیں؟
سوال:(2)۔نابالغ اولاد کاصدقۂ فطر کس پر ہے؟
سوال:(3).غلاموں کاصدقۂ فطر کس پر ہے؟
سوال:(4)۔بیوی کاصدقۂ فطر شوہر پر ہے یانہیں؟
سوال:(5)۔بالغ اولاد کاصدقۂ فطر باپ پر ہے یانہیں؟
سوال:(6)۔مکاتب،مدبر،ام ولد کاصدقۂ فطر آقا پر ہوگا یانہیں؟
سوال:(7)۔مشترک غلام کاصدقۂ فطر کس پر ہے؟
سوال:(8)۔کافر غلام کاصدقۂ فطر کس پر ہے؟
سوال:(9)۔مشتری پر خریدے ہوئے غلام کاصدقۂ فطر ہوگا یانہیں؟

## فصل فی مقدار الواجب ووقته

سوال:(1)۔گندم،آٹا،ستو،کشمکش،کھجور،جو میں صدقۂ فطر کی مقدار کیاہے؟
سوال:(2)۔صاع کی مقدار،اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(3).صدقۂ فطر کے وجوب کاوقت کیاہے؟مستحب وقت کیاہے؟
سوال:(4)۔صدقۂ فطر کووقت پر مقدم کرنے کاکیاحکم ہے؟
سوال:(5)۔کیاوقت پر صدقۂ مؤخر کرنے سے ساقط ہوگا یانہیں؟

## کتاب الصوم

سوال:(1)۔صوم کی اقسام،واجب روزہ کی قسمیں،روزہ کے لیے نیت کاحکم کیاہے؟
سوال:(2)۔واجب معین کے لیے کس طرح نیت ہوگی؟
سوال:(3).واجب روزہ کی دوسری قسم اوراس کے لیے نیت کاحکم کیاہے؟
سوال:(4)۔چاند تلاش کرنے کاحکم کیاہے؟
سوال:(5)۔یوم الشک کے روزہ کاحکم کیاہے؟
سوال:(6)۔یوم الشک میں دوسرے واجب کی نیت کرناکیساہے؟
سوال:(7)۔یوم شک کے روزہ میں نفل روزہ کی نیت کاحکم کیاہے؟

سوال:(8)۔ نیتِ روزہ میں تردد کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔ وصفِ نیت میں تردد کا حکم کیا ہے؟
سوال:(10)۔ جس نے اکیلے رمضان کا چاند دیکھا اور امام نے اس کی گواہی قبول نہیں کی اس کے لیے روزہ رکھنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(11)۔ مطلع ابر آلود ہو اور امام رمضان کے چاند میں ایک عادل کی گواہی قبول کر سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(12)۔ مطلع صاف ہو تو کیا اب بھی ایک شخص کی گواہی قابل قبول ہوگی؟
سوال:(13)۔ عید کے چاند میں ایک عادل کی گواہی معتبر ہوگی یا نہیں؟
سوال:(14)۔ مطلع ابر آلود ہونے کی صورت میں کتنے لوگوں کی گواہی معتبر ہوگی؟
سوال:(15)۔ مطلع صاف ہو تو گواہی کتنے لوگوں کی معتبر ہوگی؟
سوال:(16)۔ روزہ کا وقت ابتدا اور انتہا کیا ہے؟
سوال:(17)۔ صوم کی شرعی تعریف کیا ہے؟

## باب مایوجب القضا والکفارة

سوال:(1)۔ بھول کر کھانے پینے سے روزہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(2)۔ خطاء یا زبردستی (مجبوراً) روزہ تڑوایا گیا تو قضا ہوگی یا نہیں امام شافعی کا کیا موقف ہے؟
سوال:(3). کیا احتلام سے روزہ ٹوٹ جاتا ہے؟
سوال:(4)۔ عورت کی شرمگاہ دیکھی اور منی نکل گئی تو روزہ فاسد ہوا یا نہیں؟
سوال:(5)۔ روزہ میں تیل اور سرمہ لگانے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(6)۔ عورت کو بوسہ دینے سے انزال نہ ہو تو کیا حکم ہے؟
سوال:(7)۔ بوسہ اور چھونے سے انزال ہو جائے تو قضا اور کفارے میں کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔ نفس پر اطمینان اور عدم اطمینان کی صورت میں بوسہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(9)۔ حلق میں مکھی گر جانے سے روزہ فاسد ہوگا یا نہیں؟
سوال:(10)۔ دانتوں میں پھنسا ہوا گوشت کم اور زیادہ ہو اسے کھانے سے روزہ کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(11)دانتوں میں پھنسی ہوئی چیز کو ہاتھ سے نکالا پھر کھالیا تو روزہ کا کیا حکم ہے؟

سوال:(12)۔خود بخود قے میں روزہ کا کیا حکم ہے اگر جان بوجھ کر قے کی کم یا زیادہ ہونے کی صورت میں روزہ پر کیا حکم ہے؟

سوال:(13)۔جان بوجھ کر قے ناقص روزہ ہے یا نہیں؟

سوال:(14)۔کنکری یا لوہے کا ٹکڑا نگل لینا کیسا ہے؟

سوال:(15)۔جان بوجھ کر احدا لسبلین میں جماع کیسا ہے،نیز قضا اور کفارہ لازم ہوں گے یا نہیں؟

سوال:(16)۔مردار اور چوپائے سے وطی کی انزال اور عدم انزال کی صورت میں کیا حکم ہے امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(17)۔غذا کی اجناس سے کھالیا یا پی لیا یا دوا کرلی تو قضا اور کفارہ کا کیا مسئلہ ہے امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(18)۔روزہ کا کفارہ کس طرح ادا کیا جائے؟

سوال:(19)۔مادون الفرج میں جماع کیا اور انزال بھی ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(20)۔حقنہ کرانا،ناک میں دوا ڈالنا کان میں کوئی دوا ٹپکانا مفسد صوم ہے یا نہیں؟

سوال:(22)۔کانوں میں پانی ٹپکانا یا خود بخود داخل ہوجانا کیسا ہے؟

سوال:(23)۔جائفہ زخم کی دوا کی وہ دوا جوف اور دماغ تک پہنچ گئی تو مفسد صوم ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(24)۔ذکر کے سوراخ میں دوا ٹپکانا مفسد صوم ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(25)۔کسی چیز کے چکھنے سے روزہ ٹوٹتا ہے یا نہیں؟

سوال:(26)۔عورت کا بچہ کے لیے حالتِ روزہ میں کھانا چبانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(27)۔گوند چبانا کیسا ہے؟

سوال:(28)۔سرمہ اور مونچھوں کو تیل لگانا مفسد صوم ہے یا نہیں؟

سوال:(29)۔صبح وشام روزہ دار کے لیے تر اور خشک مسواک کرنے سے روزہ پر کوئی فرق آئے گا یا نہیں؟

سوال:(30)۔مریض کو مرض بڑھنے کا خوف ہو تو روزہ رکھے گا یا نہیں امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(31)۔مسافر کے لیے روزہ رکھنا رخصت ہے یا عزیمت؟

سوال:(32)۔مریض حالت مرض اور مسافر حالت سفر میں فوت ہو گیا تو روزہ کی قضا لازم ہوگی یا نہیں؟

سوال:(33).مریض تندرست مسافر مقیم ہو گیا پھر دونوں فوت ہو گئے تو قضا لازم ہوگی یا نہیں؟

سوال:(34)۔قضا رمضان مجتمع اور متفرق کیسے کریں گے؟

سوال:(35)۔قضا کو اتنا مؤخر کیا کہ دوسرا رمضان آ گیا تو پہلے دوسرے رمضان کے روزے رکھے یا روزوں کی قضا کرے؟

سوال:(36)۔حاملہ اور مرضعہ اپنے بچوں پر یا اپنے نفس پر خوف کریں تو کیا حکم ہے؟

سوال:(37)۔شیخ فانی کی تعریف،شیخ فانی کے لیے فدیہ دینے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(38)۔جس پر قضا رمضان تھی وصیت کر کے فوت ہوا تو ولی کیا کرے؟

سوال:(39)۔کیا ولی میت کی طرف سے روزہ اور نماز ادا کر سکتا ہے؟

سوال:(40)۔نفل نماز شروع کی یا نفل روزہ شروع کیا پھر توڑ دیا تو کیا حکم ہے امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(41)۔رمضان کے دن میں بالغ ہوا،کافر مسلمان ہو گیا تو بقیہ دن میں کھا پی سکتا ہے؟

سوال:(42)۔مسافر نے افطار کی نیت کی پھر زوال سے پہلے شہر آ گیا پھر روزہ کی نیت کر لی تو روزہ شمار ہوگا یا نہیں؟

سوال:(43)۔رمضان میں بیہوشی طاری ہوگئی جس دن بیہوشی طاری ہوئی اس دن کی قضا ہوگی یا نہیں؟

سوال:(44)۔رمضان کی پہلی رات سے بیہوشی طاری ہوگئی تو کتنی قضا لازم ہے؟

سوال:(45)۔پورے رمضان مجنون ہو گیا تو قضا لازم ہوگی یا نہیں امام مالک کا موقف کیا ہے؟

سوال:(46)۔مجنون کو کچھ روزوں کے بعد افاقہ ہو گیا تو سابقہ کی قضا کرے گا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(47)۔جس نے پورے رمضان میں نہ روزے کی نیت اور نہ افطار کی اس پر قضا ہے یا نہیں؟

سوال:(48).جس نے صبح روزے کی نیت نہیں کی پھر کھالیا اس پر کفارہ ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(49)۔حائضہ اور نفاس والی عورت کے لیے کیا حکم ہے؟

سوال:(50)۔مسافر مقیم بن گیا حائضہ دن کے بعض حصہ میں پاک ہوگئی تو دن کے باقی حصہ میں کھا پی سکتا ہے یا نہیں،امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(51)۔جس نے سحری کی یہ گمان کر کے کہ صبح صادق طلوع نہیں ہوئی یا جس نے افطار کیا کہ غروب آفتاب ہوچکا ہے جبکہ صبح صادق ہوچکی اور سورج غروب نہیں ہوا تھا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(52)۔سحری کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(53)۔صبح صادق طلوع ہوچکی کفارہ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(54)۔غروب افطار میں شک ہو تو افطار درست ہے یا نہیں؟

سوال:(55)۔جس نے بھول کر کھایا پھر گمان کیا کہ روزہ ٹوٹ چکا پھر جان بوجھ کر کھایا اس پر قضا اور کفارہ میں سے کیا لازم ہے؟

سوال:(56)۔پچھنے لگوائے پھر گمان کیا کہ روزہ ٹوٹ چکا پھر جان بوجھ کر کھایا اس پر قضا اور کفارہ کا کیا حکم ہے؟

سوال:(57)۔غیبت کرنے کے بعد عمداً کھایا تو قضا اور کفارہ میں سے کیا حکم ہے؟

سوال:(58)۔نائمہ،مجنونہ سے جماع کیا حالانکہ وہ روزہ دار تھی اس پر قضا ہے یا کفارہ،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(59)۔یوم نحر کے روزہ کی نذر مانی تو روزہ رکھے یا قضا کرے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(60)۔اگر قسم کی نیت کی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(61)۔اس سال روزہ کی نذر مانی تو ایام تشریق کے روزوں کے متعلق کیا کرے؟

سوال:(62)۔یمین کا ارادہ تھا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(63)۔جس نے یوم النحر کا روزہ رکھا پھر افطار کرلیا تو اس پر کیا کچھ لازم ہے یا نہیں؟

# باب الاعتکاف

سوال:(1)۔اعتکاف کی شرعی حیثیت کیا ہے ؟

سوال:(2)۔اعتکاف کی تعریف،اعتکاف کا رکن اور اعتکاف کی شرط بیان کریں؟

سوال:(3).معتکف کو مسجد سے کن کاموں کے لیے نکلنے کی گنجائش ہے ؟

سوال:(4)۔بغیر عذر ایک گھڑی بھی مسجد سے نکلنا کیسا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(5)۔مسجد میں حالت اعتکاف میں کن امور کی اجازت ہے ؟

سوال:(6)۔سازوسامان حاضر کیے بغیر خریدوفروخت کا حکم کیا ہے ؟

سوال:(7)۔کلام کرنے اور خاموش رہنے کا حکم کیا ہے ؟

سوال:(8)۔حالتِ اعتکاف میں وطی کرنا کیسا ہے ؟

سوال:(9)۔جس نے دن یا رات کو بھول کر یا جان بوجھ کر جماع کیا اس کا اعتکاف درست ہے یا نہیں ؟

سوال:(10)۔مادون الفرج جماع کیا اور انزال ہو گیا یا بوسہ دیا یا چھوا اور انزال ہو گیا تو اعتکاف کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(11)۔جس نے دن کا اعتکاف اپنے اوپر لازم کیا تو کیا رات کا بھی لازم ہو گا؟

سوال:(12)۔جس نے دو دن کا اعتکاف واجب کیا تو راتوں کے اعتکاف کا کیا حکم ہے ؟

تمام سنی مدارس اور جامعات المدینہ میں درس نظامی میں بہت ساری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو تمارین اور مشقوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کے حل سے سبق کافی حد تک ذہن میں محفوظ ہو جاتا ہے لیکن بہت ساری ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں تمارین اور مشقیں نہیں ہیں اس لیے ارادہ کیا کہ جو کتابیں تمارین سے خالی ہیں ان کے اسباق کو ششماہی اول و دوم میں تقسیم کر کے سوالات اس طرح بنائیں جائیں کہ طلبہ آسانی سے اسباق یاد کر سکیں اور یاد کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہو اور سوالات اس طرح ہوں کہ پوری کتاب کو محیط ہوں تا کہ کتاب کا نقصان نہ ہو اس سلسلے کی ایک کڑی **سادسہ** میں پڑھائی جانے والی فقہ حنفی کی بہت مشہور کتاب **ہدایہ اولین** سے ششماہی اور سالانہ میں متعیّنہ اسباق کے سوالات پیش خدمت ہیں ان کے ذریعہ اسباق کو کم وقت میں یاد کر سکتے ہیں اور درس گاہ میں سن بھی سکتے ہیں۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف یوپی۔
خادم التدریس جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور
Mob no:Whatsapp :.+918057889427

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

نام کتاب : **سوالات ھدایہ اولین**

درجہ : سادسہ ششماہی اول، ثانی

مرتب : محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف

معاون : محمد دلکش رضا عطاری جھارکھنڈ، سرفراز احمد عطاری بنگال درجہ خامسہ

کمپوزنگ : گل ریز رضا مصباحی

ناشر : مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی بریلی شریف

رابطہ نمبر : 9458201735،8057889427

# درجہ سادسہ ششماھی اول

## کتاب النکاح

سوال:(1)۔نکاح کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال:(2)۔عقد نکاح کے لیے ایجاب وقبول کی شرعی حیثیت بیان کریں؟

سوال:(3)۔ایجاب وقبول کے لیے کون کونسے صیغے ضروری ہیں؟

سوال:(4)۔کن کن الفاظ سے نکاح منعقد ہوجاتا ہے امام شافعی کا موقف بیان کریں؟

سوال:(5)۔بیع،اجارہ،اباحہ،احلال،وصیت اور اعارہ کے الفاظ سے نکاح منعقد ہوتا ہے یانہیں؟

سوال:(6)۔گواہوں کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(7)۔مسلمان کا ذمیہ سے دو ذمیوں کی گواہی کے ساتھ نکاح منعقد ہوتا ہے یانہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(8)۔ایک شخص نے کسی شخص کو اپنی چھوٹی بیٹی کے نکاح کا حکم دیا،اس شخص نے باپ کے ساتھ ایک گواہ کی موجودگی میں نکاح کرادیا تو نکاح ہوگا یانہیں؟

سوال:(9)۔باپ نے بالغہ بیٹی کا ایک گواہی کی موجودگی میں نکاح کرادیا لڑکی موجود ہو یا نہ ہو نکاح کا کیا حکم ہے بیان فرمائیں؟

## فصل فی بیان المحرمات

سوال(1)۔۔۔ماں دادی نانی سے نکاح کا حکم کیا ہے؟

سوال(2)...بیٹی پوتی باسی بہن بھانجی بھتیجی پھوپھی اور خالہ سے نکاح کا حکم ہے

سوال(3)۔ساس سے نکاح کرنا کیسا ہے اور ربیبہ سے جبکہ اسکی ماں کے ساتھ دخول کرلیاہو تو کیا حکم ہے

سوال(4)۔سوتیلی ماں دادا اور نانا کی منکوحہ اور بہو سے نکاح کرنا کیسا ہے

سوال(5)۔رضاعی ماں اور رضاعی بہن سے نکاح کرنا کیسا ہے

سوال(6)۔۔۔دو بہنوں کو انکاح میں جمع کرنا اور دو پابندیوں کو جو کے بہنیں ہیں بطور وطی جمع کرنا کیسا ہے

سوال(7)۔۔۔مؤطوہ باندی کی بہن سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

سوال (8)۔۔۔دو بہنوں سے دو عقدوں میں نکاح کیا اور پہلی معلوم نہیں تو شوہر اور دونوں بہنوں کے تعلق سے کیا کیا جائے؟

سوال(9)...عورت اور اسکی پھوپھی خالہ بھتیجی بھانجی کو نکاح میں جمع کرنا کیسا ہے؟

سوال(10)...ایسی دو عورتوں کو جمع کرنا کیسا ہے کہ اگر ان میں سے ایک کو مرد فرض کر لیا جائے توان کا آپس میں نکاح درست نہ ہو؟

سوال(11)...عورت اور اس کے سابق شوہر کی لڑکی کو جمع کرنا کیسا ہے؟

سوال(12)...زانیہ کی ماں اور بیٹی زانی کے لئے کیسی ہے نیز امام شافعی کا اختلاف کیا ہے؟

سوال (13)...کسی عورت کو شہوت کے ساتھ چھونے کے بعد اس کے اصول اور فروع سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال(14)...ایک عورت کو طلاق بائن یا طلاق رجعی دی تو اس کی بہن سے نکاح کب کر سکتا ہے نیز امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوَال (15)...مولی کے لیے اپنی باندی سے اور ملکہ کے لیے اپنے غلام سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال(16)...کتابیات سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال(17)...مجوسیات اور وثنیات کے ساتھ نکاح کرنا کیسا ہے نیز صابیات کے ساتھ نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال(18)... محرم کا محرمات سے حالت احرام میں نکاح کرنا کیسا ہے نیز امام شافعی کا نقطہ نظر کیا ہے؟

سوال(19)... مسلمان کا کتابیہ باندی سے نکاح کا کیا حکم ہے نیز امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال(20)... حرہ پر باندی سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

سوال:(21)۔باندی پر حرہ سے نکاح کرنا کیسا ہے؟

سوال:(22)۔حرہ کی عدت میں باندی سے نکاح کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(23)۔آزاد آدمی کے لیے چار آزاد عورتوں یا باندیوں سے نکاح کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(24)۔غلام کے لیے کتنی عورتوں سے نکاح کرنا جائز ہے؟

سوال:(25)۔زنا سے حاملہ کے ساتھ نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال:(26)۔موطوءہ باندی سے نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال:(27)۔زانیہ کو زنا کرتے دیکھا پھر اس سے نکاح کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(28)۔نکاح متعہ کا کیا حکم ہے؟

سوال:(29)۔نکاح موقت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(30)۔دو عورتوں سے ایک عقد کے ساتھ نکاح کیا،ایک کے ساتھ نکاح حلال تھا،تو کیا حکم ہے؟

سوال:(31)۔ایک عورت نے مرد پر گواہوں کے ساتھ دعوی کیا کہ اس نے میرے ساتھ نکاح کیا اور قاضی نے اسے بیوی قرار دیدیا حالانکہ اس نے نکاح نہیں کیا تھا تو کیا حکم ہے؟

## باب فی الاولیاء والاکفاء

سوال:(1)۔حرہ،عاقلہ،بالغہ باکرہ،ثیبہ،اس کی رضامندی کیساتھ بغیر ولی کے نکاح درست ہے یا نہیں؟

سوال:(2)۔باپ نے صغیرہ کا نکاح مہر مثل سے کم میں کیا،یا چھوٹے بیٹے کا نکاح مہر مثل سے زیادہ میں کیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(3)۔صغیرہ بیٹی کا نکاح غلام سے یا صغیرہ بیٹے کا نکاح باندی سے کرادیا تو نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال:(4)۔چچا کے بیٹے نے ولی بن کر اپنے چچا کی لڑکی سے نکاح کیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(5)۔غلام اور باندی کا اپنے آقا کی اجازت کے بغیر نکاح کیسا ہے؟مرد کا عورت کی رضا کے بغیر اور عورت کا مرد کی رضا کے بغیر نکاح کا کیا حکم ہے؟

سوال:(6)۔عورت کے ساتھ نکاح کرنے پر کسی کو گواہ بنایا،اس عورت نے اجازت دیدی تو نکاح کیسا ہے؟اسی طرح اگر کسی سے کہا کہ تم گواہ رہو میں نے فلاں عورت کی فلاں مرد کے ساتھ شادی کردی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔عقد نکاح دو فضولیوں یا ایک فضولی اور ایک اصیل کے درمیان کیسا ہے؟

سوال:(8)۔ایک آدمی نے دوسرے کو ایک عورت سے نکاح کرانے کا حکم کیا اس نے ایک عقد میں دو عورتوں سے نکاح کرادیا تو نکاح ہوگا یا نہیں؟

سوال:(9)۔امیر نے کسی شخص کو حکم دیا کہ کسی عورت سے نکاح کرادے اس نے کسی کی باندی سے نکاح کرادیا تو نکاح جائز ہے یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

## باب المھر

(1)..مہر مقرر کیے بغیر نکاح ہوگا یا نہیں،اسی طرح اگر یہ شرط لگائی کہ مہر نہیں ہوگا تو نکاح کا کیا حکم ہے؟

(2)..دس دراہم سے کم مہر مقرر کیا تو کتنے دراہم مہر ہوں گے؟

(3)..قبل الدخول طلاق میں کتنے دراہم واجب ہوں گے جبکہ مہر مقرر نہ کیا گیا ہو؟

(4)..دس دراہم یا زیادہ مقرر کیے گئے تو کتنے لازم ہوں گے؟

(5)...مہر مقرر کیے بغیر نکاح کیا یا اس شرط پر نکاح کیا کہ مہر نہیں ہوگا تو کتنا مہر ہوگا؟

(6)... متعہ کتنے کپڑے ہیں؟
(7)... مہر کے بغیر نکاح کیا پھر باہمی رضامندی سے مہر مقرر کیا تو عورت کے لیے یہ مہر کب ہوگا؟
(8).. عقد نکاح کے بعد مہر میں اضافہ کیا تو کیا حکم ہے؟
(9).. عورت سے خلوت صحیحہ کی اور کوئی مانع وطی نہیں تھا، پھر طلاق دیدی تو کتنا میر لازم ہے؟
(10)... کب خلوت صحیحہ شمار نہیں ہوگی؟
(11)... مجبوب الذکر کی خلوت صحیح ہے یا فاسد اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
(12).. مذکورہ تمام مسائل میں عورت پر عدت ہوگی یا نہیں؟
(13)... متعہ کس مطلقہ کے لیے مستحب ہے؟
(14).... کیا ولی باکرہ بالغہ کو نکاح پر مجبور کرکتا ہے یا نہیں؟
(15)... ولی نے باکرہ سے اجازت طلب کی وہ خاموش رہی یا ہنس پڑی تو اجازت شمار ہوگی یا نہیں؟
(16)... ولی کے علاوہ نے مذکورہ اجازت طلب کی تو عورت کی خاموشی یا ہنسنا اذن ہوگا یا نہیں؟
(17)... باکرہ کے سامنے شوہر کا تعارف کس طرح کیا جائے؟
(18)... ولی نے باکرہ کا نکاح کرنے کی خبر دی تو اس کی خاموشی اذن ہوگی یا نہیں؟
(19)... ثیبہ کی رضامندی کس طرح معتبر ہوگی؟
(20).. جس کا پردہ بکارت چھلانگ، حیض یا زیادہ عمر سے زائل ہوجائے وہ ثیبہ کے حکم میں ہے یا باکرہ کے؟
(21)... مرد نے کہا کہ جب پیغام پہنچا تھا تو خاموش رہی، عورت کہتی ہے میں نے رد کردیا تھا تو کس کا قول معتبر ہے؟
(22)... ولی نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا خواہ باکرہ ہو یا ثیبہ نکاح کا کیا حکم ہے؟
(23)... باپ اور دادا نے صغیر اور صغیرہ کا نکاح کرایا تو بلوغت کے بعد خیار فسخ ہے یا نہیں؟
(24)... اگر باپ اور دادا کے علاوہ کسی نے نکاح کرایا تو دونوں کو خیار فسخ ہے یا نہیں طرفین کا اختلاف کیا ہے؟
(25).. باکرہ کا خیار سکوت سے باطل ہوتا ہے یا نہیں اور غلام کا خیار کس چیز سے باطل ہوتا ہے؟
(26)... خیار بلوغ کے ساتھ فرقت طلاق ہے یا نہیں؟

(27)...بلوغت سے پہلے یا بلوغت کے بعد تفریق سے پہلے،ایک فوت ہو گیا تو کونسا وارث ہو گا؟

(28)...غلام،صغیر،مجنون کو ولایت حاصل ہے یا نہیں؟

(29)...عصبات کی عدم موجودگی میں کس کے لیے ولایت حاصل ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(30)...ولی اقرب غیبت منقطعہ پر ہو تو اب ولایت کس کو حاصل ہو گی؟

(31)..غیبت منقطعہ کی تعریف کیا ہے؟

(32)..مجنونہ کا ولی باپ اور بیٹا ہو تو کون زیادہ حقدار ہے؟

## فصل فی الکفاءۃ.

(1)..نسب میں کفو کا اعتبار کیا جائے گا یا نہیں؟

(2)..اعاجم میں کفو کی تفصیل کیا ہے؟

(3)..دین اور مال میں کفاءۃ کا اعتبار ہو گا یا نہیں؟

(4)...پیشوں میں کفاءت معتبر ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(5)...عورت نے اپنا نکاح مہر مثل سے کم کیا تو اولیاء کو حق اعتراض ہے یا نہیں؟

(6)...ایک شخص نے اپنی بیٹی کا نکاح اس شرط پر کیا کہ دوسرا بھی اپنی بیٹی یا بہن کا نکاح اس سے کرے اور دونوں عقد ایک دوسرے کا عوض بن جائیں،دونوں عقد درست ہیں اور مہر مثل واجب ہے؟

(7)...ایک سال کی خدمت یا تعلیم قرآن کو مہر مقرر کرنے کا کیا حکم ہے؟

(8)..ہزار روپے مہر کے ساتھ نکاح کیا،عورت نے قبضہ بھی کر لیا پھر اسے ہبہ کر دیا اور مرد نے دخول سے پہلے طلاق دیدی،تو مرد عورت پر کتنے کے لیے رجوع کرے گا؟

(9)...عورت نے پانچ سو پر قبضہ کیا پھر پورا ہزار ہبہ کر دیا،پھر مرد نے دخول سے پہلے طلاق دیدی،تو رجوع کرے گا یا نہیں؟

(10)..نصف سے کم ہبہ کیا اور باقی پر قبضہ کیا تو مرد عورت سے کتنے کے لیے رجوع کرے گا؟

(11)...سامان پر نکاح کیا،عورت پر قبضہ کیا یا نہیں کیا،مرد نے دخول سے پہلے طلاق دیدی،مرد رجوع کرے گا یا نہیں؟

(12)... حیوان پر یا سامان پر نکاح کیا جو ذمہ میں ہے، تو کیا حکم ہے؟

(13)... عورت سے اس شرط پر نکاح کیا کہ شہر سے باہر نہیں نکلے گا یا دوسری کے ساتھ اس پر نکاح نہیں کرے گا اگر شرط پوری کیا تو کتنا مہر اور نہیں کیا تو کتنا مہر ہوگا؟.

(14).. مرد نے عورت سے اس شرط پر. نکاح کیا کہ شہر میں رکھے گا تو ایک ہزار ورنہ دو ہزار، اگر شرط پوری کرے تو کتنا مہر اور نہ کرے تو کتنا مہر ہوگا؟

(15).. ایک عورت کے ساتھ نکاح کیا اس غلام پر یا اس غلام پر ایک اوکس تھا دوسرا ارفع تھا اگر مہر مثل اوکس سے کم ہے تو اوکس لازم ہے اگر مہر مثل زیادہ ہے تو ارفع لازم ہے اگر دونوں برابر ہوں تو کتنا مہر لازم ہوگا؟

(16)... ایک حیوان مہر مقرر کیا اور اس کے اوصاف بیان نہیں کیے تو کونسا حیوان لازم ہوگا، ؟

(17)... ایسے کپڑے پر نکاح کیا جس کا وصف نہیں بیان کیا تو کتنا مہر لازم ہے؟

(18).. مسلمان نے شراب یا خنزیر پر نکاح کیا تو کتنا مہر لازم ہے؟

(19).. عورت سے ایک سرکے کے مٹکے پر نکاح کیا وہ اچانک شراب نکلا، اور غلام پر نکاح کیا وہ اچانک آزاد نکلا تو کتنا مہر لازم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟.

(20).. دو غلاموں پر نکاح کیا ان میں سے ایک آزاد تھا تو عورت کے لیے کونسا غلام ہوگا اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(21)... قاضی نے نکاح فاسد میں دخول سے پہلے تفریق کردی تو مہر ہوگا یا نہیں؟

(22).. عدت کی ابتدا تفریق سے معتبر ہوگی یا آخری وطی سے؟

(23)... مہر مثل کے لیے کن عورتوں کا مہر دیکھا جائے گا؟

(24).. ولی نے مہر کا ضمان اٹھالیا تو ضمان درست یو گا یا نہیں؟

(26)... عورت شوہر کو کب تک انتفاع سے روک سکتی ہے؟

(27).. ایک عورت سے نکاح کیا پھر مہر میں اختلاف ہو گیا تو کس کا قول معتبر ہے؟

(28).. اگر مہر مقرر میں اختلاف ہو تو کتنا مہر واجب ہے؟.

(29).. اگر اختلاف زوجین میں سے کسی ایک کی موت کے بعد ہوا تو کیا حکم ہے؟.

(30... اگر ورثہ میں اختلاف زوجین کی موت کے بعد ہوا تو کس کے ورثہ کا قول معتبر ہوگا اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(31)...زوجین فوت ہوگئے اور مہر مقرر تھا تو عورت کے ورثہ اس سے لے لیں گے اگر مہر مقرر نہیں تھا تو کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(32)... عورت کی طرف کوئی چیز بھیجی عورت نے کہا یہ ہدیہ ہے مرد کہتا ہے یہ میر ہے تو کس کا قول معتبر ہے؟

(33)... نصرانی نے نصرانیہ سے یا مردار پر بغیر مہر کے نکاح کرلیا، دخول کیا یا دخول سے پہلے طلاق دیدی یا شوہر فوت ہو گیا تو عورت کو مہر ملے گا یا نہیں؟

(34)..ذمی نے ذمیہ سے شراب یا خنزیز پر نکاح کیا پھر دونوں مسلمان ہوگیے یا ایک مسلمان ہو گیا عورت کے لیے شراب او د خنزیر ہو گا یا قیمت؟

## بابُ القَسَم

(1)..ایک آدمی کی دو آزاد عورتیں ہیں تو ان کے درمیان باری میں کیا کرے؟

(2).. کیا قدیمہ اور جدیدہ باری میں برابر ہیں؟

(3)..ایک آزاد اور دوسری باندی ہو تو باندی کا طریقہ کیا ہے؟

(4)...حالت سفر میں باری کرنا ہوگی یا نہیں؟

## کتاب الرضاعت ص نمبر 330

سوال نمبر 1۔ رضاعت کسے کہتے ہیں اور دودھ کے کتنے مقدار سے رضاعت ثابت ہوتی ہے نیز کیا اس میں ائمہ کا اختلاف بھی ہے اگر ہے تو دلیلوں کے ساتھ بیان فرمائے؟

سوال نمبر۔...2۔ رضاعت کی مدت کے تعلق سے فقہاء کرام کے کیا اقوال ہیں دلائل کے ساتھ بیان فرمائیں نیز اس میں یہ بتادیں کہ کیا ائمہ کا اختلاف ہے اگر ہے تو کتنوں کا؟

سوال نمبر 3۔ مدت رضاعت کے بعد حرمت رضاعت ثابت ہوتی ہے یا نہیں؟ص نمبر 331

سوال نمبر 4۔آخر رضاعت کا فائدہ کیا ہوتا ہے کیا اس سے کچھ حرمت وغیرہ بھی ثابت ہوتی ہے اور اگر ہوتی بھی ہے تو کیسی؟

سوال نمبر 5۔ رضاعی بیٹے کی بہن کے متعلق آپ کیا فرماتے ہیں کیا اس سے نکاح جائز ہے یا نہیں دلائل کے ساتھ بیان فرمائیں؟

سوال نمبر 6ہے۔ رضاعی بیٹے اور رضاعی باپ کی بیوی سے نکاح کرنا کیسا ہے مع الدلیل؟

سوال نمبر 7۔ لبن الفحل کسے کہتے ہیں اور کیا اس سے بھی حرمت ثابت ہوتی ہے اگر ہوتی ہے تو کیوں اور نہیں ہوتی تو کیوں؟

سوال نمبر 8۔ رضاعی بھائی کی بہن سے نکاح کرنا کیسا اور اس کی صورت کیا ہے؟ بخوبی وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیں؟

سوال نمبر 9۔ دو ایسے لڑکے اور لڑکی ہوں جنہوں نے ایک ہی عورت سے دودھ پیا ہے تو کیا ان کا آپس میں نکاح کرنا جائز ہے دلیل کے ساتھ بیان فرمائیں؟

سوال نمبر 10۔ مرضعہ کے لیے مرضعہ کے بیٹوں سے نکاح کرنا کیسا ہے دلیل کے ساتھ بیان فرمائیں؟ص نمبر332

سوال نمبر 11۔ اگر عورت کا دودھ پانی کھانا دوائی یا بکری کے دودھ کے ساتھ مل گیا تو اس صورت میں کیا حکم ہے رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں مع اختلاف و دلائل بیان فرمائیں نیز اپنے مسلک کو واضح بھی کریں؟

سوال نمبر 12۔ اگر دو عورتوں کا دودھ مل گیا تو اس صورت میں کیا حکم ہوگا کس کے ساتھ رضاعت ثابت ہوگی اختلاف ائمہ بیان کریں دلیلوں کے ساتھ؟

سوال نمبر 13۔ اگر باکرہ کا دودھ نکل آیا اور اس دودھ کو بچے کو پلا دیا گیا تو رضاعت ثابت ہوگی کہ نہیں مع الدلیل بیان کریں؟

سوال نمبر 14۔ عورت کے مرنے کے بعد اس کا دودھ دوہا گیا پھر اس دودھ کو کسی بچے کو پلا دیا گیا تو اب حرمت ثابت ہوگی یا نہیں تفصیل کے ساتھ مع الدلیل جواب عنایت فرمائیں؟ ص نمبر 333

سوال نمبر 15۔ حقنہ کا مطلب بیان فرمائیں اور یہ ارشاد فرمائیں کہ اگر کسی عورت کے دودھ سے بچے کو حقنہ دیا گیا تو اس سے رضاعت ثابت ہوگی یا نہیں مع اختلاف و دلائل بیان کریں؟

سوال نمبر 16۔اگر کسی مرد کا دودھ اتر آیا اور اس دودھ کو کسی بچے کو پلا دیا گیا تو اب حرمت متعلق ہوگی یا نہیں ؟

سوال نمبر 17۔دو بچوں نے کسی بکری کا دودھ پیا تو حرمت متعلق ہوگی یا نہیں ؟

سوال نمبر 18۔،کسی شخص نے دو عورتوں سے شادی کی ایک عورت کبیرہ تھی اور دوسری صغیرہ تو کبیرہ نے صغیرہ کو دودھ پلا دیا تو اب کیا حکم ہوگا وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیں نیز یہ بھی بتائیں کہ مہر کا کیا حکم ہے کس کو دیا جائے گا اور کس کو نہیں دیا جائے گا اور مہر کا مطالبہ کس سے کیا جائے گا؟

ص نمبر 334

سوال نمبر 19۔،کیا رضاعت کے متعلق ایک عورت کی گواہی کافی ہے دلیل کے ساتھ بیان فرمائیے؟

# کتاب الطلاق

سوال نمبر۔ 1۔طلاق کا لغوی اور اصطلاحی معنی بیان کریں اور طلاق دینا کیسا ہے ؟

سوال نمبر۔2 ۔طلاق کی کتنی قسمیں ہیں اور اس کے متعلق ائمہ کا کیا اختلاف ہے وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیں نیز اس کی ہر قسم کی وضاحت فرمائیں اور اگر اس میں ائمہ کا اختلاف ہو تو اسے بھی دلیلوں کے ساتھ بیان فرمائیں ؟

سوال نمبر3۔عورت کو صغر یا کبر کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو اس کو طلاق دینے کا کیا طریقہ ہے ؟

سوال نمبر4۔وطی اور طلاق کے درمیان فاصلے کا کیا حکم ہے کیا فاصلہ ہونا ضروری ہے یا نہیں دلیل کے ساتھ بیان فرمائیے؟

سوال نمبر5۔حاملہ کو طلاق کیسے دی جائے نیز اس کے لیے طلاق سنت کیا ہے وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیے؟

سوال نمبر6۔اگر کسی شخص نے اپنی بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی تو طلاق واقع ہوگی کہ نہیں تفصیل سے بیان فرمائیں ؟

سوال نمبر۔7۔عورت حیض سے پاک ہوگئی پھر حائضہ ہوگئی،پھر طاہر ہوگئی تو کیا کرے؟

سوال نمبر۔8۔أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا لِلسُّنَّةِ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر۔9۔آئسہ یا ذوات الاشہر والی کو أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا لِلسُّنَّةِ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال نمبر۔10۔عاقل بالغ،بچے،مجنون اور سونے والے میں سے کس کی طلاق واقع ہوجاتی ہے اور کس کی نہیں؟

سوال نمبر۔11۔مکرہ(مجبور)کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں امام شافعی کا کیا اختلاف ہے؟

سوال نمبر۔12۔نشے والے کی طلاق واقع ہوتی ہے یا نہیں؟

سوال نمبر۔13۔گونگے کی طلاق کیسے واقع ہوگی؟

سوال نمبر۔14۔باندی اور آزاد عورت کی طلاق کی تعداد کتنی ہے۔

سوال نمبر۔15۔غلام نے مولی کی اجازت سے نکاح کیا اور طلاق دی تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

## باب ایقاع الطلاق

سوال نمبر(1)۔طلاق کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی تعریف وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیے؟

سوال نمبر(2)۔اگر کسی نے اپنی بیوی کو مطلقہ کہا تو طلاق واقع ہوگی کہ نہیں دلیل کے ساتھ جواب عنایت فرمائیں اور اگر طلاق واقع ہوگی بھی تو کتنی طلاق واقع ہوگی کیا شوہر کی نیت کا اعتبار کیا جائے گا اگر اس میں کوئی اختلاف ہو تو اس کو بھی دلیل کے ساتھ بیان فرمائیے؟

سوال نمبر(3)۔کسی نے اپنی بیوی کو انت طلاق کہا یا انت طالق الطلاق یا انت طالق طلاقا کہا تو کیا طلاق واقع ہوگی وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیے؟ ص نمبر 341

سوال نمبر(4)۔عورت کے کل یا ایسے جزء کی طرف طلاق کو منسوب کیا جس کو کل سے تعبیر کی جاتی ہے تو اس کا کیا حکم ہے وضاحت کے ساتھ بیان فرمائیں؟

سوال نمبر (5)۔اگر کسی نے اپنی بیوی کو کہا یَدُكِ طَالِقٌ یَا رِجْلُكِ طَالِقٌ تو کیا طلاق واقع ہوگی کہ نہیں مع اختلاف ودلائل بیان فرمائیں؟

سوال نمبر (6)۔اگر کسی نے اپنی کہ نصف کو طلاق دیا یا ثلث کو طلاق دیا تو کیا طلاق ہوگی اگر طلاق واقع ہوگی تو کتنی؟

صفحہ نمبر (7)۔اگر کسی نے اپنی بیوی کو انت طالق ثلاثة انصاف تطلیقتین کہا تو کتنی طلاق واقع ہوگی تفصیل بھی درکار ہے؟

سوال نمبر (8)۔ انت طالق من واحدة الی اثنتین اور من واحدة الی ثلاث یا ما بین واحدة الی ثلاث کے الفاظ سے کتنی طلاق واقع ہوگی؟

سوال نمبر (9)۔ انت واحدة فی ثنتین کے الفاظ سے طلاق دی خواہ ضرب وحساب کی نیتیں کی ہوں یا نہیں کتنی طلاق واقع ہوگی؟

سوال نمبر (10)۔ انت طالق من ھھنا الی الشام کہنے سے طلاق واقع ہوگی کہ نہیں؟

سوال نمبر (11). انت طالق بمكة یا فی مكة کے ذریعہ سے طلاق دی تو کیا طلاق مکہ میں واقع ہوگا یا فی الحال بالتوضیح جواب عنایت فرمائیں؟

سوال نمبر (12). انت طالق ان دخلت مکه کے ذریعہ سے کب طلاق واقع ہوگی اور کتنی ہوگی مع دلائل جواب عنایت فرمائیں

# فصل فی اضافة الطلاق الی الزمان

سوال.(1).اَنْتِ طَلَاقٌ غَدًا سے کب طلاق واقع ہوگی؟

سوال..(2)..اَنْتِ طَالِقٌ اَلْیَوْمَ غَدًا یَا غَدًا الْیَوْمَ کہنے سے طلاق کا کیا حکم ہے؟

سوال.(3)..اَنْتِ طَالِقٌ فِی غَدٍ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال..(4).اَنْتِ طَالِقٌ اَمْسِ سے طلاق دی حالانکہ آج نکاح کیا طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

سوال.(5).اَنْتِ طَالِقٌ قَبْلَ أَنْ اَتَزَوَّجَكِ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال.(6).اَنْتَ طَالِقٌ مَالَمْ اُطَلِّقكِ اَوْ مَتٰی لَمْ اُطَلِّقُكِ اَوْ مَتٰی مَالَمْ اُطَلِّقُكِ کے الفاظ سے طلاق واقع ہوگی یانہیں ؟

سوال.(7).اَنْتِ طَالِقٌ اِنْ لَمْ اُطَلِّقُكِ سے طلاق واقع ہوگی یانہیں ؟

سوال.(8).اَنْتِ طَالِقٌ اِذَا لَمْ اُطَلِّقُكِ وَاِذَا مَالَمْ اُطَلِّقُكِ کے الفاظ سے طلاق واقع ہوگی یا نہیں ؟

سوال.(9).اَنْتِ طَالِقٌ مَالَمْ اُطَلِّقُكِ اَنْتِ طَالِقٌ کے الفاظ سے طلاق کا کیا حکم ہے ؟

سوال.(10).يَوْمَ اَتَزَوَّجُكِ فَأنتِ طَالِقٌ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے ؟

سوال.(11).اَنَا مِنْكَ طَالِقٌ میں نیت طلاق سے طلاق واقع ہوگی یانہیں ؟

سوال.(12).اَنْتِ طَالِقٌ او لا سے کیا حکم ہے ؟

سوال:(13)۔أَنْتِ طَالِقٌ مَعَ مَوْتِي یاأَنْتِ طَالِقٌ مَعَ مَوْتِكِ سے طلاق واقع ہوگی یانہیں ؟

سوال:(14)۔شوہر بیوی کا یاکسی حصہ کا مالک ہوجائے یاعورت شوہر کی مالک یاکسی حصہ کی مالک ہوجائے تونکاح باقی رہے گا یانہیں ؟

سوال:(15)۔اپنی بیوی، باندی سے کہاکہ تو دو طلاق والی ہے تیرے مولی کے تجھے آزاد کرنے کے بعد، آقانے آزاد کردیا توشوہر رجعت کرسکتاہے یانہیں ؟

سوال:(16)۔کسی نے اپنی بیوی باندی سے کہاتوکل دو طلاق والی ہے اور اس کے آقانے کہاتو کل آزاد ہے کل آگیاہے توباندی پرکتنی طلاق واقع ہوں گی ؟

سوال:(17)۔أَنْتِ طَالِقٌ هٰكَذَا کہ کرانگوٹھے، سبابہ اور وسطی سے اشارہ کیاتوکتنی طلاق واقع ہوں گی ؟

سوال:(18)۔طلاق کوشدت یازیادت کے وصف کے ساتھ متّصف کیاتوکتنی طلاق واقع ہوں گی ؟

سوال:(19)۔أَنْتِ طَالِقٌ اَفْحَشُ الطَّلَاقِ: سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(20)۔أَنْتِ طَالِقٌ كَالْجَبَلِ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(21)۔اَنْتِ طَالِقٌ اَشَدَّ الطَّلَاقِ اَوْ كَأَلْفٍ اَوْ مِلْءُ الْبَيْتِ سے کتنی طلاق واقع ہوں گی ؟

سوال:(22)۔أَنْتِ طَالِقٌ تَطْلِيْقَةٌ شَدِيْدَةً اَوْ عَرِ يْضَةً اَوْ طَوِ يْلَةً سے کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(23)۔دخول سے پہلے تین طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(24)۔اگر تین طلاق جدا جدا دیں تو کتنی طلاق سے بائنہ ہوگی؟

سوال:(25)۔أَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةٌ وَوَاحِدَةٌ سے طلاق دینے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(26)۔أَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةٌ قَبْلَ وَاحِدَةٍ أَوَ بَعْدَهَا وَاحِدَةٌ سے کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(27)۔أَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةٌ مَعَ وَاحِدَةٍ اَوْمَعَهَا وَاحِدَةٌ سے کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(28)۔اِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَأَنتِ طَالِقٌ وَوَاحِدَةٌ کے الفاظ سے طلاق دی اور عورت گھر میں داخل ہوئی ایک طلاق واقع ہوگی یا دو اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(29)۔الفاظ کنائی سے کب طلاق واقع ہوتی ہے؟

سوال:(30)۔طلاق کنائی کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال:(31)۔تین الفاظ کنائی سے کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(32)۔بقیہ کنایات سے طلاق کی نیت ہو تو ایک طلاق بائن اور اگر تین کی نیت ہو تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(33)۔پہلے تین الفاظ کے علاوہ بقیہ کنایات میں کونسی طلاق واقع ہوتی ہے امام شافعی کا نقطہ نظر کیا ہے؟

سوال:(34)۔اِعْتَدِّي ،اِعْتَدِّي، اِعْتَدِّي سے پہلی طلاق کی نیت کی اور دوسری، تیسری میں حیض کی نیت کی تو کیا حکم ہے؟

# باب تفویض الطلاق

## فصل فی الاختیار

سوال:(1)۔اِخْتَارِي طَلِّقِي نَفْسَكِ سے عورت کو اختیار طلاق دے سکتے ہیں یا نہیں؟

سوال:(2)۔عورت کا خیار طلاق کب ختم ہوجائے گا؟

سوال:(3)۔اِخْتَارِي کے جواب میں عورت نے نفس کا اختیار کرلیا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟
سوال:(4)۔لفظ "نفس" کا زوجین کے کلام میں ہونا ضروری ہے یا کسی ایک کے کلا میں بھی؟
سوال:(5)۔مرد نے اِخْتَارِي نَفْسَكِ کہا عورت نے اِخْتَرْتُ کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟
سوال:(6)۔شوہر نے اِخْتَارِي کہا عورت نے اَنَا اخْتَارُ نَفْسِي کہا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟
سوال:(7)۔شوہر نے اِخْتَارِي اِخْتَارِي اِخْتَارِي کہا اور عورت نے اِخْتَرْتُ الأُوْلیٰ وَالْوُسْطیٰ وَالاخِیْرَۃَ کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟
سوال:(8)۔مرد نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ فِي تَطْلِيْقةٍ یا اِخْتَارِي تَطْلِيْقَةً کہا اور عورت نے اپنے نفس کو اختیار کرلیا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

# فصل فی الامر بالید

سوال:(1)۔مرد نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ کہا اور تین طلاق کی نیت کی عورت نے اِخْتَرْتُ نَفْسِي بِوَاحِدَةٍ کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟
سوال:(2)۔عورت نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ کے جواب میں طَلَّقْتُ نَفْسِي بِوَاحِدَةٍ یا اِخْتَرْتُ نَفْسِي بِتَطْلِيْقَةٍ کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟
سوال:(3)۔مرد نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ الْيَوْمَ وَ بَعْدَ غَدٍ کہا تو رات داخل ہوگی یا نہیں؟
سوال:(4)۔مرد نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ الْيَوْمَ وَغَدًا کہا تو رات داخل ہوگی یا نہیں؟
سوال:(5)۔مرد نے اَمْرُكِ بِيَدِكِ يَوْمَ يَقْدَمُ فُلَانٌ کہا وہ فلاں آ گیا اور عورت کو اس کے آنے کا علم نہ رہا یہاں تک کہ رات آگئی تو عورت طلاق دے سکتی ہے یا نہیں؟
سوال:(6)۔عورت کے معاملہ کو اس کے ہاتھ میں دیا یا اس کو طلاق کا اختیار دیا پھر عورت اسی مجلس میں ایک دن ٹھہری رہی تو کیا حکم ہے؟
سوال:(7)۔اگر عورت سُن رہی ہو اور اسے مجلس کا اعتبار یا علم نہیں تھا تو کیا حکم ہے؟
سوال:(8)۔عورت کھڑی تھی بیٹھ گئی تو عورت کو اختیار ہوگا یا نہیں؟

# فصل فی المَشیَۃ

سوال:(1)۔عورت کو طَلِّقِي نَفْسَكِ کہا کوئی نیت نہیں تھی یا ایک کی نیت تھی عورت نے طَلَّقْتُ نَفْسِي کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(2)۔شوہر نے طَلِّقِي نَفْسَكِ کہا عورت نے اَبَنْتُ نَفْسِي یا اِخْتَرْتُ نَفْسِي کہا تو کون سی طلاق واقع ہوگی؟

سوال:(3)۔طَلِّقِي نَفْسَكِ کہہ کر کیا شوہر قول سے رجوع کر سکتا ہے؟

سوال:(4)۔طَلِّقِي نَفْسَكِ مَتٰى شِئْتِ کہا تو عورت خود کو کب طلاق دے سکتی ہے؟

سوال:(5)۔طَلِّقِي نَفْسَكِ ثَلَاثًا کہا عورت نے طَلَّقْتُ وَاحِدَةً کہا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(6)۔مرد نے طَلِّقِي نَفْسَكِ وَاحِدَةً کہا یا فَطَلَّقْتُ نَفْسَهَا ثَلَاثًا کہا تو کوئی طلاق واقع ہوگی یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(7)۔شوہر نے طلاق رجعی دینے کو کہا عورت نے بائنہ دیدی یا بائنہ دینے کو کہا اس نے رجعی دیدی تو کونسی طلاق واقع ہوگی؟

سوال:(8)۔مرد نے طَلِّقِي نَفْسَكِ ثَلَاثًا اِنْ شِئْتِ کہا عورت نے ایک طلاق دیدی تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

سوال:(9)۔مرد نے طَلِّقِي نَفْسَكِ وَاحِدَةً إِنْ شِئْتِ کہا عورت نے تین طلاق واقع کیں تو طلاق کا کیا حکم ہے؟

سوال:(10)۔مرد نے أَنْتِ طَالِقٌ إِنْ شِئْتِ کہا عورت نے شِئْتُ إِنْ شِئْتَ کہا مرد نے شِئْتُ کہا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(11)۔اگر مرد نے اَنْتِ طَالِقٌ اِذَا شَئْتِ اَوْ اِذَا مَا شِئْتِ اَوْ فِي مَا شِئْتِ کہا عورت نے اس امر کو رد کر دیا تو یہ رد ہوگا یا نہیں؟

سوال:(12)۔مرد نے اَنْتِ طَالِقٌ كُلَّمَا شِئْتِ کہا تو عورت خود کو کتنی طلاق دے سکتی ہے؟

سوال:(13)۔مرد نے اَنْتِ طَالِقٌ حَيْثُ شِئْتِ اَوْ اَيْنَ شِئْتِ کہا تو طلاق کا کیا حکم ہے؟

سوال:(14)۔مرد نے اَنْتِ طَالِقٌ كَيْفَ شِيْتِ کہا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟

سوال:(15)۔مرد نے اَنْتِ طَالِقٌ كَمْ شِئْتِ أَوْ مَا شِيْتِ کہا تو عورت خود کو کتنی طلاق دے سکتی ہے؟

سوال:(16)۔مرد نے طَلِّقِي نَفْسَكِ مِنْ ثَلَاثٍ مَا شِئْتِ کہا تو عورت خود کو کتنی طلاق دے سکتی ہے؟

# باب الایمان فی الطلاق

سوال:(1)۔طلاق کو نکاح پر معلق کیا تو کیا نکاح کے بعد طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟
سوال:(2)۔اگر طلاق کو شرط پر معلق کیا تو کیا حکم ہے؟
سوال:(3)۔اجنبیہ کو کہا انْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَأَنْتِ طَالِقٌ پھر اس سے نکاح کر لیا وہ گھر میں داخل ہوئی طلاق واقع ہوگی یا نہیں؟
سوال:(4)۔الفاظ شرط کیا ہیں؟
سوال:(5)۔جب شرط پائی جائے تو یمین کا کیا حکم ہے؟
سوال:(6)۔كُلَّمَا دَخَلَتِ الدَّارَ فَأَنْتِ طَالِقٌ پر متفرع مسئلہ کی وضاحت کریں؟
سوال:(7)۔كُلَّمَا تَزَوَّجتُ اِمْرَأَةً فَهِيَ طَالِقٌ سے معلق کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(8)۔یمین کے بعد ملک کا زوال کیا اس کو باطل کر دیتا ہے؟
سوال:(9)۔اگر شرط میں زوجین کا اختلاف ہو جائے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟
سوال:(10)۔اگر شرط ایسی ہے جو عورت ہی سے معلوم ہو سکتی ہے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟
سوال:(11)۔شوہر نے کہا إِنْ كُنْتِ تُحِبِّيْنَ أَنْ يُعَذِّبَكَ اللهُ فِي نَارِ جَهَنَّمَ فَأَنْتِ طَالِقٌ وَعَبْدِي حُرٌّ عورت نے کہا اُحِبُّهٗ تو یہ قول عورت کا معتبر ہوگا یا نہیں اور غلام آزاد ہوگا یا نہیں؟
سوال:(12)۔اگر شوہر نے کہا إِنْ كُنْتِ تُحِبِّينِي فَأَنْتِ طَالِقٌ وَهٰذِهٖ مَعَكَ عورت نے کہا اُحِبُّكَ تو طلاق واقع اور غلام آزاد ہونے کے متعلق کیا حکم ہے؟
سوال:(13)۔شوہر نے کہا إِذَا حِضْتِ فَأَنْتِ طَالِقٌ عورت نے خون دیکھا تو کب طلاق واقع ہوگی؟
سوال:(14)۔اگر شوہر نے کہا إِذَا حِضْتِ حَيْضَةً فَأَنْتِ طَالِقٌ تو عورت کو کب طلاق واقع ہوگی؟
سوال:(15)۔شوہر نے کہا أَنْتِ طَالِقٌ إِذَا صُمْتِ يَوْمًا تو کب طلاق واقع ہوگی؟

سوال:(16)۔شوہر نے بیوی سے کہا إِذَا وُلِدّتِ غُلَامًا فَأَنْتِ طَالِقٌ وَاحِدَةً وَإِذَا وُلِدّتِ جَارِيَةً فَأَنْتِ طَالِقٌ ثِنَتَيْنِ لڑکا اور لڑکی دونوں کو جنا تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(17)۔شوہر نے منکوحہ سے کہا إِنْ كَلَّمْتِ اَبَاعَمْرٍو وَاَبَا يُوْسُفَ فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا پھر ایک طلاق دیدی بائنہ ہوگئی اور اس کی عدت گزر گئی پھر اس نے ابو عمرو سے اس حال میں کلام کیا کہ وہ اس کی بیوی نہیں تھی پھر عورت سے نکاح کرلیا پھر عورت نے ابو یوسف سے کلام کیا اس حال میں کہ وہ اس کی بیوی ہے تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(18)۔شوہر نے إِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا کہا پھر دو طلاقیں دیں اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کرلیا پھر شوہر ثانی سے مطلقہ ہوکر شوہر اول کے نکاح میں آئی اب یہ گھر میں داخل ہوئی تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

سوال:(19)۔شوہر نے إِنْ دَخَلْتِ الدَّارَ فَأَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا کہا پھر کہا أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا اس نے دوسرے سے نکاح کیا اس نے دخول بھی کرلیا پھر پہلے شوہر کی طرف لوٹ کر آئی اور گھر میں داخل ہوئی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(20)۔شوہر نے بیوی سے کہا کہ جب میں تجھ سے جماع کروں تجھے تین طلاق اس نے جماع کیا تو کب تین طلاق واقع ہوں گی اور مہر کب واجب ہوگا اور کب نہیں؟

سوال:(21)۔شوہر نے بیوی کو أَنْتِ طَالِقٌ إِنْ شَاءَ اللهُ مُتَّصِلًا کہا تو طلاق واقع ہوگی یا نہیں ؟

سوال:(22)۔شوہر نے منکوحہ سے کہا أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا إِلَّا وَاحِدَةً تو کتنی طلاق واقع ہوں گی اور اگر کہا أَنْتِ طَالِقٌ ثَلَاثًا إِلَّا ثِنَتَيْنِ تو کتنی طلاق واقع ہوں گی؟

## باب طلاق المریض

1: مرض الموت میں طلاق بائن دینے کا حکم کیا ہے

صفحہ نمبر 371

2: عورت کے کہنے پر تین طلاقیں دی یا اختاري کہا اور عورت نے اخترت نفسي کہا یا عورت نے خلع کردیا پھر شوہر مر گیا اور عورت عدت میں ہے تو عورت کو میراث ملے گی یا نہیں

3: شوہر نے عورت کو مرض الموت میں کہا کہ میں نے تجھے حالت صحت میں تین طلاقیں دیں اور تیری عدت گزر چکی عورت نے تصدیق کی پھر عورت کے لیے دین کا اقرار کیا یا وصیت کی تو عورت کو کیا چیز ملے گی اقوال فقہاء کی روشنی میں تحریر کریں

صفحہ نمبر 372

4: وہ شخص جو قلعہ میں محصور ہو یا صف قتال میں ہو اور عورت کو تین طلاقیں دیں تو عورت وارث ہوگی یا نہیں

5: اور اگر وہ شخص کسی مرد سے مقابلے کے لئے نکلا یا پیش کیا تا کہ قصاص یا رجم میں قتل کیا جائے پھر اسی وجہ سے مرا یا قتل کیا گیا تو عورت وارث ہوگی یا نہیں

6: مرد کا عورت کو حالت صحت میں کہنا إذا جاء رأس الشهر یا إذا دخلت الدار یا إذا صلى فلان الظهر یا إذا دخل فلان الدار تو تم طلاق والی ہو اور یہ تمام امور پائے گئے لیکن شوہر مریض ہے تو عورت وارث ہوگی یا نہیں اور اگر شوہر کا یہی قول حالت مرض تھا تو عورت وارث ہوگی یا نہیں

سوال (7) اگر کسی نے اپنی بیوی کو حالت مرض میں تین طلاقیں دیں پھر مر گیا اس کے بارے میں امام زفر کے قول کو بالتفصیل بیان کریں

سوال (8) اگر کسی نے مرض الموت میں عورت کو طلاق دیں والعیاذ باللہ پھر عورت مرتد ہو کر مسلمان ہو گی پھر شوہر اس مرض میں فوت ہو گیا اور یہ عدت میں تھی تو وارث نہیں ہوگی اور اگر مرتد نہیں ہوئی بلکہ شوہر کے بیٹے کو اپنے اوپر جماع کی قدرت دی وارث ہوگی ان دونوں صورت میں وجہ فرق بیان کریں

سوال (9) حالت صحت میں عورت پر تہمت زنا لگائی تو کیا عورت وارث ہوگی یا نہیں امام محمد کا نقطہ نظر بیان کریں

سوال (10) تندورستی کی حالت میں اپی بیوی سے ایلاء کیا پھر ایلاء کی وجہ سے عورت بائنہ ہو گئ اور مرد مریض ہے تو عورت وارث ہوگی یا نہیں اور اگر ایلاء مرض موت میں تو عورت وارث ہو گی یا نہیں

سوال(11) ہر وہ طلاق جس میں شوہر کو رجوع کا اختیار ہے ان صورتوں میں عورت وارث ہو گی یا نہیں

## باب الرجعة

سوال (1) مرد نے اپنی بیوی کو ایک طلاق یا دو طلاق رجعی دی تو کیا شوہر عورت کے رضامندی کے بغیر رجوع کر سکتا ہے نیز رجوع کی کتنی قسمیں ہیں؟

سوال(2) رجوع پر گواہ بنانا کیسا اور اگر کسی نے بغیر گواہ کے رجوع کی تو درست ہوگی یا نہیں اقوال فقہاء کی روشنی میں تحریر کریں

سوال (3) عورت کی عدت گزر گئی شوہر نے کہا میں عدت میں رجوع کیا تھا اور عورت نے تصدیق کر دی تو رجوع دورست ہو گا یا نہیں اور اگر عورت نے تکذیب کر دی تو کس کا قول معتبر مانا جائے گا

سوال(4) مرد نے کہا میں رجوع کر چکا تھا اور عورت کہتی ہے کہ میری عدت گزر چکی تھی یہ رجوع معتبر ہے یا نہیں اقوال فقہاء کی روشنی میں تحریر کریں

سوال(5) باندی کے شوہر نے اسکی عدت گزرنے کے بعد کہا کہ میں رجوع کر چکا تھا مولی نے شوہر کی تصدیق کر دی اور باندی تکذیب کرتی ہے تو قول کس کا معتبر ہو گا اقوال فقہاء کی روشنی میں تحریر

سوال(6) رجوع کا حق کون سے حیض کے بعد ختم تصور کیا جائے گا بالتفصیل بیان کریں

سوال (7) عورت نے غسل اور بدن کے کسی عضو پر پانی پہچانا بھول گئی اگر عضو کامل یا ایک عضو سے زیادہ پر پانی نہیں پہنچا تو رجوع کا حق ہو گا یا نہیں اور اگر ایک عضو سے کم ہے تو اس صورت میں رجوع کا حق ہو گا یا نہیں

سوال(8) حاملہ بیوی کو طلاق دی یا اس نے اس مرد سے بچہ جنا اور شوہر نے کہا میں نے اس سے جماع نہیں کیا شوہر کے لئے رجوع کا حق ہو گا یا نہیں

سوال(9) عورت کے ساتھ خلوت کی اور دروازہ بند کر لیا اور پردہ لٹکا دیا اور کہا لم اجامعھا پھر طلاق دیدی رجوع کا اختیار ہو گا یا نہیں

سوال (10) عورت کو کہا اِذا ولدت فائنت طالق عورت نے بچہ جنا پھر دوسرا بچہ لائی تو ولادت ثانیہ رجوع ہے یانہیں

سوال (11) مرد نے کہا کلما ولدت ولدا فائنت طالق پھر عورت نے تین بچے جنے تو پہلا بچہ کیا ہے اور دوسرا اور تیسرا بچہ کیا ہے

سوال (12) مطلقہ رجعیہ کے لئے زیب وزینت کا حکم کیا ہے

سوال (13) طلاق رجعی وطی کو حرام کرتی ہے یانہیں نیز امام شافعی علیہ الرحمہ کا نقطہ نظر بیان کریں

## فصل فیما تحل بہ المطلقة

سوال نمبر 1۔ حرہ کو تین طلاقیں یا باندی کو دو طلاقیں دیں تو شوہر اول کے لیے کب حلال ہوگی؟

سوال نمبر 2۔ کیا صبی مراہق (جو قریب البلوغ ہو) حلالہ کرنے میں بالغ کی طرح ہے یانہیں ؟

سوال نمبر 3۔ مولی کا اپنی باندی سے وطی کرنا حلالہ کے لیے کافی ہوگا یانہیں ؟

سوال نمبر 4۔ حرہ کو ایک یا دو طلاقیں دیدیں عورت کی عدت گزر چکی اور دوسرے شوہر سے نکاح کرلیا پھر پہلے شوہر کے پاس لوٹ آئی تو کتنی طلاق کے ساتھ لوٹے گی ؟

سوال نمبر 5۔ عورت کو تین طلاقیں دیں عورت نے کہا میری عدت گزر چکی اور دوسرے شوہر سے نکاح کیا اور اس نے دخول کیا اور طلاق دیدی اور میری عدت گزر چکی اس سے شوہر اول کے لیے کب نکاح کرنا جائز ہے ؟

# درجہ سادسہ ششماہی دوم

## باب العدة

سوال:(۱)۔وہ عورت جسے شوہر نے طلاقِ بائنہ یا طلاقِ رجعی دی یا فرقت بغیر طلاق کے واقع ہوئی اور عورت حیض والی ہے اس کی عدت امام اعظم کے نزدیک کتنی ہے اور امام شافعی کے نزدیک کتنی ہے مع دلائل بیان کریں، نیز دونوں کا لفظ قروء کے بارے میں کیا اختلاف ہے؟

سوال:(۲)۔وہ عورت جسے صغر یا کبر کی وجہ سے حیض نہ آتا ہو تو اُس کی عدت کتنی ہے؟

سوال:(۳)۔حاملہ عورت کی عدت کتنی ہے دلیل کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۴)۔باندی کی عدت حیض کی صورت میں کتنی ہے اور طلاق کتنی ہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۵)۔اور اگر باندی کو حیض نہ آتا ہو تو اس کی عدت کتنی ہے مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۶)۔اگر مطلقہ شوہر کے مرض الموت میں وارث ہوئی تو امام اعظم کے نزدیک ابعد الاجلین میں سے کونسی عدت شمار ہوگی اور امام یوسف کا موقف ہے مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۷)۔اگر باندی طلاق رجعی کی صورت میں آزاد ہوئی تو اُس کی عدت کتنی ہوگی اگر مبتوتہ یا متوفی عنہا زوجہا عدت میں آزاد ہوگئی تو اُس کی عدت کتنی ہوگی؟

سوال:(۸)۔آئیسہ مہینوں سے عدت گزار رہی تھی پھر حیض والی ہوگئی تو اب کیا کرے از سرِ نو شروع کرے یا گزری ہوئی عدت کو شمار کرے؟

سوال:(۹)۔اگر حیض کے ساتھ عدت گزار رہی تھی پھر آئیسہ ہوگئی تو کس طرح عدت گزارے گی؟

سوال:(۱۰)۔منکوحہ نکاح فاسد اور مؤطوءیہ شبہ دونوں کی فرقت اور موت میں عدت مہینوں سے ہوگی یا حیض سے؟

سوال:(۱۱)۔ام الولد کا مولی فوت ہو گیا یا اُسے آزاد کر دیا تو اُس کی عدت کتنے حیض ہوگی مع اختلاف ائمہ بیان کریں؟

(۱۰)۔صغیر اپنی بیوی کو چھوڑ کر مر گیا اور وہ اس وقت حاملہ تھی تو اُس کی عدت امام ابوحنیفہ کے نزدیک کتنی ہے،اور امام ابویوسف کے نزدیک کیا ہے
مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔شوہر نے بیوی کو حالت حیض میں طلاق دی اس حیض کو عدت میں شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(۱۳)۔معتدہ کے ساتھ وطی بالشبہ ہوئی اس پر دوسری عدت واجب ہے اور دونوں عدتوں میں تداخل ہوگا اور جو بھی حیض دیکھے دونوں سے شمار ہوگا دوسری عدت کا پورا کرنا ضروری ہے امام شافعی کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۱۴)۔معتدہ وفات کے ساتھ جب وطی کی گئ تو وہ مہینوں سے عدت گزارے گی یا حیض سے؟

سوال:(۱۵)۔عدت طلاق اور عدت وفات کب سے شروع ہوگی؟

سوال:(۱۶)۔عدت نکاح فاسد میں تفریق کے بعد سے ہوگی یا جب واطی نے ترک وطی پر عزم کرلیا امام زفر کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔معتدہ نے کہا میری عدت گزر چکی ہے زوج نے تکذیب کی تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

سوال:(۱۸)۔شوہر نے عورت کو طلاق بائنہ دی پھر عورت سے نکاح کرلیا اور دخول سے پہلے طلاق دیدی مرد پر کتنا مہر ہوگا اور عورت پر مستقل عدت لازم ہے یا نہیں،اقوال فقہا بیان کریں۔

سوال:(۱۹)۔مبتوتہ اور متوفی عنہا زوجہا جب بالغہ مسلمہ ہو تو اُس پر سوگ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۲۰)۔حداد(سوگ)کا مصداق اور اس کے تحت مسائل بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔کافرہ پر سوگ منانا ضروری ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۲)۔ام ولد کی عدت اور نکاح فاسد کی عدت میں سوگ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۲۳)۔معتدہ کو نکاح کا پیغام دینا کیسا ہے؟اور اشارۃ پیغام دینا کیسا ہے؟

سوال:(۲۴)۔مطلقہ رجعیہ اور مبتوتہ کارات اور دن گھر سے نکلنا جائز ہے یانہیں۔اور متوفی عنہا روجہا کادن اور رات کو نکلنا کیسا ہے؟

سوال:(۲۵)۔معتدہ اپنی عدت کس گھر میں گزارے گی جہاں رہتی تھی یا جہاں بھی گزار سکتی ہے؟

سوال:(۲۶)۔اگر شوہر کے گھر سے اس کا حصہ ناکافی ہے اور ورثہ اس کو اپنے حصہ سے نکال دیں تو عورت کیا کرے؟

سوال:(۲۷)۔اگر فرقت طلاق بائن یا تین طلاق کے ذریعہ واقع ہوئی تو مرد اور عورت کے درمیان عدت میں کیا ضروری ہے؟

سوال:(۲۸)۔اگر دونوں نے اپنے درمیان ایک ثقہ عورت کو حائل کرلیا جس کو درمیانی روک کی قدرت حاصل ہے تو درست ہے یانہیں اور اگر مکان تنگ ہو تو کیا کرے؟

سوال:(۲۹)۔اگر تین کی مسافت ہو اور عورت سفر میں ہو اور شوہر نے طلاق دیدی یا مر گیا تو کیا کرے لوٹ آئے یا چلی جائے؟

سوال:(۳۰)۔شوہر نے تین طلاقیں شہر میں دیں یا چھوڑ کر مر گیا تو عدت وہیں گزارے یا نکل سکتی ہے؟

## باب ثبوت النسب

(۱)۔مرد نے کہا"اِنْ تَزَوجتُ فُلَانَۃً فھِيَ طَالِقٌ"اس کے ساتھ نکاح کیا اس نے نکاح کے دن سے لے کر چھ ماہ میں بچہ جنا تو یہ بچہ کس کا ہوگا اور نسب ثابت ہوگا یانہیں؟نیز مرد پر مہر لازم ہوگا یانہیں؟

سوزل:(۲)۔مطلقہ رجعیہ کے بچے کا نسب کتنے سال تک جننے کی صورت میں ثابت ہوگا جبکہ اس نے عدت کے گزرنے کا اقرار نہ کیا ہو مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۳)۔مبتوتہ کے بچہ کا نسب کتنے سال تک جننے کی صورت میں ثابت ہوگا مع دلائل لکھیں؟

سوال:(۴)۔مبتوتہ صغیرہ ہوکہ اس جیسی عورت کے ساتھ جماع کیا جاسکتا ہے اگر اُس نے نوماہ سے کم میں بچہ جنا تو نسب ثابت ہوگا یا نہیں،اگر نوماہ میں جنا تو کیا حکم ہے اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال:(۵)۔متوفی عنہا زوجہا کے دوسال کے درمیان میں جنے ہوئے بچہ کا نسب ثابت ہوگا یا نہیں امام زفر کا اختلاف مفصل بیان کریں؟

سوال:(۶)۔جب معتدہ انقضاء عدت کا اقرار کرے پھر چھ ماہ سے کم میں بچہ جنے تو اُس بچہ کا نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۷)۔معتدہ کے بچہ کا نسب کب ثابت ہوتا ہے اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال:(۸)۔معتدہ وفات کے بچہ کی پیدائش کی تصدیق ورثہ نے کی اور کسی نے ولادت پر گواہی نہیں دی تو بچہ کا نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۹)۔جب مرد نے عورت سے نکاح کیا اس نے نکاح کے دن سے لے کر چھ ماہ سے کم میں بچہ جنا تو اُس کا نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۰)۔اگر بچہ جنا پھر اختلاف ہو گیا شوہر کہتا ہے میں نے چار مہینے سے نکاح کیا اور عورت چھ ماہ گزرنے کا دعوی کرتی ہے کس کا قول معتبر ہوگا بچہ کا نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۱)۔مرد نے بیوی سے کہا اِذَا وَلَدتِّ وَلَدًا فَأَنْتِ طَالِقٌ ایک عورت نے بچہ کی پیدائش پر گواہی دی مطلقہ ہوگی یا نہیں،اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔اگر شوہر نے عورت کے حاملہ ہونے کا اقرار کیا تو کب مطلقہ ہوگی اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔حمل کی اکثر مدت کتنی ہے؟

سوال:(۱۴)۔جس نے باندی سے نکاح کیا پھر طلاق دیدی پھر اسے خرید لیا اگر وہ خریدنے کے دن سے لے کر بچہ چھ ماہ سے کم میں لائی نسب ثابت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۵)۔باندی سے کہا ان کان فِي بَطْنِكِ وَلَدٌ فَهُوَ مِنِّي ایک عورت نے بچہ کی ولادت پر گواہی دی تو باندی ام ولد ہوگی یا نہیں؟

سوال:(١٦)۔غلام کو کہا ھُوَ اِبْنِي پھر فوت ہو گیا غلام کی ماں آئی اس نے کہا اَنَا اِمرأتُهٗ یہ عورت اس کی بیوی ہوگی یا نہیں اور بچہ اور عورت میں سے کون وارث ہوگا یا دونوں ہوں گے ؟

سوال:(١٧)۔اگر اس بچہ کے آزاد ہونے کے بارے میں علم نہیں ورثہ نے کہا اَنْتِ اُمّ وَلَدٍ اس کے لیے میراث ہوگی یا نہیں ؟

## باب حضانة الولد ومن احق به (بچہ کی حضانت کا کون زیادہ مستحق ہے)

سوال:(١)۔بچہ کی حضانت (پرورش) کی کون زیادہ مستحق ہے ؟

سوال:(٢)۔کن کن عورتوں کو پرورش کا حق بالترتیب حاصل ہے ؟

سوال:(٣)۔ان عورتوں کا حق حضانت کب ساقط ہوتا ہے ؟

سوال:(٤)۔بچے کی پرورش کے لیے اس کے اہل میں سے کوئی عورت نہ ہو تو مردوں میں سے کون حضانت کا مستحق ہے ؟

سوال:(٥)۔ماں اور نانی بچہ کی پرورش کی کب تک مستحق ہے ؟

سوال:(٦)۔لڑکی کی پرورش میں کون عورتیں زیادہ مستحق ہیں ؟

سوال:(٧)۔ماں اور نانی کے علاوہ عورت کو کب تک حق پرورش ہے ؟

سوال:(٨)۔باندی کو جب اس کے مولی نے آزاد کردیا اور ام ولد جب آزاد ہوکر گئی ولد کی پرورش میں کس عورت کی طرح ہے آزاد یا باندی ؟

سوال:(٩)۔ذمیہ اپنے مسلمان بچے کی حفاظت کی کب تک مستحق ہے ؟

سوال:(١٠)۔لڑکے اور لڑکی کو خیار ہے یا نہیں ،امام شافعی کا اختلاف کیا ہے ؟

سوال:(١١)۔مطلقہ اپنے بچہ کو شہر سے نکال کرلے جاسکتی ہے یا نہیں ؟

# باب النفقة

سوال:(۱)۔بیوی کا نفقہ شوہر پر ہے بیوی مسلمان ہو یا کافرہ، عورت کب تک مستحق نفقہ بنتی ہے؟اور نفقہ کیا کیا چیزیں ہیں؟

سوال:(۲)۔نفقہ میں مرد و عورت دونوں کی حالت کا اعتبار ہے؟

سوال:(۳)۔بیوی مہر کی وصولی کے لیے اپنے آپ کو روکے تو مستحق نفقہ ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۴)۔ناشزہ کا نفقہ شوہر پر لازم ہے یا نہیں؟

سوال:(۵)۔عورت صغیرہ ہو جس سے استمتاع نہ ہو سکتا ہو کیا وہ مستحق نفقہ ہوگی؟

سوال:(۶)۔عورت محبوس فی الدین ہو یا جبراً غصب کر لی گئی یا بغیر محرم کے حج کیا تو نفقہ شوہر پر لازم ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۷)۔اگر شوہر کے گھر میں مریض ہو جائے تو کیا نفقہ کی مستحق ہوگی؟

سوال:(۸)۔موسر(مالدار)مرد پر عورت اور اُس کے خادم کا نفقہ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۹)۔ایک خادم سے زیادہ کا نفقہ لازم کیا جائے گا یا نہیں،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔مرد بیوی کے نفقہ سے تنگدست ہو تو کیا دونوں میں تفریق کی جائے گی؟

سوال:(۱۱)۔اگر قاضی نے اعسار(غریب)کے نفقہ کا فیصلہ کیا پھر شوہر مالدار ہو گیا عورت نے مخاصمہ کیا تو نفقہ مالداری یا غربت والا واجب ہوگا؟

سوال:(۱۲)۔مدت گزر گئی اور شوہر نے خرچہ نہیں دیا اور عورت نے مطالبہ کیا عورت کے لیے کچھ ہوگا یا نہیں اگر قاضی نے مقرر کر دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۳)۔نفقہ کے فیصلہ کے بعد فوت ہو گیا اور کئی مہینے گزر گیے تو کیا نفقہ ساقط ہو جائے گا اگر عورت فوت ہو جائے تو کیا ہوگا؟

سوال:(۱۴)۔ایک سال کا نفقہ جلدی دیدیا پھر شوہر فوت ہو گیا تو کیا عورت کے لیے کچھ ہوگا یا نہیں اگر قاضی نے مقرر کر دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۵)۔مرد غلام نے آزاد عورت کے ساتھ نکاح کیا تو کیا نفقہ غلام پر دین ہو گا اور اسے بیچا بھی جا سکتا ہے؟

سوال:(۱۶)۔آزاد نے باندی سے نکاح کیا مولی نے شوہر کے گھر باندی کی رات گزروائی شوہر پر نفقہ لازم ہے اگر رات نہ گزروائے تو نفقہ لازم ہو گا یا نہیں اور کیوں؟

سوال:(۱۷)۔شوہر پر کیا الگ سکنی دینا ضروری ہے جس میں کوئی شوہر کے اہل میں سے نہ ہو؟

سوال:(۱۸)۔شوہر کا بیٹا اس کے علاوہ بیوی سے ہو شوہر اسے مکان میں رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۹)۔شوہر عورت کے ماں باپ، پہلے شوہر کے بیٹے کو اس کے پاس آنے سے روک سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۰)۔شوہر غائب ہو گیا اس کا مال ایک آدمی کے پاس تھا جو اُس کا اقرار کرتا ہے کہ یہ عورت اس کی بیوی ہے تو قاضی مال غائب میں بیوی اور اولاد صغار کا نفقہ مقرر کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۱)۔قاضی عورت سے کفیل لے گا یا نہیں؟

سوال:(۲۲)۔قاضی غائب کے مال میں والدین، بیوی اور اولاد صغار کے علاوہ کا نفقہ مقرر کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۳)۔شوہر نے عورت کو طلاق دیدی طلاق رجعی یا بائنہ عورت کے لیے عدت کا نفقہ اور سکنی ملے گا یا نہیں امام شافعی کا اختلاف بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔متوفی عنہا زوجہا کا نفقہ لازم ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۲۵)۔ہر ایسی فرقت جو عورت کی جانب سے ہو معصیت کی وجہ سے تو کیا نفقہ ہو گا؟

سوال:(۲۶)۔شوہر نے تین طلاقیں دیں ثم العیاذ اللہ عورت مرتدہ ہوگئی تو کیا پھر بھی اسے نفقہ ملے گا اور اگر شوہر کے بیٹے کو قدرت دیدی نفقہ ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۲۷)۔اولاد صغار کا نفقہ باپ پر ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۲۸)۔اگر صغیر رضیع ہو اس کی ماں پر لازم ہے یا نہیں کہ وہ اسے دودھ پلائے؟

سوال:(۲۹)۔باپ مرضعہ کو اجرت پر رکھے گا یا نہیں؟

سوال:(۳۰)۔اگر اجرت پر اپنی بیوی یا معتدہ کو دودھ پلانے کے لیے لیا تو اجرت پر ان کو لینا درست ہے یانہیں؟

سوال:(۳۱)۔اگر عورت کی عدت گزر گئی پھر اسے ارضاع کے لیے اجرت پر لیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۲)۔اگر باپ بچہ کی ماں کے علاوہ کو اجرت پر لائے اور ماں اجرت مثل پر راضی ہے تو کون دودھ پلانے کا زیادہ مستحق ہے؟

سوال:(۳۳)۔صغیر کا نفقہ جبکہ وہ باپ سے دین میں مخالف ہو لازم ہوگا یانہیں؟

سوال:(۳۴)۔آدمی پر اس کے ابوین اجداد،جدات کا نفقہ لازم ہے یانہیں اگر وہ فقیر ہوں اگر وہ دین میں مخالف ہوں تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۵)۔کن لوگوں کا نفقہ اختلاف دین کے باوجود واجب ہوتا ہے؟

سوال:(۳۶)۔نصرانی پر اس کے مسلمان بھائی کا نفقہ واجب ہے یانہیں اور مسلمان پر نصرانی بھائی کا نفقہ واجب ہے یانہیں؟

سوال:(۳۷)۔بیٹے کے ساتھ والدین کے نفقہ میں کوئی شریک ہوگا یانہیں؟

سوال:(۳۸)۔ذی رحم محرم کا نفقہ کب واجب ہوتا ہے؟

سوال:(۳۹)۔نفقہ میراث کی بقدر واجب ہوگا تو کیا اسے نفقہ پر مجبور کیا جائے گا؟

سوال:(۴۰)۔بالغ لڑکی اور اپاہج لڑکے کا نفقہ زوجین میں سے کس پر واجب ہوگا؟

سوال:(۴۱)۔ذوی الارحام کا نفقہ دینی اختلاف کی وجہ سے واجب ہوگا یانہیں؟

سوال:(۴۲)۔فقیر پر دوسروں کا نفقہ واجب ہوگا یانہیں؟

سوال:(۴۳)۔غائب بیٹے کا مال ہو اس سے والدین کا نفقہ دیا جائے گا یانہیں؟

سوال:(۴۴)۔باپ کے لیے بیٹے کے سامان کو اپنے نفقہ میں بیچنا جائز ہے یانہیں؟

سوال:(۴۵)۔اگر بیٹے کا مال اجنبی کے ہاتھ میں ہو اور اجنبی کے والدین پر بغیر حکم قاضی خرچ کیا ضامن ہوگا یانہیں؟

سوال:(۴۶)۔ قاضی نے بیٹے،والدین اور ذوی الارحام کا نفقہ کا فیصلہ کیا ایک مدت گرز گئی تو کیا گزری ہوئی مدت کا نفقہ ہوگا؟

سوال:(۴۷)۔ مولی پر اپنے غلام اور باندی کا نفقہ لازم ہوگا یا نہیں ،اور جانوروں کے مالک پر جانوروں کا نفقہ ہوگا یا نہیں؟

## کتاب الایمان (قسم کا بیان)

سوال(۱)۔ قسم کی کتنی قسمیں ہیں اور کون کون سی ہیں؟

سوال:(۲)۔ یمین غموس،یمین منعقدہ اور یمین لغو کسے کہتے ہیں اور کس قسم میں کفارہ ہوتا ہے ،نیز امام شافعی کا یمین غموس میں اختلاف بھی بیان کریں؟

سوال:(۳)۔ قصدًا قسم کھانے والے،مکرہ اور ناسی پر کفارہ واجب ہوگا یا نہیں؟

## باب مایکون یمینا ومالایکون یمینا

سوال:(۱)۔ اللہ کے اسماء ذاتی وصفاتی سے قسم کا حکم بیان کریں؟

سوال(۲)۔ غیراللہ کی قسم کھانے سے حالف ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۳)۔ حروفِ قسم کتنے ہیں اور کون سے ہیں؟

سوال:(۴)۔ الفاظ قسم کتنے اور کون کون سے ہیں؟

سوال:(۵)۔ فارسی کے کن الفاظ سے قسم منعقد ہوگی؟

سوال:(۶)۔ عَلَيَّ نَذْرٌ یا عَلَيَّ نَذْرُ اللهِ کہنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۷)۔ اگر میں ایسا کروں تو میں یہودی یا نصرانی یا کافر ہوں یہ قسم ہے یا نہیں؟

سوال:(۸)۔ اگر کہا میں نے ایسا کیا تو مجھ پر اللہ کا غضب یا اللہ کی پھٹکار ہو اس سے قسم کھانے والا شمار کیا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(۹)۔ کفارہ یمین میں کن کن چیزوں سے کفارہ ادا کیا جاسکتا ہے؟

سوال:(۱۰)۔ کفارہ کی اشیاء ثلاثہ پر قادر نہ ہو تو کتنے روزے رکھے؟

سوال:(۱۱)۔حنث پر کفارہ کو مقدم کرنے سے کفارہ ادا ہوگا یا نہیں نیز امام شافعی کا اختلاف کیا ہے؟

سوال:(۱۲)۔معصیت پر حلف کرنے کا حکم کیا ہے آیا اس قسم کو توڑ دے یا برقرار رکھے؟

سوال:(۱۳)۔کافر نے حالت کفر میں قسم کھائی یا اسلام لانے کے بعد حانث ہو گیا تو اُس پر کفارہ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۴)۔جس چیز کا میں مالک ہوں وہ مجھ پر حرام ہے کہنے سے وہ چیز حرام ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۱۵)۔کسی نے کُلُّ حِلٍّ عَلَيَّ حرَامٌ کہا یہ کھانے اور پینے پر محمول ہوگی یا جس کی نیت کی وہ مراد ہوگی؟

سوال:(۱۶)۔نذر مطلق،مانی اس کا پورا کرنا لازم ہے،یا نہیں،اور نذر معین کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۷)۔قسم کے متّصل ان شاءاللہ کہا حانث ہوگا یا نہیں؟

## فصل فی الکفارۃ

سوال:(۱)۔کفارہ یمین کی تعریف کریں،نیز اس میں کس کس چیز سے کفارہ دے سکتے ہیں؟

سوال:(۲)۔کفارہ کی اشیاء ثلاثہ (غلام آزاد کرنا،دس مسکینوں کو کپڑے پہنانا،دس مسکینوں کا کھانا کھلانا) پر قادر نہ ہو تو کتنے زورے رکھے؟

سوال:(۳)۔حانث ہونے سے پہلے کفارہ درست ہے یا نہیں،نیز امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(۴)۔معصیت وگناہ کے کام پر قسم کھائی تو قسم پوری کرے یا توڑ دے؟

سوال:(۵)۔کافر نے حالت کفر میں قسم کھائی پھر حانث ہو گیا،یا قسم کفر میں کھائی تھی اسلام لانے کے بعد حانث ہوا تو اس پر کفارہ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۶)۔جس چیز کا میں مالک ہوں وہ مجھ پر حرام ہے کہنے سے وہ چیز حرام ہوگی یا نہیں،نیز اگر اس کے ساتھ کا تعلق رکھا تو اس پر کفارہ اور عدم کفارہ کے متعلق احناف وشوافع کا کیا موقف ہے؟

سوال:(۷)۔کسی نے کُلُّ حِلٍّ عَلَيَّ حَرَامٌ کہا یہ کھانے اور پینے پر محمول ہوگا یا جس کی نیت کی وہ مراد ہوگی؟

سوال:(۸)۔نذر مطلق مانی اس کا پورا کرنا ضروری ہے یا نہیں، نیز نذر معین کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۹)۔قسم سے متّصل ان شاء اللہ کہا حانث ہوگا یا نہیں؟

# بابُ الیمین في الدّخُول والسُّکنیٰ

سوال:(۱)۔قسم کھائی بیت میں داخل نہیں ہوں گا تو اگر کعبہ، مسجد بیعہ یا کلیسا میں داخل ہونے سے حانث ہوگا یا نہیں دلیل کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲)۔قسم کھائی گھر میں داخل نہیں ہوگا، ویرانہ میں داخل ہوا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۳)۔قسم کھائی لَا یَدْخُلُ هٰذِهِ الدَّارَ پھر وہ گھر ویران ہو گیا اور دوبارہ بنایا گیا پھر داخل ہوا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۴)۔قسم کھائی کہ اس دار میں داخل نہیں ہوگا اس کی چھت پر کھڑا رہا حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۵)۔قسم کھائی کہ اس دار میں داخل نہیں ہوں گا حالاں کہ وہ اسی میں ابھی موجود ہے حانث ہوگا یا نہیں، اور اگر نکل کر چلا جائے پھر داخل ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۶)۔قسم کھائی کہ یہ کپڑا نہیں پہنے گا حالاں کہ ابھی وہ پہنے ہوئے تھا کہ فورًا اتار دیا حانث ہوگا یا نہیں، نیز اس کے متعلق اور بھی مسائل اپنی کتاب کے مطابق بیان کریں؟

سوال:(۷)۔قسم کھائی کہ اس گھر میں نہیں رہوں گا خود نکل گیا اور سازوسامان اس کے اہل وعیال اسی میں ہیں اور لوٹنے کا ارادہ بھی نہیں ہے حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۸)۔قسم کھائی اس شہر میں نہیں رہوں گا تو بچے اور سازوسامان ابھی منتقل نہیں کیے ہیں حانث ہوگا یا نہیں؟ نیز اس کے تحت اور مسائل بھی کتاب کے مطابق بیان کریں؟

# بَابُ الْيَمِيْنِ فِي الْخُرُوْجِ وَالاِتْيَانِ وَالرُّكُوْبِ وَغَيْرِ ذٰلِكَ

سوال:(۱)قسم کھائی کہ مسجد سے نہیں نکلے گا پھر ایک آدمی کو حکم دیا اس نے اٹھاکر باہر کردیا حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں۔

سوال:(۲)۔قسم کھائی کہ اپنے گھر سے جنازے کے علاوہ نہیں نکلے گا پھر جنازہ کے لیے نکلا پھر دوسرا کام بھی کرلیا حانث ہوگا یا نہیں، نیز اسی مسئلہ کے تحت اور جو مسائل ہیں وہ بھی بیان کریں؟

سوال:(۳)۔قسم کھائی کہ بصرہ ضرور آؤں گا پھر نہ آیا یہاں تک کہ فوت گیا تو فوراً حانث ہوگا یا زندگی کے آخری لحات میں؟

سوال:(۴)۔اوپر مسئلہ میں استطاعت کا لفظ ہے تو اس سے استطاعت صحت یا قدرت مراد ہے ،نیز امام اعظم اور امام محمد کا کیا اختلاف ہے؟

سوال:(۵)۔قسم کھائی کہ میری بیوی میری اجازت کے بغیر باہر نہیں نکلے گی اسے ایک مرتبہ اجازت دیدی پھر باہر نکلی پھر دوبارہ اجازت کے بغیر باہر نکلی حانث ہوگا کہ نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۶)۔اوپر مسئلہ کے متعلق کچھ مسائل اپنی کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۷)۔ایک آدمی نے کسی کو کہا اِجْلِس فَتَغَدَّ عِنْدِي اس نے کہا اگر میں ناشتہ کروں میرا غلام آزاد پھر اپنے گھر گیا وہاں جاکر ناشتہ کیا حانث ہوگا یا نہیں ،نیز امام اعظم اور امام یوسف کا موقف کیا ہے؟

## بَابُ الْيَمِيْنِ فِي الأَكْلِ وَالشُّرْبِ

سوال:(۱)۔قسم کھائی کہ اس کھجور سے نہیں کھاؤں گا اس سے درخت مراد ہوگا یا پھل اور رس کے کھانے سے حانث ہوگا؟

سوال:(۲)۔رطب اور بسر کے متعلق مسائل اپنی کتاب کے موافق بیان کریں؟

سوال:(۳)۔قسم کھائی کہ اس بچہ سے یا جوان سے کلام نہیں کروں گا پھر بوڑھا ہونے کے بعد کلام کیا حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۴)۔اگر قسم کھائی کہ میں اس بکری کے بچہ کا گوشت نہیں کھاؤں گا پھر اس کے بکرا یا مینڈھا ہونے کے بعد کھایا حانث ہوگا یا نہیں، مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۵)۔قسم کھائی کہ بسر نہیں کھائے گا پھر رطب کھالی حانث ہوگا یا نہیں؟ نیز بسر مذنب اور رطب مذنب کے بارے میں امام اعظم اور صاحبین کا موقف بیان کریں؟

سوال:(۶)۔قسم کھائی کہ رطب نہیں خریدوں گا پھر بسر کا خوشہ خریدا جن میں کچھ رطب بھی تھیں حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۷)۔قسم کھائی کہ گوشت نہیں کھاؤں گا پھر مچھلی کا گوشت کھالیا حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۸)۔قسم کھائی کہ گوشت نہیں کھاؤں گا پھر کلیجی یا اوجھڑی کھائی حانث ہوگا یا نہیں مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۹)۔قسم کھائی کہ چربی نہیں کھائے گا نہ خریدے گا تو کونسی چربی مراد ہوگی امام اعظم اور صاحبین کے موقف دلیل کے ساتھ بیان کریں؟

(۱۰)۔اور اگر یہ قسم کھائی کہ گوشت یا چربی نہیں کھاؤں گا پھر اس نے اس کے سرین کا حصہ کھایا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۱)۔قسم کھائی کہ اس گندم کو نہیں کھاؤں گا چبائے بغیر نگل گیا حانث ہوگا یا نہیں امام اعظم اور صاحبین کا موقف دلیل سے بیان کریں؟

سوال:(۱۲)۔قسم کھائی کہ اس آٹے سے نہیں کھائے گا پھر اُس کی روٹی کھالی حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۳)۔اگر قسم کھائی کہ روٹی نہیں کھاؤں گا تو کونسی روٹی مراد ہوگی، کونسی روٹی کھانے سے حادث نہیں ہوگا؟

سوال:(۱۴)۔اگر قسم کھائی کہ سر نہیں کھاؤں گا تو سر کا اطلاق کس کس حصے پر ہوگا؟

سوال:(۱۵)۔اگر کوئی قسم کھائے کہ سر نہیں کھائے گا تو کس جانور کا سر مراد ہے, امام اعظم اور صاحبین کے نزدیک مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔قسم کھائی کہ فاکھہ نہیں کھائے گا پھر انگور، انار ، تر خرما، ککڑی، کھیرا کھایا تو حانث ہو گا یا نہیں، امام اعظم اور صاحبین کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

(۱۷)۔قسم کھائی کہ ادام نہیں کھاؤں گا تو امام اعظم کے نزدیک ادام کا اطلاق کس پر ہوگا، نیز امام محمد ادام کے متعلق کیا فرماتے ہیں ،امام اعظم کے نزدیک کس چیز کے کھانے سے حانث ہو گا،اور صاحبین کے نزدیک کس چیز سے حانث ہو گا؟

سوال:(۱۸)۔ناشتہ نہ کرنے کی قسم کھائی غدا کا اطلاق کس کھانے پر ہو گا، نیز عشا اور سحر کس کھانے کو کہتے ہیں؟

سوال:(۱۹)۔کتنی مقدار میں کھانا مراد ہے جس کے کھانے سے حانث ہو گا؟

سوال:(۲۰)۔اگر کہا اِنْ لَبِسْتُ او اَکَلْتُ اَوْ شَرِبْتُ لِعبدی حُرٌّ پھر کہا میری یہ مراد نہیں تو کیا قضاء اور دیانتاً اس کی تصدیق کی جائے گی؟

سوال:(۲۱)۔اور اگر اِنْ اَکَلْتُ شَرَابًا یا اِنْ لِبسْتُ ثِیَابًا کہا تو قضاء اور دیانتًا تصدیق کی جائے ؟

سوال:(۲۲)۔قسم کھائی کہ دجلہ سے نہیں پیے گا پھر برتن سے پانی پی لیا تو حانث اور عدم حانث ہونے میں امام اعظم اور صاحبین کا کیا اختلاف ہے مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۲۳)۔اگر یہ کہا کہ دجلہ کے پانی سے نہیں پیوں گا تو کیا حکم ہے ؟

سوال:(۲۴)۔قسم کھائی کہ اِنْ لَمْ اَشْرِبِ الْمَاءَ الذِي فی هٰذا الْکُوز الیوم فامراته طالق اور کوزے میں پانی نہیں تھا تو حانث ہونے یا نہ ہونے کے تحت طرفین اور امام یوسف کے دلائل تفصیلا بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔اگر قسم کھائی کہ لَیُصْعِدَنَّ السَّمَاءَ یالَیَقلِبَنَّ الْحَجَرَ ذهبًا تو قسم درست ہوگی یا نہیں، نیز حانث ہونے یا نہ ہونے کے متعلق امام اعظم اور امام زفر کا کیا اختلاف ہے؟

# باب الیمین فی الکلام

سوال (1) اگر کسی نے قسم کھائی کے فلاں سے کلام نہیں کروں گا اور وہ سن رہا تھا مگر وہ سویا تھا تو حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (2) اگر کسی نے قسم کھائی کے فلاں کی اجازت کے بغیر کلام نہیں کرونگا اس نے اجازت دیدی اور اسے معلوم نہیں اس کلام سے کیا اب یہ حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (3) اگر قسم اٹھائی لا یُکَلِّمُه شَھرا قسم اٹھانے کے وقت سے مہینہ شمار ہوگا یا نہیں ؟

سوال: (4) اگر قسم کھائی کہ کلام نہیں کریگا پھر نماز میں قرآن پڑھا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (5) قسم کھائی فلاں شخص سے گفتگو کروں تو میری بیوی کو طلاق تو طلاق کب سے ہو گی ؟

سوال: (6) اگر کہا اِن کَلمتُ فُلَانًا اِلّا اَن یَقدِمَ فُلَانٌ یا حِتی یِقُومَ فُلَانٌ یا اِلا اَن یَاذَنَ فُلَان یا حتی یَاذَنَ فُلَانٌ اِمرَاَتَه طَالِقٌ فلان کے قدوم یا اذن سے حانث ہو جائیگا یا نہیں؟

سوال (7) اگر قسم کھائی کہ لَا یُکَلِمُ عَبدَ فُلَانٍ اور کسی معین غلام کی نیت نہیں کی یا فلا ں کی بیوی یا فلاں کے دوست سے کلام نہیں کروں گا مذکورہ الفاظ سے قسم اٹھانے کا کیا حکم ہوگا؟

سوال (8) اگر کسی معین غلام پر قسم کھائی یا کسی معین بیوی کے ساتھ یا کسی معین دوست کے ساتھ کلام نہیں کروں گا ان دونوں میں کس میں حانث ہوگا اور کس میں نہیں ہوگا؟

سوال (9) قسم کھائی کہ لَا یُکَلِمُ صَاحِبَ الطَیلِسَان اس نے چادر کو فروخت کر دیا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (10) قسم کھائی لَا یُکَلِمُ حَینًا وَ زَمَانًا کتنا زمانہ مراد ہوگا؟

سوال (11) کسی نے قسم کھائی لَا یُکَلِّمُ الدَّھرًا کتنے دن مراد ہوگے ؟

سوال (12) قسم کھائی کہ چند دن بات نہیں کروں گا کتنے دن مراد ہوں گے ؟

سوال (13) اگر غلام سے کہا اِن خَدِمتَنِی اَیامًا کَثِیرَۃً ایام کثیرہ کے مصداق کتنے دن ہوں گیں ؟

## بَابُ الیَمِینِ فِی العِتقِ وَالطَّلَاقِ

سوال (1) بیوی سے کہا جب تو بچہ جنے تجھے طلاق اس نے مرا ہوا بچہ جنا تو کیا طلاق واقع ہو گی یا نہیں ؟

سوال (2) کسی نے اپنی باندی سے کہا کہ تو جب بچہ جنے تو وہ بچہ آزاد ہے اس نے بچہ جنا کیا وہ آزاد ہوگا یا نہیں ؟

سوال (3) پہلا وہ غلام جسے میں خریدوں وہ آزاد ہے غلام خریدا وہ آزاد ہوگا یا نہیں ؟

سوال (4) کسی کہا آخری غلام جسے میں خریدوں وہ آزاد ہے غلام خریدا اور مولی مر گیا تو آزاد ہوگا یا نہیں نیز اگر اس نے ایک کے بعد دوسرا غلام خرید تو آزاد ہوگا یا نہیں ؟

سوال (5) کسی نے کہا کہ آخری وہ عورت جسے میں نکاح کروں اسے تین طلاق تو شوہر مر گیا تو اس کا حکم کیا ہے ؟

سوال : (6) آقا نے کہا ہر وہ غلام جو مجھے بیوی کے ہاں ولادت کی خوشخبری دے وہ آزاد ہے تینوں غلاموں نے علاحدہ علاحدہ خوشخبری دی تو کون آزاد ہوگا؟

سوال (7) اگر کسی نے کہا اِن اِشتَرَیتُ فُلَا نًا فَھُوَ حُرٌّ پھر کفارہ قسم کی طرف سے درست ہوگا یا نہیں ؟

سوال (8) اپنے ام ولد کو کفارہ کی نیت سے خریدا کفارہ درست ہوگا یا نہیں ؟

سوال (9) کسی نے کہا جاریہ سے ہمبستری کروں پھر اس سے ہمبستری کی تو وہ آزاد ہے یا نہیں ؟

سوال(10) کسی نے کہا کُلُ مَملُكٍ لی حُرٌ اس میں مکاتب داخل ہوگا یا نہیں؟
سوال(11) اپنی بیویوں کو کہا اس کو طلاق ہے یا اس کو اور اس کو طلاق ہے کس کس کو طلاق پڑے گی؟

## بَابُ الیَمِینِ فی البَیعِ والشراءِ والتزوجِ وغیرِ ذٰلک

سوال(1) قسم کھائی کہ لا یتزوج او لا یعتق او لا یطلق پھر کسی کو وکیل بنایا اس نے یہ امور کیے حانث ہوگا یا نہیں؟
سوال(2) اگر قسم کھائی غلام کو نہیں ماروں گا یا بکری ذبح نہیں کروں گا دوسرے کو ان کاموں کا حکم دیا حانث ہوگا یا نہیں؟
سوال(3) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ اپنے بچہ کو نہیں ماروں گا پھر دوسرے کو مارنے کا حکم دیا تو حانث ہوگا یا نہیں؟
سوال(4) کسی نے دوسرے کو کہا اگر میں یہ کپڑا بیچوں تو میری بیوی کو طلاق واقع ہو پھر محلوف علیہ نے کپڑے کو خلط ملط کر دیا پھر حالف نے بیچا اور وہ جانتا نہیں تھا حانث ہوگا یا نہیں؟
سوال(5) ایک شخص نے کہا یہ غلام آزاد ہے اگر میں اسے بیچوں، پھر خیار شرط کیساتھ بیچا تو غلام آزاد ہوگا یا نہیں؟
سوال(6) کسی نے کہا اگر میں اپنا غلام یا باندی نہ بیچوں تو میری بیوی پر طلاق ،غلام آزاد کر دیا یا مکاتب بنادیا بیوی پر طلاق ہوگی یا نہیں؟

## باب الیمین فی الحج والصلاۃ والصوم

سوال(1) جو شخص کعبہ یا کسی اور جگہ میں ہے اور کہا بیت اللہ شریف کی طرف پیدل چل کر جانا لازم ہے، اسپر پیدل حج یا عمرہ واجب ہے یا نہیں؟

سوال(2) کسی نے کہا مجھ پر بیت اللہ شریف کی طرف نکلنا یا جانا لازم ہے اس پر کچھ لازم ہے یا نہیں؟

سوال(3) کسی نے کہا اگر میں اسی سال حج نہ کروں تو میرا غلام آزاد ہے، پھر اس نے حج کیا اور دو گواہوں نے گواہی دی کہ اس شخص نے قربانی کوفہ میں کی،اس کا غلام آزاد ہوگا یا نہیں؟

سوال(4) روزہ نہ رکھنے کی قسم کھالی پھر روزے کی نیت کر لی اور ایک گھڑی روزہ رکھا پھر اس دن توڑ دیا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال(5) نماز نہ پڑھنے کی قسم کھالی پھر کھڑا ہو گیا قرات اور رکوع کیا حانث ہوگا یا نہیں؟

## باب الیمین فی لبس الثیاب والحلی وغیر ذالک

سوال(1) بیوی سے کہا کاتے ہوئے سوت کا کپڑا پہنوں تو ھدی ہے پھر روئی خریدی اور عورت نے کاتا پھر اس نے بنا اور پہنا تو وہ ھدی ہوگا یا نہیں؟

سوال(2) کسی نے قسم کھالی کہ زیور نہیں پہنے گا پھر چاندی کی انگوٹھی پہن لی حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال(3) قسم کھالی کہ فرش پر نہیں سوئے گا پھر بیچھونا بچھا کر سو گیا اب کیا حکم ہوگا؟

## باب الیمین فی القتل والضرب وغیرہ

سوال(1) قسم کھائی کہ اگر میں نے تم کو مارا تو میرا غلام آزاد تو یہ قسم کب تک محدود ہو گی؟

سوال(2) قسم کھائی کہ اگر میں تم کو غسل دوں تو میرا غلام آزاد ہے موت کے بعد غسل دیا تو حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (3) اگر کسی نے قسم اٹھائی کہ اپنی بیوی کو نہیں ماروں گا، لیکن اس کے سر کے بال کھینچے یا اس کا گلا دبادیا وغیرہ حانث ہوگا نہیں؟

سوال (4) اگر قسم کھالی کہ میں فلاں کو قتل نہ کروں تو میری کو طلاق اور فلاں مر چکا تھا تو حالف حانث ہوگا یا نہیں؟

## باب الیمین فی تقاضی الدرھم

سوال (1) قسم کھائی کہ میں فلاں کا عنقریب دَین ادا کردون گا تو کتنے دن مراد ہوں گے؟

سوال (2) قسم کھالی کہ فلاں کا دین ضرور بضرور آج ادا کردوں گا اور دین ادا کردیا فلاں نے بعض درہم کو کھوٹا پایا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (3) قسم کھالی کہ تھوڑا تھوڑا اصول نہیں کریگا پھر تھوڑا تھوڑا اصول کیا حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال (4) اگر میرے پاس سوائے سو روپے کے ہوں تو میری بیوی کو طلاق ہو کے الفاظ سے قسم کا کیا حکم ہے؟

سوال (5) قسم کھالی کہ فلاں کام نہیں کروں گا کتنی مدت مراد ہوگی؟

سوال (6) کہا کہ میں یہ کام ضرور بضرور کروں گا کتنی بار کرنا ہوگا؟

سوال (7) اگر کسی حاکم وقت نے کسی شخص کو قسم کی اس ملک میں جو شرم پسند آجائے تو ہمیں خبر دینا، یہ قسم کب تک برقرار رہے گی؟

سوال (8) اگر کسی نے قسم کھالی کہ میں اپنا غلام فلاں شخص کو دیدوں گا، پھر اس نے اسے ہبہ کردیا، مگر اس (فلاں) نے قبول نہیں کیا، اب کیا حکم ہوگا؟

سوال (9) وہ شخص جس نے ریحان نہ سونگھنے کی قسم کھالی پھر ورد یا یاسمین سونگھی حانث ہوگا یا نہیں؟

سوال(10) بنفشہ نہ خریدنے کی قسم کھالی اور نیت کچھ نہ تھی تو اب مراد کیا ہو گی؟

## فصل فی الشرکۃ الفاسدۃ

سوال:(۱)۔احتطاب اور اصطیاد میں شرکت کیسی ہے؟

سوال:(۲)۔دو آدمیوں نے اس طرح شرکت کی کہ ایک کا خچر اور دوسرے کا مشکیزہ جس سے پانی پلانے میں شرکت کی تو کمائی کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳)۔شرکت فاسدہ میں منافع کس طرح تقسیم ہوں گے؟

سوال:(۴)۔شریکین میں سے کوئی فوت ہو گیا یا مرتد ہو گیا اور دار الحرب چلا گیا تو شرکت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۵)۔کیا ایک شریک دوسرے شریک کی اجازت کے بغیر زکات ادا کر سکتا ہے؟

سوال:(۶)۔متفاوضین میں سے ایک نے دوسرے کو باندی خرید کر اس سے وطی کی اجازت دی دوسرے نے ایسا ہی کیا باندی کس کی ہو گی؟

سوال:(۷)۔مالک، باندی اور دونوں شریکوں میں سے کس سے ثمن وصول کرے گا؟

## کِتابُ الْوَقفِ

سوال:(۱)۔واقف کا وقف سے ملک کب زائل ہوتا ہے؟

سوال:(۲)۔وقف کے صحیح ہونے کی صورت میں شئ موقوفہ کس کی ملک میں چلی جاتی ہے؟

سوال:(۳)۔مشاع کے وقف کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۴)۔وقف تام کب ہوتا ہے؟

سوال:(۵)۔زمین کے وقف کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۶)۔منقولی اور محولی چیزوں کا وقف کیسا ہے؟

سوال:(۷)۔گھوڑے اور ہتھیاروں کے وقف کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۸)۔وقف صحیح ہونے کے بعد اس کی بیع اور تملیک کیسی ہے؟

سوال:(۹)۔وقف کی تعمیر کس آمدنی سے کی جائے؟

سوال:(۱۰)۔گھر کی رہائش وقف کی ہے تو عمارت کس کے لیے ہوگی؟

سوال:(۱۱)۔من لہ السکنی تعمیر وقف سے رک جائے یا فقیر ہو تو حاکم کیا کرے؟

سوال:(۱۲)۔وقف کی عمارت منہدم ہو جائے اور آلات ناقص ہو جائیں اس کا مصرف کیا ہے؟

سوال:(۱۳)۔کیا واقف وقف کی آمدنی یا تولیت اپنے لیے کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۴)۔مسجد بنانے والے کا ملک مسجد سے کب زائل ہوگا؟

سوال:(۱۵)۔مسجد کے نیچے تہہ خانہ اوپر بالا خانہ،مسجد کا دروازے بڑے راستہ پر نکالنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۶)۔گھر کے بیچ میں مسجد بنانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۷)۔جس نے اپنی زمین کو مسجد بنا دیا کیا وہ اسے بیچ سکتا ہے،یا رجوع کر سکتا ہے اور وارثت جاری ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۱۸۔سبیل،سرائے،چھاؤنی،مقبرہ بنانے کا حکم کیا ہے امام یوسف کا موقف کیا ہے؟

سوال:(۱۹)۔مکہ مکرمہ میں گھر کو حجاج اور معتمرین کی رہائش کے لیے وقف کرنے کا حکم ،غیر مکہ کے گھر کی رہائش مساکین، مجاہدین کے لیے وقف کرنے کا حکم اور اپنی زمین کے غلہ کو مجاہدین کے لیے وقف کرنے کا حکم کیا ہے؟

## کتاب الحدود

سوال (1) حد کی لغوی اور شرعی تعریف اور اجراء حد کی حکمت کیا ہے؟

سوال (2) ثبوت زنا کس سے ہوتا ہے؟

سوال (3) گواہی کا طریقہ کار کیا ہے؟

سوال (4) تفتیش زنا کیسے ہوتی ہے؟

سوال (5) زنا کے بارے میں گواہی کی کیفیت کیا ہوتی ہے؟

سوال (6) اقرار کا طریقہ کار کیا ہے؟

سوال (7) اتمام اقرار بعد تفتیش زنا کا طریقہ کار کیا ہے؟

سوال (8) اقرار سے رجوع کا کیا حکم ہے؟

سوال (9) امام کا رجوع کی تلقین کرنا کیسا؟

سوال (10) حد کی کیفیت اور اسکو کیسے قائم کرتے ہیں؟

سوال (11) رجم کا طریقہ کار کیا ہے؟

سوال (12) گواہ پتھر مارنے سے انکار کرے تو کیا حکم ہے؟

سوال (13) غیر محصن کی حد کیا ہے؟

سوال (14) کوڑے مارنے کا طریقہ کار کیا ہے؟

سوال (15) حد میں کہا کوڑے نہیں مارنا ہے؟

سوال (16) حدود میں کوڑے مارنے کی کیفیت کیا ہے؟

سوال (17) زانی غلام کی حد کیا ہے؟

سوال (18) کیا عورت کو رجم کے لیے گڑھا کھود سکتے ہیں؟

سوال (19) آقا غلام پر حد جاری کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال (20) احصان کب متحقق ہوگا؟

سوال (21) محصن کے لیے کوڑے اور رجم کو جمع کر سکتے ہیں؟

سوال (22) باکرہ مرد و عورت کی سزا میں کوڑوں اور جلاوطنی کو کیا جمع کر سکتے ہیں؟

سوال (23) محصن زانی (مریض) کو اس کو رجم کرنے کا حکم کیا ہے؟

سوال (24) حاملہ پر کب حد جاری کی جائے گی؟

تمام سنی مدارس اور جامعات المدینہ میں درس نظامی میں بہت ساری کتابیں پڑھائی جاتی ہیں کچھ کتابیں ایسی ہیں جو تمارین اور مشقوں پر مشتمل ہوتی ہیں جن کے حل سے سبق کافی حد تک ذہن میں محفوظ ہوجاتا ہے لیکن بہت ساری ایسی کتابیں بھی ہیں جن میں تمارین اور مشقیں نہیں ہیں اس لیے ارادہ کیا کہ جو کتابیں تمارین سے خالی ہیں ان کے اسباق کو ششماہی اول ودوم میں تقسیم کرکے سوالات اس طرح بنائیں جائیں کہ طلبہ آسانی سے اسباق یاد کرسکیں اور یاد کرنے میں کوئی پریشانی نہ ہواور سوالات اس طرح ہوں کہ پوری کتاب کو محیط ہوں تاکہ کتاب کا نقصان نہ ہو اس سلسلے کی ایک کڑی **درجہ سابعہ** میں پڑھائی جانے والی فقہ حنفی کی بہت مشہور کتاب **ھدایہ آخرین** سے ششماہی اور سالانہ میں متعیّنہ اسباق کے سوالات پیش خدمت ہیں ان کے ذریعہ اسباق کو کم وقت میں یاد کرسکتے ہیں اور درس گاہ میں سن بھی سکتے ہیں۔

محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف یوپی۔
خادم التدریس جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور
Mob no:Whatsapp :.+918057889427

جملہ حقوق بحق مرتب محفوظ ہیں

نام کتاب : سوالات ہدایہ آخرین

درجہ : سابعہ ششماہی اول، ثانی

مرتب : محمد گل ریز رضا مصباحی، مدناپوری، بریلی شریف

کمپوزنگ : گل ریز رضا مصباحی

ناشر : مصباحی لائبریری، مدناپور، بہیڑی بریلی شریف

رابطہ نمبر : +918057889427.+916397521190

**نوٹ:** مسائل کے جوابات ہاں یا نہیں میں نہ دیئے جائیں بلکہ اس طور پر پیش کریں کہ مسئلہ واضح ہو جائے، اگر اختلاف ہو تو وہ بھی پیش کریں۔

# درجہ سابعہ ششماہی اول

## کتاب البیوع

سوال:(1)۔بیع میں ایجاب وقبول کی شرعی حیثیت،کن صیغوں سے بیع منعقد ہوجاتی ہے؟
سوال:(2)۔خیار قبول کا حکم کیا ہے؟
سوال:(3).احد المتعاقدین میں سے کوئی اگر مجلس سے کھڑا ہوجائے تو کیا حکم ہے؟
سوال:(4)۔خیار مجلس کی شرعی حیثیت کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(5)۔اعواض مشار الیہ اور اثمان مطلقہ کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(6)۔ادھار ثمن کے ساتھ کب بیع صحیح ہوتی ہے؟
سوال:(7)۔مطلق ثمن کا اطلاق کونسی نقدی پر ہوگا؟
سوال:(8)۔جس شہر میں نقود مختلفہ رائج ہوں تو بیع کونسے درہم کے ساتھ نافذ ہوگی؟
سوال:(9)۔غلہ کی بیع جب خلاف جنس کے ساتھ ہو تو مکایلۃ ومجازفۃ درست ہے یا نہیں؟
سوال:(10)۔معین برتن،معین پتھر کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(11)۔گندم کی ڈھیری میں ہر قفیز ایک درہم کے بدلے بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(12)۔بکریوں کے گلے میں ایک بکری کی ایک درہم کے بدلے بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(13)۔غلہ کی ایک ڈھیری اس شرط پر خریدی کہ سو قفیز سو درہم کے بدلے کم یا زیادہ ہوں تو بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(14)۔ایک کپڑا اس شرط پر خریدا کہ دس گز دس ذراع کے بدلے یا سو گز زمین سو درہم کے بدلے پر کم یا زیادہ ہوجائے تو بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(15)۔سو گز سو درہم کے بدلے اور ہر گز ایک درہم کے بدلے،کم یا زیادہ نکلیں تو بیع کا کیا حکم ہے؟
سوال:(16)۔گھر یا حمام کے سو گزوں میں سے ایک گز خریدنے سے بیع کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(17)۔کپڑے کی گٹھری اس شرط پر خریدی کہ دس کپڑے ہیں کم یا زیادہ کپڑے نکلے تو بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(18)۔ایک کپڑا خریدا کہ دس گز ہے اور ہر گز ایک درہم کے بدلے ہے زیادہ یا کمی کی صورت میں بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(19)۔کون سی چیزیں بغیر نام کے ذکر کرنے سے بیع میں داخل ہوتی ہیں؟

سوال:(20)۔زمین کی بیع کرنے سے کھجور اور دیگر درخت، بیع میں شمار ہوں گے یا نہیں؟

سوال:(21)۔درخت کی بیع میں پھل کی بیع کس وقت شامل ہوگی؟

سوال:(22)۔بائع مشتری کو مشغول رکھ سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(23)۔زمین کی بیع ہوئی اور بائع کا بیج جو اگا نہیں وہ بیج زمین کی بیع میں داخل ہوگا یا نہیں؟

سوال:(24)۔کیا بدو صلاح سے پہلے اور بعد میں پھل کی بیع جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(25)۔پھل خرید کر درختوں پر پکنے کی شرط لگانا کیسا ہے؟

سوال:(26)۔پھل مطلقا خریدے پھر بائع کی اجازت سے یا بغیر اجازت کے پھل درختوں پر چھوڑ دیئے ان پر اضافے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(27)۔پھل مطلقا خریدے اور پھر پھل کے لیے درخت کو اجارہ پر لینے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(28)۔مطلقا پھل خریدے پھر قبل القبض یا بعد القبض دوسرے پھل بھی ان میں پیدا ہوئے تو بیع کا کیا حکم ہے؟

سوال:(29)۔پھلوں کی معین مقدار مستثنی کرنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(30)۔گندم اور چاول کی بیع بالیوں میں اور لوبیا اور تل کی بیع چھلکے میں کرنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(31)۔گھر کی بیع میں اس کی چابیاں داخل ہوں گی یا نہیں؟

سوال:(32)۔کیّال اور ناقد ثمن کی اجرت کس پر ہے؟

سوال:(33)۔ثمن کا وزن کرنے والے کی اجرت کس پر ہے؟

سوال:(34)۔سامان کی ثمن کے بدلے ثمن اور مبیع میں سے پہلے کیا حوالے کرے؟

## باب خیار الشرط

سوال:(1)۔خیار شرط کی مدت کتنے دن ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(2)۔اس شرط پر کوئی چیز خریدی کہ تین دن تک ثمن ادانہیں کیے تو بیع نہ ہوگی تو کیا حکم ہے یا چار دن اس طرح کی بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(3).بائع کے خیار سے مبیع بائع کی ملک سے نکلے گی یانہیں؟

سوال:(4)۔مشتری کے خیار سے مبیع بائع کی ملک سے نکلے گی یانہیں؟

سوال:(5)۔اگر مشتری کے قبضہ میں مبیع ہلاک ہوگئی تو کیا حکم ہے؟

سوال:(6)۔تین دن کے خیار پر بیوی کو خریدا تو نکاح فاسد ہوگا یانہیں؟

سوال:(7)۔مسئلہ مذکور کی نظائر بیان کریں؟

سوال:(8)۔من لہ الخیار مدت خیار میں عقد کو قبول ورد کر سکتا ہے یانہیں؟

سوال:(9)۔من لہ الخیار کی موت سے خیار باطل ہوتا ہے یانہیں اور ورثہ کی طرف منتقل ہوگا یا نہیں امام شافعی کا کیا اختلاف ہے؟

سوال:(10)۔خیار شرط مشتری اور اس کے غیر دونوں کے لیے ہوگا یانہیں اور بیع کے نافذ یا فسخ کرنے کا اختیار کسے ہے؟

سوال:(11)۔دونوں کا کلام ایک ساتھ صادر ہوا ایک نے بیع کو جائز اور دوسرے نے بیع کو فسخ کیا کس کا اعتبار کیا جائے گا؟

سوال:(12)۔دو غلاموں کو ایک ہزار درہم کے بدلے اس شرط پر فروخت کیا کہ ایک کے بارے میں تین دن کا خیار ہے تو بیع درست ہے یانہیں؟

سوال:(13)۔جس نے دو کپڑے اس شرط پر خریدے کہ ان میں سے جس کو چاہے دس درہم کے عوض لے لے اور یہ خیار تین دن تک ہے تو بیع کا کیا حکم ہے اور تین اور چار کپڑوں پر اس طرح بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(14)۔خیار تعیین کے ساتھ خیار شرط کا حکم کیا ہے؟

سوال:(15)۔ایک چیز ہلاک ہوگئی یا عیب دار ہوگئی اس کے ثمن کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے اور دوسری کا حکم کیا ہے؟

سوال:(16)۔ایک گھر خیار شرط کے ساتھ خریدا اور دوسرا گھر اس کے پہلو میں بکا تو یہ شفعہ کے طور پر لے لیا تو پہلا مکان خریدی میں شمار ہوگا یانہیں؟

سوال:(17)۔دو آدمیوں نے ایک غلام خریدا دونوں کو خیار تھا ایک راضی ہو گیا تو دوسرا رد کر سکتا ہے یانہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(18)۔ایک غلام خریدا کہ وہ نان بائی یا کاتب ہے وہ اس کے خلاف نکلا تو مشتری کیا کرے؟

## باب خیار الرؤیة

سوال:(1)۔خیار رؤیت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(2)۔بغیر دیکھے بیچی ہوئی چیز میں خیار رؤیت ہے یا نہیں،امام اعظم کا کیا موقف ہے؟

سوال:(3).خیار رؤیت کے لیے وقت کی تعیین ہے یا نہیں؟

سوال:(4)۔گندم کے ڈھیر یا لپٹے ہوئے کپڑے کے ظاہر کی طرف نظر کی،باندی کے چہرے کو دیکھ لیا اور چوپائے کے چہرے اور سرین کو دیکھا اس کے لیے کوئی خیار ہوگا یا نہیں؟

سوال:(5)۔گھر کے صحن کو دیکھنے سے خیار رؤیت باقی رہتا ہے یا ختم ہو جاتا ہے؟گھر کو یا باغ کو باہر سے دیکھنے سے خیار رؤیت رہے گا یا نہیں؟

سوال:(6)۔وکیل کا دیکھنا مشتری کا دیکھنا شمار ہوگا یا نہیں؟

سوال:(7)۔نابینا کے لیے خیار رؤیت کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(8)۔دو کپڑوں میں سے ایک کو دیکھا اور دونوں کو خرید لیا پھر دوسرے کو دیکھا تو ایک کی رؤیت دوسرے کے لیے کافی ہوگی یا نہیں؟

سوال:(9)۔خیار رؤیت موت سے باطل ہوتا ہے یا نہیں؟

سوال:(10)۔جس نے ایک چیز کو دیکھا پھر کچھ مدت کے بعد خریدا تو خیار رؤیت ہوگا یا نہیں؟

سوال:(11)۔کپڑوں کی گٹھری بغیر دیکھے خریدی اس میں سے ایک کپڑے کو بیچ دیا یا ہبہ کر دیا اس کے حوالے بھی کر دیا خیار رؤیت کی وجہ سے رد کر سکتا ہے یا نہیں؟

## باب خیار العیب

(۱):-مشتری کسی عیب پر مطلع ہو تو اس کو کس چیز کا اختیار ملے گا مع دلائل بیان کریں؟

(۲):-عیب کی تعریف کریں؟اور خیار عیب سے آپ کیا سمجھتے ہیں بیان کریں؟

(۳):- غلام کا بھاگنا، بستر میں پیشاب کرنا اور چوری کرنا بچپن میں عیب ہے یا نہیں اس سلسلے میں صاحب ہدایہ کی کیا تفصیل ہے بیان کریں؟

(۴):- کیا جنون صغر میں ہمیشہ کے لئے عیب ہے؟

(۵):- باندی اور غلام میں کیا کیا چیزیں عیب ہیں مختصراً بیان کریں؟

(۶):- اگر مشتری کے پاس مبیع میں کوئی عیب پیدا ہو جائے تو نقصان کے ساتھ رجوع کرنے کی کیا صورت ہوگی؟

(۷):- مبیع میں موجود عیب پر مطلع ہونے پر کن کن صورتوں میں نقصان کے ساتھ رجوع کرسکتے ہیں بیان کریں؟

(۸):- مشتری نے غلام کو قتل کر دیا یا کھانا تھا اسے کھا لیا تو نقصان عیب کے ساتھ رجوع کرے گا یا نہیں اقوال فقہاء تحریر فرمائیں؟

(۹):- انڈا، خربوزہ، کھیرا یا ککڑی خریدا اور اس میں عیب پایا تو اس بیع کا کیا حکم ہوگا تحریر فرمائیں؟

(۱۰):- مبیع کے عیب کی وجہ سے بقضائے قاضی یا بے قضائے قاضی اس کو رد کیا تو بائع اول اسے رد کرسکتا ہے یا نہیں؟

(۱۱):- غلام پر بعد قبضہ کسی عیب کا دعویٰ کیا گیا تو اب ثمن کی ادائیگی میں جبر کیا جائے گا یا نہیں؟

(۱۲):- مشتری کے گواہ کسی دوسری جگہ ہو تو اس پر کیا اقدام کیے جائیں گے بیان کریں؟

(۱۳):- بعد بیع غلام کے بھاگنے کا دعویٰ کیا گیا تو اس میں مشتری سے گواہ طلب کیے جائیں گے یا بائع سے حلف لیا جائے گا بیان کریں؟

(۱۴):- گواہ پیش کرنے کے بعد بائع سے کن الفاظ میں قسم لی جائے گی کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

(۱۵):- مشتری بینہ قائم نہ کرسکا تو بائع سے قسم لی جائے گی یا نہیں؟

(۱۶):- باندی خریدی اور مبیع وثمن پر قبضہ ہوا اور مشتری نے عیب پائی اور بائع دو باندی کا دعوٰی کرے اور مشتری ایک کا دعوٰی کرے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

(۱۷):- ایک عقد میں دو غلام خریدی اور ایک میں عیب پائے تو اس صورت میں رد کرنے یا خریدنے کی کیا صورت ہوگی بیان کریں؟

(۱۸):- مکیلی یا موزونی چیز خریدی اور بعض میں عیب پایا تو پوری کو لے یا رد کردے بیان کریں؟

(۱۹):- بعض مبیع کا کوئی حقدار نکل آیا تو بقیہ بعض کے سلسلے میں کیا حکم ہوگا بیان کریں؟

(۲۰):- ایسے غلام کو خریدا جس نے چوری کی تھی تھی مشتری کو اس کا علم نہ تھا اور غلام کا ہاتھ کاٹا گیا تو مشتری غلام واپس کرکے ثمن لے سکتا ہے یا نہیں اقوال فقہاء بیان کریں؟

(۲۱):- غلام نے بائع اور مشتری دونوں کے پاس چوری کی اس کے بدلے میں ہاتھ کاٹا گیا تو مشتری نقصان عیب کے ساتھ رجوع کرسکتا ہے یا نہیں اقوال فقہاء بیان کریں؟

(۲۲):- جس غلام نے چوری کی اس کی بیع کئی ہاتھوں میں ہوئی اور آخری مشتری کے پاس ہاتھ کاٹا گیا تو واپسی کا طریقہ کار کیا ہوگا بیان کریں؟

## باب البیع الفاسد

(۱):- بیع غیر صحیح کی کتنی قسمیں ہیں ہر ایک کی تعریف مع امثلہ بیان کریں؟ (صفحہ نمبر:۳۳)

(۲):- بیع باطل یا فاسد ہونے کا مدار و معیار کیا ہے بیان کریں؟ (صفحہ نمبر:۳۳)

(۳):- کیا بیع باطل ملکیت کا فائدہ دیتی ہے؟ (صفحہ نمبر:۳۳)

(۴):- شراب اور خنزیر کی بیع کب باطل اور کب فاسد ہے کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟ (صفحہ نمبر:۳۳)

(۵):- ام ولد، مکاتب اور مدبر کی بیع کا کیا حکم ہے تحریر فرمائیں؟ (صفحہ نمبر:۳۴)

(۶):- اگر ام ولد یا مدبر مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہوجائے تو کیا اس پر ضمان ہے؟ (صفحہ نمبر:۳۴)

(۷):- وہ شے جو کسی کی ملکیت میں نہ ہو جیسے مچھلی کی بیع اس کے شکار سے پہلے کی یا وہ پرندہ جو ہوا میں ہو یا دودھ کی تھنوں میں بیع یا بکری کی پیٹھ پر اون بیع کی تو اس بیع کا کیا حکم ہو گا؟ (صفحہ نمبر: ۳۴)

(۸):- چھت میں لگی شہتیر راور کپڑے میں گز کی بیع کا کیا حکم ہے بیان کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۶)

(۹):- ایک جال میں آنے والی جانوروں کی بیع کا حکم بیان کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۶)

(۱۰):- بیع مزابنہ کسے کہتے ہیں اور اس کا حکم کیا سپرد قرطاس کریں ہے؟ (صفحہ نمبر: ۳۶)

(۱۱):- بیع بالقاء الحجر اور بیع ملامسۃ اور بیع منابذہ کسے کہتے ہیں اس کا حکم بیان کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۶)

(۱۲):- دو کپڑوں میں سے ایک کی بیع کا کیا حکم ہے تحریر فرمائیں؟ (صفحہ نمبر: ۳۸)

(۱۳):- چراگاہ کو بیچنے اور اسے اجارے پر دینے کا کیا حکم ہے زیر قرطاس کریں؟ (صفحہ نمبر:- ۳۸)

(۱۴):- شہد کی مکھیوں کی بیع اور ریشم کے کیڑے کی بیع کے سلسلے میں اقوال فقہاء بیان کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۸)

(۱۵):- بھگوڑے غلام کی بیع کا حکم تحریر کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۸)

(۱۶):- عورت کے دودھ کی بیع پیالے میں کرنے کے سلسلے میں میں اقوال فقہاء بیان کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۹)

(۱۷):- سور کے بال کی بیع کرنا کیسا؟ (صفحہ نمبر: ۳۹)

(۱۸):- کیا انسان کے بالوں کی بیع کرنا اور اس سے نفع حاصل کرنا جائز ہے؟ (صفحہ نمبر: ۳۹)

(۱۹):- مردار کے چمڑے کی بیع دباغت سے پہلے اور دباغت کے بعد اسے نفع حاصل کرنے کا حکم زیر قرطاس کریں؟ (صفحہ نمبر: ۳۹)

(۲۰):- مردار کی ہڈی، پٹھے، اون، سینگ، بال اور اونٹ کے بال کے بیع کرنا اور اس سے نفع حاصل کرنے کا حکم سپرد قرطاس کریں؟ (صفحہ نمبر:۳۹)

(۲۱):- ایک شخص کا نیچے کا مکان ہو اور اس پر بالاخانہ دوسرے شخص کا ہو تو بالاخانے والے کا اسے بیچنے کا حکم کیا ہوگا بیان کریں؟.

(۲۲):- راستے اور مسیل کی بیع کرنا کیسا نیز ھبہ کا حکم بیان کریں؟.

(۲۳):- اس بیع کا حکم بیان کریں کہ جس میں باندی بیچی اور غلام نکلا اور مینڈھا بیچا تو بھیڑ نکلی؟۔

(۲۴):- بیع عینہ کا حکم بیان کریں؟۔

(۲۵):- ایک باندی جس کا ثمن ادا نہ کیا ہو اس کو خریدا اور مشتری نے اس کے ساتھ ایک اور باندی ملا کر بائع کو اسی قیمت پر بیچا تو اس بیع کا حکم کیا ہوگا بیان کریں؟۔

(۲۶):- اس بیع کا حکم بیان کریں جس میں زیتون کو ایک برتن کے وزن کے شرط پر خریدا پھر بائع اس برتن کی جگہ معین وزن کو کم کرتا ہے؟۔

(۲۷):- جس برتن میں گھی خریدا گیا اس برتن کے وزن کے سلسلے میں بائع اور مشتری کے درمیان اختلاف ہو جائے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟۔

(۲۸):- مسلمان نے نصرانی کو شراب بیچنے یا خریدنے کا حکم دیا تو یہ جائز ہے یا ناجائز اس سلسلے میں اقوال فقہاء بیان کریں؟۔

(۲۹):- ایسی شرط لگائی جو مقتضائے عقد کے خلاف ہو تو اس کا کیا حکم ہوتا ہے سپرد قرطاس کریں؟۔

(۳۰):- غیر مقتضائے عقد شرط کا حکم کیا ہے؟۔

(۳۱):- نوروز، مہرگان، صوم نصاریٰ اور فطر یہود کو بیع کی مدت ٹھہرانے کا کیا حکم ہے؟۔

(۳۲):- بیع میں حاجیوں کے آنے، کھیتی کے کٹنے، پھلوں کے چننے اور اون کے کاٹے جانے کی مدت مقرر کرنا کیسا نیز یہ بھی بتائیں کہ اس مدت کو ساقط کر دینے کا حکم کیا ہے؟

(۳۴):-آزاد اور غلام، ذبح شدہ بکری اور مردار بکری کی بیع کا حکم تحریر فرمائیں ؟۔

## فصل في احكامه

(۱):-مشتری نے بیع فاسد میں بائع کی اجازت سے مبیع پر قبضہ کیا اور عقد میں دونوں عوض مال ہوں تو اس بیع کا کیا حکم ہوگا۔ نیز اس سلسلے میں امام شافعی کا کیا موقف ہے بیان کریں؟

(۲):-بیع فاسد کے فسخ کرنے کا حق متعاقدین میں سے کسے ہوتا ہے؟

(۳):-بیع فاسد میں خریدی ہوئی چیز کو آگے بیچنے کا کیا حکم ہے سپردِ قرطاس کریں؟

(۴):-غلام کو غیر مال سے خریدا تو کیا اس غلام میں تصرف کرنا جائز ہوگا یا نہیں قلمبند کریں؟

(۵):-کیا بائع بیع فاسد میں مبیع کو واپس لے سکتا ہے یا نہیں بیان کریں؟

(۶):-بیع فاسد میں گھر بیچا اور مشتری نے اس پر عمارت بنالی تو اس کا کیا حکم ہوگا اقوال فقہاء بھی بیان کریں؟

(۷):-بیع فاسد کے طور پر باندی خریدی اور عوضین پر قبضہ ہونے کے بعد مشتری نے اسے آگے بیچا بائع اول اور بائع ثانی نے جو نفع اٹھایا اس نفع کا حکم بیان کریں؟

(۸):-مدعی نے مدعی علیہ پر مال کا دعوی کیا اور اس نے مال ادا کردیا پھر سچائی ظاہر ہوئی تو مدعی کا اس مال سے نفع اٹھانے کا حکم بیان کریں؟

## فصل فیما یکرہ

(۱):-نجش کی تعریف اور اس کی شرعی حیثیت بیان کریں؟

(۲):-تلقی جلب کیا ہے اور اس کا حکم بیان کریں؟

(۳):-دیہاتی کے لیے شہری کے بیچنے کا حکم بیان کریں؟

(۴):-اذان جمعہ کے وقت بیع کرنا کیسا؟

(۵):-نجش، تلقی جلب وغیرہ بیوع کے کراہت کی وجہ تحریر فرمائیں؟

(۶):-بیع من یزید کا حکم بیان کریں؟
(۷):-دو صغیر غلاموں جبکہ دونوں ذی رحم محرم ہو تو تفریق کی کیا صورت ہوگی کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟اختلاف ائمہ بیان بھی کریں؟
(۸):-دو بڑے غلاموں کو خریدا دونوں آپس میں ذی رحم محرم ہوں تو اس کی تفریق کا حکم کیا ہے؟

## باب الاقالۃ

(۱):-اقالہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
(۲):-ثمن اول سے کمی وزیادتی کی شرط کا حکم کیا ہے؟
(۳):-ثمن اول پر زیادتی کی شرط کیسی ہے؟
(۴):-ثمن اول کی جنس کے علاوہ کے ساتھ اقالہ کا حکم کیا ہے؟
(۵):-ثمن کی ہلاکت سے اقالہ کی صحت پر کوئی اثر ہوگا یانہیں اور بیع کی ہلاکت اقالہ کے مانع ہے یانہیں؟
(۶):-بیع کے ایک حصہ کی ہلاکت سے باقی میں اقالہ کیسا ہے؟

## باب المرابحۃ والتولیۃ

سوال:(۱)۔بیع مرابحہ اور تولیہ کی تعریف،دونوں بیوع کی شرعی حیثیت کیا ہے؟
سوال:(۲)۔بیع مرابحہ اور تولیہ میں عوض کا کیسا ہونا ضروری ہے؟
سوال:(۳)۔راس المال میں دھوبی،نقش نگار کرنے والے،رنگ کرنے والے،رسی بٹنے والے اور اناج اگانے والے کی اجرت کیا ہوگی؟
سوال:(۴)۔بائع کن الفاظ کو استعمال کرے؟

سوال:(۵)۔ مشتری مرابحہ میں خیانت پر مطلع ہو تو بیع نافذ اور فسخ کرنے کا حق ہے یا نہیں ،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۶)۔ مشتری نے کپڑا خریدا پھر نفع سے بیچ کر اسے خریدنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۷)۔ عبد ماذون فی التجارۃ نے کپڑا دس درہم میں خریدا اور اس پر اتنا دین ہے کہ اس کے رقبہ کو محیط ہے مولی کو پندرہ درہم کا بیچ دیا تو مولی کتنے پر مرابحۃ بیچ سکتا ہے؟

سوال:(۸)۔ مضارب نے دس درہم میں کپڑا خرید کر رب المال کو پندرہ درہم کا بیچ دیا تو رب المال کتنے پر مرابحۃ بیچ سکتا ہے؟

سوال:(۹)۔ باندی خریدی جو کانی ہو گئی یا وطی کی اور وہ ثیبہ ہو گئی تو کتنے پر مرابحۃ بیچ سکتا ہے ؟

سوال:(۱۰)۔ خود یا اجنبی نے اس کی آنکھ پھوڑ دی اور مشتری نے اس سے جرمانہ وصول کر لیا تو وہ باندی کو مرابحۃ کتنے میں فروخت کر سکتا ہے؟

سوال:(۱۱)۔ کپڑا خریدا چوہے نے اسے کاٹ دیا یا آگ نے جلا دیا کتنے میں مرابحۃ بیچ سکتا ہے؟

سوال:(۱۲)۔ غلام ادھار ایک ہزار سے خریدا سو کے نفع سے فروخت کر دیا اور بیان نہیں کیا تو مشتری رد کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۳)۔ مشتری اول نے ہزار روپے ادھار میں غلام خرید کر گیارہ سو میں فروخت کیا مشتری ثانی نے غلام کو ہلاک کر دیا پھر ادھار کا علم ہوا تو مشتری ثانی پر کتنے لازم ہوں گے؟

سوال:(۱۴)۔ اگر مشتری اول نے مشتری ثانی کو تولیہ پر بیچا اور بیان نہ کیا ہو واپس کرنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۱۵)۔ مشتری نے کسی کو اپنا قائم مقام بنایا یا بیع تولیہ میں مشتری کو معلوم نہیں کہ کتنے میں پڑی ہے تو بیع کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۶)۔ منقولی یا محولی چیز کو بغیر قبضہ کے آگے بیچنا کیسا ہے؟

سوال:(۱۷)۔ بیع العقار قبل القبض جائز ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔ مکیلی یا موزونی چیز کو کیل و وزن کی شرط پر خریدا پھر کیل یا وزن کر کے قبضہ کر لیا پھر مشتری نے بشرط الکیل یا وزن فروخت کیا یا مشتری ثانی کے لیے کیل اور وزن سے پہلے بیچنے اور کھانے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۱۹)۔ ثمن میں قبل القبض تصرف جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(۲۰)۔ مشتری کا ثمن میں اضافہ، بائع کا مبیع میں اضافہ اور بائع کے لیے ثمن میں کمی کرنے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۲۱)۔ نقد ثمن کے ساتھ بیچا پھر معلوم مدت کے ساتھ ادھار دیا تو معاملہ نقد ہو گا یا ادھار؟
سوال:(۲۲)۔ صاحب دین مدیون کو مہلت دیدے تو دین نقد ہو گا یا مؤجل؟

## باب الربا

سوال:(۱)۔ مکیلی موزونی چیز کو اپنی جنس کے ساتھ تفاضلاً بیچنا کیسا ہے؟
سوال:(۲)۔ احناف اور شوافع میں ربوا کی علت کیا ہے، نیز احناف کی دلیل بیان کریں؟
سوال:(۳)۔ مکیلی موزونی چیز کو برابر برابر بیچنا کیسا ہے؟
سوال:(۴)۔ ایک لپ (مٹھی) کی دولپ کے ساتھ اور ایک سیب کی دو سیب کے ساتھ بیع جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(۵)۔ دونوں وصف معدوم ہوں تو زیادتی اور ادھار بیچنا کیسا ہے؟
سوال:(٦)۔ اشیاء کا مکیلی یا موزونی ہونا کیسے معلوم ہو گا؟
سوال:(۷)۔ جن اشیاء میں نص وارد نہیں وہ کیسے پہچانی جائیں گی؟
سوال:(۸)۔ جو چیز رطلا بیچی جاتی ہو وہ کیسی ہے؟
سوال:(۹)۔ کونسی بیع میں عوضین پر قبضہ ضروری ہے؟
سوال:(۱۰)۔ اثمان کے علاوہ اشیاء ربویہ میں تعیین اور تقابض میں سے کیا ضروری ہے؟
سوال:(۱۱)۔ ایک انڈے کی دو انڈے کے ساتھ ایک کھجور کی دو کھجور کے ساتھ ایک اخروٹ کی دو اخروٹ کے ساتھ بیع کیسی ہے، امام شافعی کی دلیل کیا ہے؟
سوال:(۱۲)۔ ایک فلس کی دو فلس کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۱۳)۔ گندم کی آٹے کے بدلے اور ستو کے بدلے بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۱۴)۔ آٹے کی آٹے کے بدلے برابر برابر بیع کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۱۵)۔ گوشت کی حیوان کے بدلے بیع کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔تر کھجور کی خشک کھجور کے ساتھ برابر برابر بیع جائز ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔انگور کی زبیب کے بدلے بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۱۸)۔بُسر کی تمر کے ساتھ تفاضلاً بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۱۹)۔زیتون کی روغنِ زیتون کے ساتھ، تل کی تل کے تیل کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۰)۔مختلف گوشتوں کی آپس میں کمی زیادتی کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۱)۔بکری اور گائے کے دودھ کی آپس میں کمی زیادتی کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۲)۔کھجور کے سرکے کی انگور کے سرکے کے عوض بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۳)۔پیٹ کی چربی کی چکی یا گوشت کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۴)۔روٹی کی گندم کے بدلے اور آٹے کے بدلے متفاضلا بیع کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۲۵)۔غلام اور مولی کے درمیان ربو ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۲۶)۔مسلمان اور حربی کے درمیان دالحرب میں بیع کا حکم کیا ہے؟

## باب الحقوق

سوال:(۱)۔کسی نے اوپر کی منزل خریدی اس کے واسطے اوپر کی منزل مکمل کب ہو گی؟

سوال:(۲)۔جس نے ایک گھر میں کمرہ یا منزل یا مسکن خریدا مشتری کے لیے اس کا راستہ کب ہو گا؟

## باب الاستحقاق

سوال:(۱)۔باندی خریدی اس نے مشتری کے پاس بچہ دیدیا ایک مستحق بینہ کے ساتھ نکل آیا تو باندی اور بچہ کون لے گا اگر مشتری نے کسی ایک کے لیے اقرار کر لیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۲)۔غلام خریدا وہ آزاد نکلا حالانکہ غلام نے مشتری سے کہا کہ تم مجھے خرید لو میں فلاں کا غلام ہوں بائع حاضر ہو یا غائب ہو تاوان کس پر ہے، نیز امام صاحب کے مسلک پر اشکال کیا ہے؟

سوال:(۳)۔ کسی نے گھر میں مجہول حق کا دعوی کیا مدعی نے سو درہم پر صلح کرلی پھر گھر میں سوائے ایک گز کے کوئی مستحق نکل آیا تو قابض مدعی سے کچھ لے سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۴)۔ اگر کُل کا دعوی کیا اور سو درہم پر صلح کرلی پھر کسی چیز کا کوئی مستحق نکل آیا تو کیا حکم ہے؟

## فصل فی بیع الفضولی

سوال:(۱)۔ بیع فضولی کا حکم، امام شافعی کا موقف کیا ہے؟

سوال:(۲)۔ مالک کو کب تک اجازت کا اختیار ہے؟

سوال:(۳)۔ غلام غصب کیا پھر اسے بیچ دیا مشتری نے آزاد کردیا پھر مولی نے بیع کو نافذ قرار دیدیا تو آزادی ہوگی یا نہیں، امام محمد کا موقف کیا ہے؟

سوال:(۴)۔ غلام کا ہاتھ کاٹا تاوان وصول کرلیا پھر بیع کو جائز قرار دیدیا تو تاوان مشتری اور بائع میں سے کس کے لیے ہوگا؟

سوال:(۵)۔ مشتری نے غلام دوسرے کو بیچ دیا پھر مولی نے بیع اول کی اجازت دیدی تو بیع ثانی ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۶)۔ اگر مشتری نے نہیں بیچا اور غلام اس کے ہاتھ میں مر گیا یا قتل کردیا گیا پھر بیع کو جائز قرار دیدیا تو بیع کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۷)۔ کسی کے غلام کو اس کے حکم کے بغیر بیچ دیا اور مشتری نے بائع کے اقرار پر ،مالک کے اقرار پر گواہ قائم کرلیے تو مشتری کا بینہ قبول ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۸)۔ اگر بائع قاضی کے پاس اقرار کرے اور مشتری بطلان بیع کا مطالبہ کرے تو بیع کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۹)۔ ایک آدمی نے گھر بیچا اور مشتری نے اسے اپنی عمارت میں داخل کرلیا تو بائع ضامن ہوگا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## باب السلم

سوال:(۱)۔ بیع السلم کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(۲)۔ مکیلی، موزونی، مذروعی اور عددی چیزوں میں بیع السلم کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳)۔ حیوان میں بیع اسلم کا حکم کیا ہے، نیز امام شافعی کا کیا موقف ہے؟
سوال:(۴)۔ اعضائے حیوان کی بیع السلم کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۵)۔ کیا مسلم فیہ کا عقد سے مدت ادائیگی تک موجود ہونا ضروری ہے؟
سوال:(۶)۔ مسلم فیہ میعاد مقرر کرنے کے بعد منقطع ہو گئی تو رب السلم کو کیا اختیار ہے؟
سوال:(۷)۔ نمک آلو مچھلی کی معلوم وزن اور معلوم قسم کی بیع السلم کیسی ہے؟
سوال:(۸)۔ تازہ مچھلی کی بیع السلم کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۹)۔ گوشت کی بیع السلم کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(۱۰)۔ بغیر میعاد کے بیع السلم جائز ہے یا نہیں، امام شافعی کا موقف کیا ہے؟
سوال:(۱۱)۔ بیع السلم کے لیے اجل معلوم ہونا ضروری ہے یا نہیں؟
سوال:(۱۲)۔ معین آدمی کے پیمانہ اور گز کے ساتھ بیع السلم کیسی ہے؟
سوال:(۱۱)۔ معین گاؤں کے اناج، معین درختوں کے پھل میں بیع السلم کیسی ہے؟
سوال:(۱۲)۔ بیع السلم کی شرائط کیا ہیں؟
سوال:(۱۳)۔ صاحبین کے نزدیک مکان ایفاء کے متعلق کیا اختلاف ہے؟
سوال:(۱۴)۔ مکان ایفاء اور ائمہ کا اختلاف کیا ہے؟
سوال:(۱۵)۔ جس چیز کے لیے باربرداری اور مشقت نہ ہو اس کے لیے مکان ایفاء ہو گا یا نہیں؟
سوال:(۱۶)۔ عقد سلم میں رأس المال پر قبضہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(۱۷)۔ راس المال کے کچھ حصہ پر قبضہ کیا بقیہ ادھار ہے تو ادھار کے بدلے بیع السلم کیسی ہے؟
سوال:(۱۸)۔ راس المال اور مسلم فیہ میں قبل القبض تصرف جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(۱۹)۔ مسلم فیہ میں قبل القبض شرکت اور تولیہ جائز ہے یا نہیں؟
سوال(۲۰)۔۔ بیع السلم کے اقالے کا حکم کیا ہے؟
سوال(۲۱)۔۔ جب ایک کُر گندم میں بیع السلام کی مدت آگئی تو مسلم الیہ نے ایک آدمی سے ایک کُر گندم خرید کر رب السلام کو قبضہ کرنے کا حکم دیا تو قبضہ کرنے سے حق وصول یو گیا یا نہیں؟

سوال(۲۲).. کُر گیہوں میں بیع السلام میں رب السلم نے مسلم الیہ کو حکم دیا کہ اس مقدار کو ناپ کر میرے ان تھیلوں میں رکھ دو اور اس نے رب السلام کی غیبوبت میں ناپ کرر کھ دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال(۲۳).. مشتری نے بائع کو حکم دیا کہ مبیع ناپ کر اپنے تھیلوں میں ڈال دے بائع نے مشتری کی عدم موجودگی میں مبیع کیل کرکے اپنے تھیلوں میں بھر دی تو مشتری مبیع پر قابض نہ ہو گا؟

سوال(۲۴). دَین اور عین جمع ہو گئے اور تھیلے مشتری کے ہیں اور اس نے پہلے عین بھرا تو مشتری قابض ہو گا یا نہیں؟

سوال(۲۵).. باندی ایک کُر گندم کے عوض دی مسلم الیہ نے قبضہ کر لیا,پھر دونوں نے اقالہ کیا اور وہ باندی مشتری کے ہاتھوں میں ہلاک ہو گئی تو کونسے دن کی قیمت لازم ہو گی؟

سوال(۲۶).. ایک ہزار کے عوض باندی خریدی پھر اقالہ کیا اور باندی مشتری کے ہاتھ میں ہلاک ہو گئی تو اقالہ درست ہے یا نہیں.؟

سوال۔(۲۷).. ایک کُر گندم کے ساتھ بیع السلم کی اور مسلم الیہ نے ردّی کی شرط لگائی تھی اور ربّ السلم نے کہا کہ کوئی شرط نہیں تھی تو کس کا قول معتبر ہو گا؟

سوال۔(۲۸).. مسلم الیہ نے کہا کہ مدّت نہیں تھی,رب السّلم نے کہا مدّت تھی,تو کس کا قول معتبر ہو گا؟

سوال۔(۲۹). کپڑوں میں بیع سلم کا حکم کیا ہے؟

سوال۔(۳۰)..یاقوت اور موتیوں میں بیع سلم کیسی ہے؟

سوال۔(۳۱).. کچی پکی اینٹ میں بیع سلم کس وقت جائز ہے؟

سوال۔(۳۲).. بیع سلم کا قاعدہ کلیہ کیا ہے؟

سوال۔(۳۳). استصناع کا حکم کیا ہے؟

سوال۔(۳۴). استصناع میں خیار کا حکم کیا ہے؟

سوال۔(۳۴). بغیر اجل کی قید کا کیا فائدہ ہے؟

## مسائل منثورہ۔

(1)..کتے، چیتے، معلَّم یا درندوں اور غیر معلَّم کی بیع کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(2)..شراب اور خنزیر کی بیع کا حکم کیا ہے؟

(3)..اہل ذمہ کی بیوع کا حکم کیا ہے؟

(4).کسی نے کہا کہ اپنا غلام فلاں کو ہزار درہم میں بیچ دو اس شرط پر کہ میں پانچ سو کا ضامن ہوں اس نے ایسا کیا تو کیا حکم ہے؟

(5).باندی خریدی اور قبضہ نہیں کیا اور اس کا نکاح کر دیا اس کے شوہر نے وطی کی تو نکاح جائز ہے یا نہیں؟

(6)..غلام خرید کر غائب ہو گیا اور غلام بائع کے قبضہ میں ہے اور بائع نے بیع پر گواہ کر دیئے تو کیا حکم ہے؟

(7).مشتری دو آدمی ہوں ان میں سے ایک غائب ہو گیا تو ثمن کون ادا کرے گا؟

(8)۔ایک باندی ہزار مثقال سونے اور چاندی کے عوض خریدی تو دونوں پر کتنے کتنے لازم ہوں گے؟

(9).ایک کے دوسرے پر جید درہم تھے اس نے زیوف ادا کر دیئے اور وہ جانتا نہیں تھا اور آگے خرچ کر ڈالے تو یہ ادا ہوئے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

+10).پرندے نے ایک آدمی کی زمین میں بچے نکالے وہ کس کے ہوں گے؟

## کتاب الصرف

(1)..بیع الصرف کی تعریف کیا ہے؟

(2)..چاندی کی چاندی کے بدلے، سونے کی سونے کے بدلے بیع کب جائز ہے؟

(3).بیع الصرف میں عوضین پر قبضہ ضروری ہے یا نہیں؟

(4)..سونے کی چاندی کے ساتھ تفاضلا بیع کیسی ہے؟

(5)... ثمن صرف میں قبضہ سے پہلے تصرف کیسا ہے؟

(6).سونے کی چاندی کے ساتھ اندازے سے بیع کیسی ہے؟

(7).. باندی جس کی قیمت ہزار مثقال چاندی ہے اور اس کی گردن میں چاندی کا ایک طوق ہے جس کی قیمت ایک ہزار مثقال ہے دو ہزار مثقال چاندی کے بدلے بیچی اور نقد ثمن ایک ہزار مثقال لیے اور مجلس برخاست کر کے جدا ہو گیے تو ثمن کس کے بدلے میں ہو گا؟

(8).. ایک تلوار چاندی سے آراستہ ایک سو درہم کے عوض فروخت کی اس کا حلیہ پچاس درہم ہے اور ثمن پچاس درہم ادا کیے تو یہ ثمن کس کے بدلے میں ہو گا؟

(9). چاندی کا برتن بیچا پھر دونوں جدا ہو گئے اور کچھ ثمن پر قبضہ کیا تو بیع کا حکم کیا ہے؟

(10)... چاندی کا ایک چاندی ٹکڑا فروخت کیا پھر بعض کا مستحق نکل آیا تو کیا حکم ہے؟

(11).. دو درہموں اور ایک دینار کی ایک درہم اور دو دیناروں کے ساتھ بیع کیسی ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(12).. گیارہ دراہم کی دس دراہم اور ایک دینار کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

(13).. چاندی کی چاندی کے بدلے سونے کی سونے کے بدلے ان میں سے ایک کم ہے اور کم کے ساتھ کوئی دوسری چیز بھی ہے جو بقیہ چاندی کی قیمت کو پہنچ جاتی ہے تو بیع کا کیا حکم ہے؟

(14).. جس کے دوسرے پر دس دراہم تھے اس نے قرض خواہ کو ایک دینار دس درہم کے عوض فروخت کیا اور دینار دیدیا اور باہمی رضامندی سے دس درہم کے ساتھ بدلہ کر لیا تو کیا حکم ہے؟

(15).. ایک درہم صحیح اور دو دراہم غلہ کی دو درہم صحیح اور ایک درہم غلہ کے ساتھ بیع کا حکم کیا ہے؟

(16).. سونے یا چاندی ملنے کی صورت میں کس کا اعتبار کیا جائے؟

(17).. سونے چاندی میں کھوٹ غالب ہو تو دراہم و دنانیر کے حکم میں ہیں یا نہیں؟

(18). دراہم مغشوشہ اپنی جنس کے ساتھ تفاضلا بیچنا کیسا ہے؟

(19).۔ دراہم کا رواج وزن کے ساتھ ہو تو بیع شراء استقراض کس طرح ہو گا؟ اگر عدد اور شمار سے ہو تو کس طرح ہو گا؟

(20).. دراہم مغشوشہ کے عوض سامان خریدا پھر وہ کساد بازاری کا شکار ہو گئے اور لوگوں نے اس کے ساتھ معاملہ کرنا چھوڑ دیا تو بیع کا کیا حکم ہے؟

(21)... فلوس کے عوض بیع کا حکم کیا ہے؟

(22)...رائج فلوس کے عوض بیع کی پھر وہ کساد بازاری کا شکار ہو گئے تو بیع جائز ہے یا نہیں؟
(23)...رائج الوقت فلوس کے ساتھ قرض لیا وہ کساد بازاری کا شکار ہو گئے تو کیا حکم ہے؟
(24).. کوئی چیز نصف درہم فلوس کے بدلے خریدی تو مشتری پر کس قدر فلوس واجب ہوں گے؟
(25).. صرّاف کو ایک درہم دیا اور کہا کہ اس کے نصف کے بدلے فلوس اور دوسرے نصف کے بدلے نصف درہم ایک حبہ کم کر دو تو بیع کا کیا حکم ہے؟

# ھدایہ آخرین۔
# درجہ سابعہ ششماھی ثانی

## کتاب المضاربة

سوال:(۱)۔مضاربت کا لغوی معنی،وجہ تسمیہ اور حکم شرعی بیان کریں؟

سوال:(۲)۔مضاربت کی تعریف اور اس کے تحت مسائل کا ذکر بھی کریں؟

سوال:(۳)۔مضاربت کے لیے کتنی شرائط کا ہونا ضروری ہے کتاب کے موافق سپرد قرطاس کریں؟

سوال:(۴)۔ کیا صحت مضاربت کے لیے یہ ضروری ہے کہ مضارب کو رأس المال پورے طور سپرد کر دیا جائے اور رب المال کا کسی قسم کا قبضہ تصرف نہ ہو کتاب کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال:(۵)۔وہ امور کون کون سے ہیں جو مضارب کے لیے جائز یا ناجائز ہیں؟

سوال:(۶)۔ کیا مضارب آگے کسی دوسرے کو مضاربت پر مال دے سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۷)۔مضارب رأس المال کو رب المال کے متعیّن کردہ شہر سے لے جا سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۸)۔جامع الصغیر اور مبسوط کی روایت میں جو اختلاف ہے اس کی پوری تفصیل بیان کریں؟

سوال:(۹)۔ کیامضاربت کے لیے متعیّن وقت گزرنے کے بعد مضاربت باطل ہوجاتی ہے ؟

سوال:(۱۰)۔ کیامضارب رب المال کے کسی قریبی رشتہ دار کومضاربت میں خرید سکتا ہے ؟

سوال:(۱۱)۔اگرمال میں نفع ہوتومضارب رب المال کے کسی رشتہ دار کوخرید سکتاہے یانہیں ؟

سوال:(۱۲)۔مضارب کے پاس نصف نصف منفعت پر ایک ہزار درہم تھے اس نے ان سے ایک ہزار درہم کی باندی خرید کروطی کی جس سے ایک ہزار کی قیمت کابچہ پیدا ہوااور مضارب نے مالداری کی حالت میں اس بچہ کے نسب کا دعوی کیا پھر اس بچہ کی قیمت ڈیڑھ ہزار ہوگئی تو مضارب کادعوی نسب درست ہوگا یانہیں کتاب کی روشنی میں بیان کریں۔

سوال:(۱۳)۔رب المال نے غلام سے جب ایک ہزار وصول کر لیے توکیااسے اختیار ہے کہ مضارب جواس غلام کے نسب کامدعی ہے اس سے غلام کی ماں (باندی)کی قیمت واپس لے لے ؟

## باب المضارب یضارب

سوال:(۱)۔اگرمضارب رب المال کی اجازت کے بغیرمال کومضاربت پر دیدے توکیاحکم ہے ؟

سوال:(۲)۔اگراول نے دوسرے کو مال دیدیامضاربت کے لیے تومضارب اول ضامن ہوگا یا مضارب ثانی؟

سوال:(۳)۔مالک نے نصف نفع کی مضاربت پر بطور مضاربت دینے کی اجازت دی اس نے ایسے کوتہائی نفع کی مضاربت پرمال دیاتوکیاحکم ہے ؟

سوال:(۴)۔رب المال نے مضارب سے کہا کہ جو بھی نفع ملے وہ میرے تیرے درمیان نصفا نصفًا ہے اور مضارب اول نے دوسرے کو نصف نفع پر دیا تو کسے کتنا مال ملے گا؟

سوال:(۵)۔مضارب نے رب المال کے لیے تہائی نفع کی شرط لگائی ہے اور رب المال کے غلام کے لیے تہائی نفع کی شرط لگائی،اس شرط پر کہ وہ اس کے ساتھ کام کرے گا اور اپنے لیے تہائی نفع کی شرط لگائی تو کیا یہ شرط لگانا جائز ہوگا؟

سوال:(٦)۔رب المال اگر مرتد ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(ے)۔مضارب اگر مرتد ہو جائے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۸)۔رب المال نے مضارب کو معزول کر دیا اور اسے اپنی معزولی کا علم یا خبر نہیں اور اس نے خرید و فروخت کی تو اس کا تصرف جائز ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۹)۔مضارب کو اس حال میں معزول کیا کہ رأس المال نقد دراہم یا دنانیر ہیں تو ان میں مضارب کا تصرف جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۰)۔مضارب اور رب المال دونوں جدا ہو جائیں اس حال میں کہ مال میں قرضے ہیں اور مضارب نے نفع کمایا ہے تو حاکم مضارب کو ان قرضوں کے تقاضوں پر مجبور کرے گا یا نہیں؟

سوال:(۱۱)۔مال مضاربت میں جو مال ہلاک ہوا وہ منافع سے ہلاک ہوگا یا رأس المال سے؟

سوال:(۱۲)۔ کیا مضارب نقد اور ادھار کے ساتھ خرید و فروخت کر سکتا ہے؟

سوال:(۱۳)۔کتنی میعاد تک مضارب مال کو بیچ سکتا ہے اور کتنی نہیں بیچ سکتا ہے؟

سوال:(۱۴)۔مضاربت کی وہ کونسی قسم ہے جس میں مضارب مطلق عقد کے ساتھ مالک نہیں ہوتا ہے اور مضاربت کی کل کتنی قسمیں ہیں اور ہر ایک کی کیا تفصیل ہے؟

سوال:(۱۵)۔مال مضاربت سے مضارب غلام اور باندی کی شادی کرا سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۱٦)۔مضارب کو اپنے مضاربت میں کیا کیا اخراجات کی اجازت ہے؟

سوال:(۱۷)۔مال مضاربت میں سے جو نفقہ اپنے شہر میں آنے کے بعد بچ جائے اس کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۸)۔مضارب نے جو نفع کمایا تو رب المال اپنا رأس المال کس میں سے حاصل کرے گا؟

سوال:(۱۹)۔مضارب کے پاس ہزار درہم نصف نفع پر ہیں اس نے ان سے کتانی تھان خرید کر دو ہزار میں فروخت کیا اور غلام خریدا ابھی غلام کے دام نہیں دئے تھے کہ وہ دو ہزار ضائع ہو گئے تو اب رب المال اور مضارب مالک غلام کے لیے کتنے کتنے کے ضامن ہوں گے؟

سوال:(۲۰)۔مضارب کے پاس ہزار ہیں اور رب المال نے پانچ سو میں ایک غلام خرید کر مضارب کے ہاتھ ہزار میں فروخت کیا تو مضارب اسے مرابحۃ کتنے میں بیچ سکتا ہے؟

سوال:(۲۱)۔مضارب کے پاس ہزار درہم ہیں اس نے ان کے عوض غلام خریدا اور ابھی دام ادا نہیں کیے تھے کہ وہ ہزار تلف ہو گئے تو ضمان کون ادا کرے گا،اور اگر ہلاکت بار بار ہو تو کون ادا کرے گا؟

سوال:(۲۲)۔مضارب کے پاس دو ہزار درہم ہیں اس نے رب المال سے کہا کہ تو نے ایک ہزار درہم دئیے تھے اور ایک ہزار میں نے نفع کمایا ہے اور رب المال نے کہا کہ نہیں میں نے تجھے دو ہزار دئے تھے تو کس کا قول مانا جائے گا؟

سوال:(۲۳)۔کسی کے پاس ایک ہزار درہم ہیں اس نے کہا کہ یہ فلاں کے نصف نفع کی مضاربت پر ہیں اس نے ایک ہزار نفع کمایا اور فلاں نے کہا یہ بضاعت کے ہیں تو قول کس کا مانا جائے گا؟اس کے تحت اور مسائل بھی کتاب کی روشنی میں بیان کریں۔

## كتاب الوديعة

سوال:(۱)۔ودیعت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(۲)مودع ودیعت کی خود اپنے اہل وعیال سے حفاظت کرا سکتا ہے یا نہیں ؟

سوال:(۳)۔اپنے عیال کے علاوہ غیر کے پاس ودیعت رکھنے سے ضامن ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(۴)۔خلط ودیعت کے مسئلہ میں صاحبین اور امام اعظم کا موقف اور دلیل کیا ہے ؟

سوال:(۵)۔ودیعت مودع کے مال میں مل گئی اس کی تعدی کے بغیر تو کیا حکم ہو گا؟

سوال:(٦)۔مالک نے ودیعت طلب کی مودع نے انکار کر دیا تو کیا حکم ہے ؟

سوال:(۷)۔مودع ودیعت کو سفر پر لے کر جا سکتا ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۸)۔دو آدمیوں نے ایک آدمی کے پاس ودیعت رکھی ،ایک حاضر ہوا اور اپنے حصہ کا مطالبہ کیا ت اس کو دوسرے کی عدم موجودگی میں سپرد کرے یا نہ کرے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں ؟

سوال:(۹)۔ایک آدمی نے دو آدمیوں کے پاس ایسی چیز ودیعت رکھی جو تقسیم ہو سکتی ہے ایسی ودیعت کی حفاظت کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(۱۰)۔صاحب ودیعت نے مودع سے کہا کہ اپنی بیوی کے سپرد نہ کرنا اور اس نے بیوی کے سپرد کر دی تو ضامن ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(۱۱)۔ایک شخص نے کسی کے پاس ودیعت رکھی اس نے کسی اور کے پاس رکھ دی اور وہ تلف ہو گئی تو مالک مودع اول سے تاوان لے گا یا مودع ثانی سے ؟

سوال:(۱۲)۔کسی کے قبضہ میں ہزار درہم ہیں دو آدمیوں میں سے ہر ایک نے کہا وہ میرے ہیں میں نے اس کے پاس ودیعت رکھے تھے اور قابض نے دونوں کے لیے قسم کھانے سے انکار کر دیا تو کیا حکم ہے ؟

سوال:(۱۳)۔جب قابض نے اول کے لیے کھانے سے انکار کردیا تو دوسرے کے بارے میں امام بزدوی کا کیا موقف ہے اور امام خصاف کا نقطہ نظر کیا ہے؟

## کتاب الاجارہ

(1)اجارہ کا لغوی اور شرعی معنی بیان کریں؟نیز جارہ قیاس کی نظر میں کیسا ہے؟

(2)اجارہ کب منعقد ہوتا ہے ؟

(3)صحت اجارہ کیلئے کیا چیز ضروری ہے ؟

(4)منفعت معلوم کرنے کے کتنے اور کونسے طریقے ہیں؟

(5).منافع نفس عقد سے کب معلوم ہوتے ہیں؟

## باب الاجرۃ متی یستحق

(1)اجرت کب واجب ہوتی ہے ؟

(2)شرط تعجیل تعجیل بغیر شرط اور استیفاء معقود علیہ کے متعلق اختلاف تحریر کریں ؟

(3)مستاجر پر اجرت گھر پر قبضہ کرنے یا اس میں رہنے کس سے واجب ہوتی ہے ؟

(4)اونٹ اگر کرایہ پر لیا تو اس میں موجر اجرت کا مطالبہ کب کرسکتا ہے ؟

(5)روٹی پکانے والا اجرت کا مستحق کب ہوگا ؟

(6)باورچی اجرت کا مستحق کب ہوگا؟

(7)کاریگر کب عین کو روک سکتا ہے اور کب نہیں روک سکتا؟

(8)اگر کسی آدمی کو اجارہ پر لیا تاکہ بصرہ سے گھر والوں کو لائے لیکن جب اجیر وہاں پہنچا تو کچھ مر چکے تھے تو اب وہ کتنے اجرت کا مستحق ہوگا؟

## باب مایجوز من الاجارۃ ومایکون خلافا فیھا

(1)۔گھروں اور دکانوں کو کرایہ پر دینے کا کیا حکم ہے؟

(2) عمارت بنانے اور درخت کو اُگنے کے لیے زمین کرایہ پر لینے کا حکم ؟

(3) چوپاؤں کو سواری اور بوجھ اٹھانے کے لیے کرایہ پر لینا کا حکم ؟

(4) بوجھ کی نوعیت اور مقدار معلوم کرنا ضروری ہے یا نہیں ؟

(5) جانور کو حیرہ تک کرایہ پر لیا پھر اس سے آگے بڑھ کر قادسیہ تک لے گیا اور واپس لایا جانور ہلاک ہو گیا تو ضامن ہو گا یا نہیں ؟

(6) گدھے کو زین کے ساتھ کرایہ پر لیا پھر وہ زین اُتار کر ایسی زین پہنائی جو گدھوں کو پہنائی جاتی ہے گدھا ہلاک ہو گیا ضامن ہو گا یا نہیں؟

(7) حمال کو کرایہ پر لیا تاکہ فلاں راستے سے بوجھ اٹھائے اس نے دوسرا راستہ اختیار کیا جس پر لوگ چلتے ہیں اب سامان ہلاک ہوا ضامن ہو گا یا نہیں؟

(8) درزی کو کپڑا دیا کہ اس کا قمیص بنائے اس نے قبا بنا دیا مالک کپڑا لے گا یا ضمان ؟

## باب الاجارۃ الفاسد

(1)۔کن شروط سے اجارہ فاسد ہو جاتا ہے ؟

(2)۔مکان کے اجارہ کے احکام کیا ہیں ؟

(3) مدت جارہ کی ابتدا کب سے ہو گی ؟

(4)۔اجرت حجام و حمام کی بحث سپرد قرطاس کریں ؟

(5)۔نرائی کدائی یعنی جفتی کرانے کی اجرت لینا کیسا ہے ؟

(6)۔تعلیم قرآن،امامت واذان تعلیم فقہ پر اجرت کے جواز و عدم پر دلائل پیش کریں ؟

(7)۔گانے باجے،میت پر نوحہ کرنے اور تمام آلات معاصی پر اجارہ لینا کیسا ہے ؟

(8)۔انا کو باجرت معلومہ اجارہ پر لینا کیسا ہے ؟

(9)۔کھانے اور کپڑے کے عوض اناکواجارہ پر لیناکیسا ہے ؟

(10)۔غلہ کا نام لے کراس کی مقدار بیان کرنے سے اجارہ درست ہو گا یانہیں ؟

(11)۔قفیزالطحان کی بحث سپرد قرطاس کریں ؟

(12)۔حمال کواجارہ پر لیانصف غلہ نصف غلہ کے عوض اٹھاکر پہنچادے تواجرت ملے گی یانہیں ؟

(13)۔ایک آدمی کواجارہ پر لیاتاکہ وہ دس صاع آٹا پکائے ایک درہم کے عوض تواجارہ کا کیاحکم ہے ؟

(14)۔زمین کو جوتنے،کاشت کرنے اور سینچنے کے لیے کرایہ لینے کا کیاحکم ہے ؟

(15)۔زمین اجارہ پر لی تاکہ اس میں کاشت کرے دوسری زمین کی کاشت کے عوض ایسے اجارہ کا کیاحکم ہے ؟

(16)۔دو شخصوں کے مشترک اناج میں ایک نے دوسرے شریک کویااس کے گدھے کواس شرط پراجارہ پر لیاکہ اس کا حصہ اٹھائے اس نے کل اناج اٹھاکر پہنچادیاتواجرت کے متعلق کیاحکم ہے ؟

(17)۔زمین اجارہ پر لی اور یہ نہیں ذکر کیاکہ کاشت کرے گایاکس چیز کی کاشت کرے گاتوجارہ کا کیاحکم ہے ؟

## باب ضمان الاجیر

(1)۔اجیر کی اقسام،اجیر مشترک اجرت کا کب مستحق ہوتا ہے ؟

(2)۔اجیر مشترک کے احکام کیاہیں ؟

(3)۔جو چیز اجیر مشترک کے عمل سے تلف ہوجائے اس کا کیاحکم ہے ؟

(4)۔کسی نے ایک شخص کو اجارہ پر لیا جو اس کے لیے فرات سے مٹکا اٹھائے وہ مٹکا راستہ میں ٹوٹ کر گر گیا مستاجر مٹکے کی قیمت کا تاوان لے اور اجیر کے لیے اجرت ہوگی یا نہیں؟

(5)۔فصاد نے فصد کیا بیطار نے داغا تو تاوان ہوگا یا نہیں؟

(6)۔اجیر خاص کے احکام کیا ہیں؟

## باب الاجارۃ علی احد الشرطین

(1)۔درزی سے کہا اگر اس کپڑے کو فارسی طرز پر سلے تو ایک درہم اور اگر روم طرز پر سلے تو دو درہم کیا ایسا کرنا درست ہے؟

(2)۔درزی سے کہا اگر آج سلے تو ایک درہم اور کل سلے تو نصف درہم، آج سلے تو کتنا ملے گا کل سلے تو کتنا ملے گا؟

(3)۔اگر اس دکان میں عطار کو ٹھہرائے تو ایک درہم ایک مہینے میں اگر لوہار کو ٹھہرائے تو دو درہم تو ایسا اجارہ درست ہے؟

## باب اجارۃ العبد

(1)۔غلام کو خدمت کے لیے اجارہ پر لیا تو سفر پر لے جاسکتا ہے یا نہیں؟

(2)۔کسی نے غلام کو غصب کیا غلام نے خود کو اجارہ پر دیدیا غاصب اس کی اجرت لے کر کھا گیا تاوان غاصب پر ہوگا یا نہیں؟

(3)۔کسی نے دو مہینوں کے لیے غلام کرایہ پر لیا ایک ماہ چار درہم کے بدلے اور ایک ماہ پانچ درہم کے بدلے تو اجارہ درست ہے یا نہیں؟

(4)۔کسی نے غلام ایک درہم کے بدلے ایک ماہ کے لیے کرایہ پر لیا پھر شروع ماہ میں اس پر قبضہ کیا پھر آخر ماہ میں وہ بھاگا ہو یا بیمار تھا مستاجر نے کہا جب سے میں نے اسے لیا یہ اسی وقت سے بھاگ گیا تھا یا بیمار ہو گیا تھا آقا نے کہا یہ نہیں ہوا تیرے آنے سے کچھ پہلے بھاگا ہے بیمار اور صحت کی حالت میں کس کے قول پر حکم کیا جائے گا؟

(5)۔جب خیاط اور رب الثوب کا اختلاف ہو جائے تو قول کس کا معتبر ہوگا۔؟

## باب فسخ الاجارۃ

(1)۔کرایہ پر گھر لیا پھر ایسا عیب پایا جو رہائش کے لیے نقصان دہ ہے تو کیا حکم ہے؟

(2)۔جب گھر ویران ہو جائے یا زراعت یا پن چکی کا پانی بند ہو جائے تو اجارہ کا کیا حکم ہے؟

(3)۔جب متعاقدین میں سے کوئی فوت ہو گیا اور اجارہ اپنے ہی لیے کیا تھا تو کیا حکم ہے؟

(4)۔اعذار سے اجارہ فسخ ہوتا ہے یا نہیں امام شافعی کا موقف کیا ہے تفصیل سے بیان کریں؟

(5)۔دکان بازار میں کرایہ پر لی تاکہ تجارت کرے گا مال ضائع ہو گیا یا اسی طرح دکان یا مکان کرایہ پر لیا پھر مفلس ہو گیا اور اسے دین لازم ہو گیے ان دیون کو کیسے ادا کیا جائے اور قاضی کیا کرے؟

(6)۔کرایہ پر چوپایہ لیا تاکہ اس پر سفر کرے پھر سفر سے کوئی رکاوٹ پیش آگئی تو کیا حکم ہے؟

(7)۔کسی نے اپنا غلام کرایہ پر دیا پھر اسے بیچ دیا یہ عذر ہوگا یا نہیں؟

(8)۔کسی نے غلام کرایہ پر لیا کہ شہر میں اس کی خدمت کرے پھر سفر کیا تو کیا حکم ہے؟

(9)۔زمین کرایہ پر لی یا عاریت پر لی حصائد کو جلا دیا اس سے دوسری زمین میں کوئی چیز جل گئی تو تاوان ہوگا یا نہیں؟

(10)۔اونٹ کرایہ پر لیا اس پر ایک ہودہ اور دو سوار مکہ تک سوار ہو کر جائیں گے اجارہ جائز ہے یا نہیں نیز مستاجر کے متعلق کیا حکم ہے؟

# كتاب العارية

(1):۔عاریت کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

(2):۔عاریت کی تعریف کیا ہے؟

(3)۔لفظ اباحت کا عاریت ہوگی یا نہیں؟

(4)۔الفاظ عاریت کیا کیا ہیں؟

(5)۔عاریت امانت ہے یا مضمون احناف کی دلیل بھی بیان کریں؟

(6)۔مستعیر کے لیے عاریت کی چیز کو کرایہ پر دینا کیسا ہے، اگر اجارہ پر دی اور وہ ہلاک ہوگئی تو کیا حکم ہے؟

(7)۔مستعیر کے لیے عاریت پر دینے کا کیا حکم ہے؟

(8)۔عاریت کے اقسام اربعہ کی تشریح بیان کریں؟

(9)۔دراہم، دنانیر، مکیلی موزونی اور معدودی چیز کی عاریت کیسی ہے؟

(10)۔مستعیر کے لیے عاریت کی زمین میں عمارت بنانے اور درخت لگانے کا کیا حکم ہے؟

(11)۔عاریت کی واپسی کی مزدوری معیر پر ہے یا مستعیر پر؟

(12)۔کسی نے چوپایہ عاریت پر لیا اور اس کو اپنے غلام یا نوکر کے ہاتھ واپس کیا تو ضامن ہوگا یا نہیں؟

# کتاب الھبہ

سوال(1)۔ہبہ کی شرعی حیثیت کیا ہے؟

سوال:(2)۔ہبہ پر قبضہ کرنے اور عدم قبضہ کے متعلق امام مالک اور احناف کا کیا موقف ہے؟

سوال:(3)۔موہوب لہ نے مجلس میں واہب کی اجازت کے بغیر قبضہ کیا تو جائز ہے یا نہیں،اور مجلس سے جدا ہونے کے بعد قبضہ کیا تو کیا حکم ہوگا؟

سوال:(4)۔کن کن الفاظ سے ہبہ درست ہوجاتا ہے؟

سوال:(5)۔کَسَوْتُكَ هٰذَا الثَّوْبَ اور مَنَحْتُكَ هٰذِهِ الْجَارِيَةَ میں سے کس قول سے ہبہ ہوگا اور کس سے عاریت ہوگا؟

سوال:(6)غیر مقسوم کا ہبہ درست ہے یا نہیں

سوال:(7)عین شی اگر موہوب لہ کے قبضہ میں ہو تو کیا صرف ہبہ کرنے سے ملک بن جائے گا یا قبضہ جدید کی ضرورت ہوگی؟

سوال:(8)۔کسی نے اگر صغیر کو ہبہ کیا تو کس کے قبضہ سے ہبہ تام ہوگا ؟

سوال:(9)دو آدمیوں نے اگر اپنے مشترک مکان کو ہبہ کیا تو جائز ہے یا نہیں اور اگر دونوں نے دو کو ہبہ کی تو کیا حکم ہوگا اقوال فقہاء بیان کریں؟

سوال:(10)دو شخص کے لیے ایک مکان کو ایک کے لیے 2 تہائی اور ایک کے لیے ایک تہائی تو اس کا ہبہ ہوگا یہ بھی؟

(11)اجنبی کو ہبہ کیا تو رجوع کر سکتا ہے یہ نہیں اختلاف بیان کریں

(12)موانع رجوع کیا ہیں

(13)ذی رحم کے ہبہ کے بعد رجوع کر سکتا ہے یہ نہیں

(14)قاضی یا تراضی کے بغیر رجوع کر سکتا ہے یہ نہیں

(15)موھوبہ شی ھلاک ہوئے گئی اور کوئی اسکا مستحق نکل آیا کون ضامن ہوگا اور کیا ضامن کسی پر رجوع کر سکتا ہے

(16)عوض کی شرط کے ساتھ قبضہ کیا تو اسمیں کیا ضروری ہے اور کس سے باطل ہوگی

(17)باندی کے حمل کے استثناء کر کے ہبہ کرنا درست ہے یہ نہیں

(18)باندی کے بطن میں جو ہے اسکو آزاد کر کے ہبہ کر سکتا ہے یا نہیں

(19)عمریٰ اور رقبیٰ کی شرعی حیثیت بیان کریں

(20)رقبیٰ کے بارے میں اختلاف بیان کریں

(21)صدقہ کی شرعی حیثیت بیان کریں اور اسکی شرط بھی بیان کریں

(22)۔موھوب لہ نے اگر واہب سے کہا کہ یہ چیز تیرے ہبہ کا عوض یا بدلہ یا اُسکے مقابلے میں اور واہب نے قبضہ کر لیا تو رجوع کا حق ساقط ہوگا یا نہیں؟

## کتاب الذبائح

سوال:(۱)۔کیا گوشت کی حلت و حرمت کے لیے ذبح شرط ہے؟

سوال:(۲)۔ذکاۃ یعنی ذبح کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال:(۳)۔ذبح کی شرائط کیا ہیں؟

سوال:(۴)۔کس کس کا ذبیحہ حلال ہے؟

سوال:(۵)۔مجوسی کے ذبیحہ کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۶)۔مرتد کے ذبیحہ کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۷)۔حرم میں شکار کا ذبیحہ جائز ہے یا نہیں ائمہ کے دلائل کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۸)۔زکاۃ اختیاری میں کس وقت بسم اللہ پڑھی جائے گی؟

سوال:(۹)۔ذبح کے وقت اللہ کے نام کے ساتھ غیر اللہ کا نام کیسا ہے؟

سوال:(۱۰)۔غیر اللہ کا ذکر ہونے کے متعلق تین مسائل ذکر کریں؟

سوال:(۱۱)۔خالص ذکر کا مطلب کیا ہے؟

سوال:(۱۲)۔ذبح جانور کے کس حصہ پر کرنا ہوگا؟

سوال:(۱۳)۔ذبح میں کون کونسی رگیں کاٹنا ضروری ہیں؟

سوال:(۱۴)۔رگوں کی کتنی تعداد کٹنا ضروری ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۵)۔حلقوم اور ادواج کا آدھا آدھا حصہ کاٹا تو ذبیحہ حلال ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۶)۔امام اعظم،امام ابو یوسف اور امام محمد کے یہاں کتنی رگیں کٹ جائیں تو ذبیحہ حلال شمار ہوگا مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔کن چیزوں سے جانوروں کو ذبح کرنا درست ہے اقوال افقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔لیط،مروہ اور لگے ہوئے دانت اور ناخن سے ذبح کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۹)۔مستحبا تِ ذبح بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔مکروہات ذبح بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔بکری کو گدی کے پیچھے سے ذبح کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۱)۔کن جانوروں میں ذبح اختیاری اور کن میں ذبح اضطراری ہوگا؟

سوال:(۲۱)۔اونٹ یا کوئی اور چوپایہ کنوئیں میں گر جائے اور ذبح اختیاری سے عجز متحقق ہوجائے تو ذبح کیسے ہوگا؟

سوال:(۲۲)۔پالتو چوپایہ وحشی ہوجائے تو ذکاۃ یعنی ذبح کیسے ہوگی؟

سوال:(۲۳)۔اونٹ میں،گائے بکری میں مستحب کیا ہے؟

سوال:(۲۴)۔اونٹ یا گائے کو ذبح کیا گیا اور اس کے پیٹ سے مردہ بچہ نکلا تو اس کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

## فصل فیما یحل اکلہ ومالا یحل

سوال:(۱)۔کن چوپاؤں اور پرندوں کا کھانا حرام ہے؟

سوال:(۲)۔انسان کا کھانا حرام ہے حرمت کی وجہ بھی بیان کریں؟

سوال:(۳)۔کھیتی کا کوا کھانے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(۴)۔ابقع اور غراب کے کھانے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۵)۔عقعق کے کھانے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(۶)۔کن جانوروں کا کھانا مکروہ ہے؟
سوال:(۷)۔پالتو، گدھے اور خچر کا گوشت کھانا کیسا ہے؟
سوال:(۸)۔گھوڑے کے گوشت کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(۹)۔خرگوش کھانے کا حکم کیا ہے؟
سوال:(۱۰)۔ذبح سے کن جانوروں کا گوشت اور چمڑا پاک ہوتا ہے اور کس کا نہیں؟
سوال:(۱۲)۔دریائی جانوروں میں کون سا جانور کھانا حلال ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(۱۳)۔طافی مچھلی کھانے کا حکم کیا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟
سوال:(۱۴)۔مچھلی کے جمیع اعضا حلال ہیں یا نہیں امام مالک کا موقف کیا ہے؟
سوال:(۱۵)۔ٹڈی زندہ حلال ہے یا مردہ؟
سوال:(۱۶)۔مچھلی کے بارے میں قاعدہ کلیہ کیا ہے؟

## کتاب الاضحیة

سوال:(۱)۔قربانی کا حکم، قربانی کس پر، کب واجب ہے کس کی طرف سے واجب ہے بیان کریں؟
سوال:(۲)۔قربانی کے سنت کے قائلین کی دو دلیلیں، یعنی دلیل نقلی و عقلی بیان کریں؟
سوال:(۳)۔قربانی کے وجوب کے دلیل نیز فریق مخالف کی حدیث کا جواب؟
سوال:(۴)۔شرائط قربانی بیان کریں؟
سوال:(۵)۔قربانی کس کس کی طرف سے واجب ہے؟
سوال:(۶)۔بچہ کے پاس مال ہو تو قربانی ہے یا نہیں اقوال فقہا بیان کریں؟
سوال:(۷)۔قربانی کا جانور، کونسا جانور کتنے آدمیوں کی طرف سے کافی ہے؟

سوال:(۸)۔سات سے کم آدمیوں کی طرف بڑے جانوروں کا حکم نیز امام مالک کا نقطۂ نظر بیان کریں؟

سوال:(۹)۔شرکاء میں گوشت تقسیم کرنے کا طریقہ؟

سوال:(۱۰)۔قربانی کی گائے خریدی اور ارادہ تھا کہ اپنی طرف سے ذبح کروں گا مگر چھ اور شریک کر لیے تو قربانی کا حکم؟

سوال:(۱۱)۔مسافر اور غریب پر قربانی واجب ہے یا نہیں؟

سوال؛(۱۲)۔قربانی کا وقت اور ایام احادیث سے ثابت کریں؟

سوال:(۱۳)۔دیہاتی کے لیے قربانی کا وقت کیا ہے بیان کریں؟

سوال:(۱۴)۔قربانی کے لیے مقام معتبر کونسا ہے؟

سوال:(۱۵)۔قربانی میں محل کے اعتبار کی وجہ بیان کریں؟

سوال:(۱۶)۔مسجد میں عید کی نماز ہوگئی عید گاہ میں نہیں ہوئی تو قربانی درست ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۷)۔قربانی کے ایام بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔رات میں ذبح کرنے کا حکم؟

سوال:(۱۹)۔کیا ایام قربانی میں قربانی اور صدقہ دونوں میں سے کون افضل ہے بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔قربانی واجب تھی اور ایام قربانی گزر گیے اور قربانی نہیں کی تو کیا کریں؟

سوال:(۲۱)۔کن عیب دار جانوروں کی قربانی جائز نہیں بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔عیب میں کتنی مقدار شمار کی جائے گی نیز اکثر مقدار کے سلسلے میں اقوال فقہا نیز صاحبین کا نقطۂ نظر بیان کریں؟

سوال:(۲۳)۔آنکھ میں عیب معلوم کرنے کا کیا طریقہ ہے واضح طور پر بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔جس کے بالکل سینگ نہ ہو یا جڑ سے نہ ٹوٹا تو قربانی درست ہے یا نہیں نیز خصی کی قربانی کا حکم نیز مجنون جانوروں کی قربانی کا حکم بیان کریں؟

سوال:(۲۵)۔جس جانور کے دانت نہ ہو اس جانور کے قربانی کے بارے میں اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال(۲۶)۔عیوب مذکورہ خریدتے وقت ہوں اور خریدنے کے بعد ظاہر ہو جائے تو اس سلسلے میں مالدار اور غریب کے بارے میں کیا حکم ہے نیز مذکورہ قاعدہ بھی بیان کریں؟

سوال:(۲۷)۔ذبح کرتے وقت جو عیب پیدا ہو جائے کیا وہ عیب قربانی کی رکاوٹ سے مانع ہے قلمبند کریں؟

سوال:(۲۸)۔قربانی کے لیے کتنے قسم کے جانور جائز ہیں نیز بھیڑ کے بچے کے سلسلہ میں کیا حکم ہے نیز بقیہ جانوروں کے بارے میں ثنی کیا ہے اس کا کیا مطلب ہے اور ثنی کتنے سال کا ہونا ضروری ہے؟

سوال:(۲۹)۔سات افراد نے ایک گائے قربانی کے لئے خریدی پھر ایک قربانی سے پہلے فوت ہو گیا اور اس کے ورثا نے شرکا کو کہا کہ تم یہ حصہ میت کی طرف سے کردو تو قربانی درست ہے یا نہیں اور اگر مان لیں کہ درست ہے تو یہ بیان کریں قیاس کا کیا تقاضا ہے اور اس کا جواب بھی دیں؟

سوال:(۳۰)۔شرکا میں صغیر کے جانب سے اس کے باپ نے اور ام ولد کی جانب سے اس کے آقا نے قربانی کی اجازت دے دی تو کیا حکم ہے (یعنی جائز ہے یا نہیں)؟

سوال:(۳۱)۔کیا قربانی کے گوشت کو کھانے، کھلانے اور اس کو سکھانے کا کیا حکم ہے نیز یہ بیان کریں کہ قربانی کے گوشت کو کتنا صدقہ کرنا مستحب ہے، قربانی کی کھال، نیز قربانی کے کھال کو بیچنے کا کیا حکم ہے تحریر کریں؟

سوال:(۳۲)۔سننے میں آیا ہے کہ قربانی کرنا خود افضل ہے کیا درست ہے نیز یہ بھی بتائیں کہ کتابی سے ذبح کرانا کیا ہے بیان کریں؟

سوال:(۳۳)۔دو آدمیوں نے اپنی اپنی قربانی کے جانور خریدے پھر ذبح میں غلطی سرزد ہوگئی یعنی ایک نے دوسرے کے جانور کو ذبح کردیا تو قربانی درست ہے یا نہیں نیز استحسانی دلیل اور سوال وجواب نیز وہ چار مسائل جس میں استحسان پر عمل ہے بیان کریں؟

سوال:(۳۴)۔مالک نے گوشت کو ہانڈی میں ڈال کر چولہے پر رکھ دیا اور چولہے میں لکڑی اور ایندھن رکھ دیا پھر کسی نے چولہے میں آگ لگادی اور گوشت پکا دیا تو آگ لگا کر پکانے والا ضامن ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۳۵)۔گذشتہ مسئلہ ایک کا دوسرے کی اجازت کے بغیر ذبح کرنا بیان کریں؟

سوال:(۳۶)قربانی کرلی اور کھال اتار لی ابھی نہیں کھایا ہے تو وہ ایک دوسرے واپس کریں گے یا نہیں نیز یہ بتائیں کہ اگر دونوں نے گوشت کھا لیا تو کیا حکم ہے جبکہ نہ جھگڑے اور اگر جھگڑے تو کیا حکم ہے بیان کریں؟

سوال:(۳۷ب)بکری غصب کی اور قربانی کرڈالی تو قربانی کی صحت کی کیا صورت ہے قلمبند کریں؟

# کتاب الکراھیة

سوال:(۱)۔مکروہ سے مکروہ تحریمی یا حرام کیا مراد ہے؟

سوال:(۲)۔گدھی کا گوشت اور دودھ اور اونٹ کے پیشاب کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳)۔سونے چاندی کے برتنوں میں کھانے پینے اور دیگر چیزوں میں استعمال کرنا کیسا ہے؟

سوال:(۴)۔مکروہ سے مراد کونسا مکروہ ہے،نیز مرد وعورت کے لیے سونے چاندی کے برتنوں کا استعمال کرنا کیسا ہے؟

سوال:(۵)۔کانچ،بلور،عقیق کے برتنوں کے استعمال کا حکم اور امام شافعی کا نقطہ نظر کیا ہے؟

سوال:(٦)۔ مفضض برتن میں پینے کا حکم، مفضض برتن پر سوار ہوئے، مفضض سر پر یا کرسی پر بیٹھنے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(٧)۔ سونے چاندی جس برتن، کرسی پر ہوں ان چیزوں کے استعمال کا حکم کیا ہے امام صاحب اور صاحبین کا موقف کیا ہے؟

سوال:(٨)۔ مجوسی مزدور اور خادم کی خبر کا حکم، نیز اسی مسئلہ کی برعکس صورت بھی بیان کریں؟

سوال:(٩)۔ ہدیہ اور اذن میں غلام، باندی اور بچے کی خبر کا حکم کیا ہے؟

سوال:(١٠)۔ دیانات اور معاملات میں فاسق کے قول کا حکم، نیز وجہ فرق کیا ہے؟

سوال:(١١)۔ مستور الحال کے قول کا حکم کیا ہے؟

سوال:(١٢)۔ دیانات میں عادل غلام، آزاد باندی کا قول معتبر ہے یا نہیں؟

سوال:(١٣)۔ عادل مسلمان کی پانی کی ناپاکی کے بارے میں خبر معتبر ہے یا نہیں؟

سوال:(١٤)۔ کیا عدالت کے ہوتے ہوئے کذب کا احتمال ساقط ہو جاتا ہے؟

سوال:(١٥)۔ مخبر کے بارے میں غالب گمان کذب کا ہے تو وضو پر ہی اکتفا کرے یا تیمم بھی کرے گا؟

سوال:(١٦)۔ دعوت ولیمہ یا کسی بھی ولیمہ میں مدعو کوئی شخص کیا گیا وہاں گانا بجانا یا لہو ولعب ہو تو کیا کرے؟

سوال:(١٧)۔ مقتدا اور غیر مقتدا میں فرق کی وجہ کیا ہے؟

سوال:(١٨)۔ تمام خرافات دسترخوان پر ہوں تو کیا غیر مقتدا وہاں بیٹھ سکتے ہیں؟

سوال:(١٩)۔ مردوں اور عورتوں کے لیے ریشم پہننے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(٢٠)۔ قلیل مقدار کی تعیین کریں؟

سوال:(٢١)۔ ریشم کا تکیہ اور اس پر سونے کا حکم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(٢٢)۔ جنگ کے موقع پر ریشم کے متعلق صاحبین اور امام صاحب کا کیا موقف ہے؟

سوال:(۲۳)۔ایسا کپڑا جس کا تانا ریشم کا ہو اور بانا غیر ریشم کا ہو تو کیا حکم ہے نیز امام یوسف کا کیا موقف ہے؟

سوال:(۲۴)۔بانا ریشم اور تانا غیر ریشم کا ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۵)۔مردوں کے لیے سونے سے زینت جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۶)۔چاندی، پتھر، لوہے اور تیل کی انگوٹھی پہننے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۷)۔سونے کی انگوٹھی مردوں کے لیے پہننا کیسا ہے؟

سوال:(۲۸)۔قاضی اور سلطان کے لیے انگوٹھی پہننے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۹)۔مردوں کے لیے بغیر ضرورت انگوٹھی کا ترک کرنا کیسا ہے؟

سوال:(۳۰)۔سونے کی میخ جسے نگینہ کی سوراخ میں ٹھوک دیا جائے اس کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۱)۔سونے اور چاندی کے تار سے دانتوں کو بندھوانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۲)۔ہاتھ کا رومال رکھنے کا کیا حکم ہے؟

## فصل فی الوطی والنظر والمس

سوال:(1)۔مرد کے لیے اجنبیہ کے چہرے اور ہتھیلیوں کا دیکھنا کیسا ہے؟

سوال:(2)۔چہرے اور ہتھیلی کے کھولنے پر عقلی دلیل پیش کریں؟

سوال:(3)۔عورت کا چہرہ دیکھنا کب جائز ہے؟

سوال:(4)۔چہرے اور ہتھیلی کو چھونے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(5)۔کیا بوڑھی عورت سے مصافحہ اور چھونا جائز ہے؟

سوال:(6)۔چھوٹی بچی کے دیکھنے اور چھونے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔قاضی اور گواہ کے لیے عورت کا چہرہ دیکھنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(8)۔جس عورت سے نکاح کرنا چاہتا ہے کیا اس کا چہرہ دیکھ سکتا ہے؟

سوال:(9)۔کیا طبیب کے لیے عورت کے موقع مرض کو دیکھنا جائز ہے؟

سوال:(10)۔مرد کے لیے مرد کا کتنا بدن دیکھنے کی اجازت ہے؟

سوال:(11)۔گھٹنہ عورت (شرم گاہ) ہے یا نہیں؟

سوال:(12)۔مرد کے لیے مرد کا کتنا حصہ بدن کو چھونے کی اجازت ہے؟

سوال:(13)۔عورت کے لیے مرد کا کتنا بدن دیکھنے کی گنجائش ہے؟
سوال:(14)۔عورت کے لیے اجنبی مرد کا پیٹ اور پیٹھ دیکھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(15)۔مرد کے لیے اجنبی عورت کا پیٹ اور پیٹھ دیکھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(16)۔دونوں مسئلوں میں وجہ فرق بیان کریں؟
سوال:(17)۔عورت کے لیے عورت کا کتنا بدن دیکھنا جائز ہے؟
سوال:(18)۔مرد کے لیے اپنی باندی اور بیوی کی شرمگاہ کو دیکھنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(19)۔مرد اپنی محارم عورتوں کے کن اعضا کو دیکھ سکتا ہے اور کن کو دیکھنا درست نہیں؟
سوال:(20)۔محارم کو دیکھنے کے عقلی دلائل پیش کریں؟
سوال:(21)۔اپنی محارم کے جتنے بدن کا دیکھنا جائز ہے اس کا چھونا جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(22)۔محارم کے ساتھ سفر اور خلوت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(23)۔اپنی ذی رحم محرم عورت کو مسافرت میں سواری پر سوار کرنے اور اتارنے کی ضرورت کے وقت کپڑوں کے اوپر سے پکڑ سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(24)۔دوسروں کی باندی کا کتنا حصہ دیکھنے کی گنجائش ہے نیز حضرت عمر کا اثر کیا ہے؟
سوال:(25)۔کسی باندی کا پیٹ اور پیٹھ دیکھنا جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(26)۔دوسروں کی باندی کے ساتھ خلوت اور مسافرت کا کیا حکم ہے؟
سوال:(27)۔باندی کو خریدنے کے لیے چھونا جائز ہے یا نہیں؟
سوال:(28)۔بالغہ باندی کو بوقت فروخت ایک ازار میں لے جانے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(29)۔خصی کے لیے اجنبیہ کی طرف دیکھنے کیا حکم ہے؟
سوال:(30)۔غلام کے لیے اپنی مالکہ کو دیکھنا جائز نہیں؟
سوال:(31)۔باندی اور زوجہ سے عزل کے لیے اجازت لینا ہوگا یا نہیں؟

## فصل فی الاستبراء وغیرہ

سوال:(1)۔خریدی ہوئی باندی کا رحم جب تک صاف نہ ہوجائے وطی اور دواعی وطی کب سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(2)۔آقا پر استبرا واجب ہے اور گرفتار شدہ باندی وجوب استبرا کا سبب کیا ہے؟
سوال:(3)۔استبرا مشتری پر ہے یا بائع پر؟

سوال:(4)۔وجوب استبرا کا حکم کب کب ہوگا؟
سوال:(5)۔مذکورہ علت پر متفرع ہونے والی چند جزئیات؟
سوال:(6)۔کس باندی میں استبرا واجب ہے؟
سوال:(7)۔بھاگی ہوئی واپس آجائے تو استبرا ہوگا یا نہیں؟
سوال:(8)۔وجوب استبرا سے پہلے وطی اور دواعی وطی کیسے ہیں؟
سوال:(9)۔حائضہ سے دواعی وطی جائز ہیں یا نہیں؟
سوال:(10)۔مسبیہ (گرفتار) سے دواعی وطی کا کیا حکم ہے؟
سوال:(11)۔حاملہ کا استبرا کیا ہے؟
سوال:(12)۔وہ باندی جو استبرا مہینہ سے کر رہی تھی درمیان میں حیض آ گیا تو استبرا مہینہ سے ہوگا یا حیض سے؟
سوال:(13)۔ممتد الطہر سے کب تک وطی سے رکے گا؟
سوال:(14)۔استبرا کے اسقاط کے لیے حیلہ کا کیا حکم ہے؟
سوال:(15)۔استبرا کے دو حیلے پیش کریں؟
سوال:(16)۔کفارہ ظہار ادا کرنے والے کے لیے اپنی بیوی سے وطی اور دواعی جائز ہیں یا نہیں؟
سوال:(17)۔حالت حیض میں اور روزہ میں وطی حرام ہے تو دواعی وطی حرام کیوں نہیں؟
سوال:(18)۔جس کے پاس دو بہنیں باندیاں ہیں دونوں کا شہوت سے بوسہ لیا کسی ایک سے بھی جماع اور بوسہ اور فرج کی طرف دیکھنا کب تک درست نہ ہوگا؟
سوال:(19)۔دو مملوکہ بہنوں کو باعتبار وطی جمع کرنا کیسا ہے؟
سوال:(20)۔ملک سے مراد ملک معین ہے؟
سوال:(21)۔دونوں باندیوں میں سے ایک کو رہن اجارہ یا مدبر بنانے سے دوسری حلال ہوگی یا نہیں؟
سوال:(22)۔مولی نے ایک باندی کا نکاح فاسد کسی سے کیا تو مولی اس کی بہن سے وطی کر سکتا ہے یا نہیں؟
سوال:(23)۔مرد کے لیے مرد کے منھ، ہاتھ اور کسی چیز کا بوسہ لینا اور معانقہ کرنے کا کیا حکم ہے؟
سوال:(24)۔مصافحہ کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(25)۔پائخانہ کی بیع کیسی ہے،نیز گوبر اور لید کی بیع کا کیا حکم ہے؟

سوال:(26)۔معاملات میں کتنے لوگوں کا قول معتبر ہے اس کا عاقل ہونا کافی ہے مرد ہو یا عورت مسلمان ہو یا کافر،عادل ہو یا فاسق مذکورہ قاعدہ پر متفرع ہونے والا مسئلہ کیا ہے؟

سوال:(27)۔اگر غیر ثقہ ہو لیکن غالب گمان اس کی سچائی کا ہے تو قول مقبول ہوگا یا عدم مقبول ؟

سوال:(28)۔غالب گمان اس کے جھوٹے ہونے کا ہے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(29)۔مشتری کو معلوم نہیں تھا کہ یہ کس کی باندی ہے قبضہ والے نے بتایا کہ فلاں کی باندی ہے اس نے مجھے بیچنے کا وکیل بنایا ہے تو قول معتبر ہوگا یا نہیں؟

سوال:(30)۔مشتری کو علم ہو یہ باندی فلاں کی ہے تو بائع کب تک اس باندی کو نہ خریدے؟

سوال:(31)۔مبیع ایسی چیز ہے کہ اس کے پاس ہونا دشوار ہے تو خریدے یا نہ خریدے؟

سوال:(32)۔غلام یا باندی کو فروخت کرنے کے لیے لائے تو کب تصرف کر سکتا ہے؟

سوال:(33)۔عورت کا شوہر غائب ہو عورت کو ثقہ نے خبر دی کہ تیرا شوہر مر گیا یا اس نے تمہیں تین طلاقیں دیدیں یا وہ ثقہ نہیں ہے لیکن شوہر کی جانب سے طلاق نامہ کی تحریر پیش کرتا ہے عورت تحریر نہیں جانتی لیکن تحری کے بعد معلوم ہوا کہ یہ سچا ہے تو عورت اس کے قول کو رد کردے یا اعتماد کرلے؟

سوال:(34)۔عورت نے ایک شخص کو کہا کہ میرے شوہر نے مجھے طلاق دیدی ہے اور میری عدت گزر گئی تو یہ شخص اس عورت سے نکاح کر سکتا ہے؟

سوال:(35)۔مطلقہ ثلثہ نے کہا کہ میری عدت گزر گئی میں نے شوہر ثانی سے نکاح کیا اس نے دخول کیا پھر طلاق دیدی اور میری عدت گزر گئی تو زوج اول نکاح کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(36)۔باندی نے کہا کہ میرے مولی نے مجھے آزاد کر دیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(37)۔کسی نے عورت کو خبر دی کہ تمھارا نکاح فاسد تھا یا بوقت نکاح شوہر مرتد تھا یا اس کا رضاعی بھائی ہے تو مخبر کی بات کا کیا حکم ہوگا؟

سوال:(38)۔کسی کی منکوحہ چھوٹی دودھ پیتی بچی ہے شوہر کو کسی نے خبر دی کہ تیری بیوی نے تیری ماں یا بہن کا دودھ پیا ہے تو اس کا قول معتبر ہوگا یا نہیں؟

سوال:(39)۔کسی کی چھوٹی باندی کسی کے قبضہ میں ہے اور اپنے نفس کا اظہار نہیں کر سکتی اور وہ شخص کہتا ہے کہ یہ میری باندی ہے پھر یہ باندی بڑی ہو گئی اس نے کہا کہ میں تو پہلے ہی سے آزاد ہوں تو باندی کا قول معتبر ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(40)۔شراب مسلمان کے حق میں مال متقوم نہیں ذمیوں کے حق میں مال متقوم ہے اس قاعدہ پر کیا مسئلہ نکلتا ہے ؟

سوال:(41)۔انسانوں کے غلہ اور جانوروں کے چارہ میں احتکار کیسا ہے ؟

سوال:(42)۔ کیا مذکورہ بالا حکم تلقی جلب میں ہے ؟

سوال:(43)۔احتکار کن چیزوں میں ہوتا ہے اقوال فقہا کی رشنی میں بیان کریں ؟

سوال:(44)۔احتکار کے متحقق ہونے کے لیے کتنی مدت شرط ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں ؟

سوال:(45)۔ محتکر کب گناہ گار ہو گا ؟

سوال:(46)۔جو اپنی زمین کا غلہ روکے وہ محتکر ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(47)۔دوسرے شہر سے لایا جائے وہاں لاکر فروخت کرے اور کوئی اس کو خرید کر احتکار کرے تو یہ فعل کیسا ہے نیز دوسرے شہر سے لاکر جمع کرنے سے کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں ؟

سوال:(48)۔بادشاہ کے لیے چیزوں کا بھاؤ مقرر کرنے کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(49)۔ قاضی کی جانب معاملہ لایا جائے تو قاضی کیا کرے ؟

سوال:(50)۔ قاضی کب بھاؤ مقرر کر سکتا ہے ؟

سوال:(51)۔جو قاضی کی حکم عدولی کرے اس کے لیے کیا حکم ہے ؟

سوال:(52)۔جنگ کے ایام میں ہتھیاروں کو بیچنا کیسا ہے ؟

سوال:(53)۔انگور کے شیرہ کو بیچنا کیسا ہے جبکہ معلوم ہو کہ مشتری شراب بنائے گا ؟

سوال:(54)۔مجوسیوں کو آتش کدہ بنانے کے لیے یہودیوں کا عبادت خانہ یا نصاری کا عبادت خانہ بنانے کے لیے کرایہ پر دینے کا کیا حکم ہے مع دلیل بیان کریں ؟

سوال:(55)۔امور مذکورہ میں گاؤں کی قید لگانے کا حکم کیا ہے ؟

سوال:(56)۔ذمی کے لیے اجرت پر شراب اٹھانے کا کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں ؟

سوال:(57)۔مکہ میں اپنے مکانات کی عمارت فروخت کرنے کا حکم اسی طرح زمین بیچنے کا حکم اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(58)۔بقال کے پاس درہم رکھ کراس سے جو چاہے گالیتا رہے گا ایسا کرنا کیسا ہے؟

## مسائل متفرقہ

سوال:(1)۔قرآن شریف میں تعشیر(دہائی پر علامت لگانا)اور نقطے لگانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(2)۔مصاحف کو مزین کرنے کیا حکم ہے؟

سوال:(3)۔اہل ذمہ کے لیے مسجد میں داخل ہونے کا حکم اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(4)۔خصی سے خدمت لینے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(5)۔جانور خصی کرنے اور گدھے کو گھوڑی پر چڑھانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(6)۔یہودی ونصرانی کی عیادت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(7)۔دعامیں **اسائلك بمقعد العز من عرشك** کہنے کا کیا حکم ہے مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(8)۔شطرنج،نرداور اور چودہ گوٹی کھیلنے کا کیا حکم ہے اقوال فقہاکی رشنی میں بیان کریں؟

سوال:(9)۔تاجر غلام کا ہدیہ،دعوت قبول کرنے کا حکم،چوپاؤں کے عاریہ کا حکم،غلام سے ہدیہ میں کپڑے،دراہم ودنانیر قبول کرنے کا حکم کیا ہے؟

سوال:(10۔لقیط کی پرورش کرنے والالقیط کی جانب سے ہدیہ،صدقہ پر قبضہ کر سکتا ہے یانہیں؟

سوال:(11)۔صغار کے لیے تصرفات اور خرید وفروخت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(12)۔صغار کا جس میں محض نفع ہو جیسے ہبہ،صدقہ قبول کرنا اور قبضہ کرنے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(13)۔ملتقط یاچچابچہ کو اجارہ پر دے سکتے ہیں؟

سوال:(14)۔اپنے غلام کے گلے میں طوق ڈالنا ہے؟

سوال:(15)۔حقنہ لگانے کا کیا حکم ہے؟

سوال:(16)۔امیر المؤمنین اور قاضی کی تنخواہ کہاں سے ادا کی جائے گی؟

سوال:(17)۔فقیر قاضی اپنی تنخواہ کہاں سے حاصل کرے؟

سوال:(18)۔مالدار قاضی کے لیے بیت المال کے مال سے لینا کیسا ہے؟

سوال:(19)۔تنخواہیں بیت المال کی،کس مد سے دی جائیں گی؟

سوال:(20)۔باندی اور ام الولد بغیر محرم کے سفر کر سکتی ہے یا نہیں؟

# کتاب الجنایات

سوال:(۱)۔قتل کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہیں؟

سوال:(۲)۔قتل عمد کی تفصیل کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۳)۔قصاص کون سے قتل سے واجب ہوتا ہے؟

سوال:(۴)۔قتل عمد کی سزا اور اس کا حکم بیان کریں؟

سوال:(۵)۔قتل عمد کی سزا پر احناف کے عقلی اور نقلی دلائل پیش کریں؟

سوال:(۶)۔قتل عمد میں کفارہ واجب ہے یا نہیں اقوال فقہا مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۷)۔قتل شبہ عمد کس قتل کو کہتے ہیں اقوال فقہا مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۸)۔قتل شبہ عمد کا موجب وحکم کیا ہے؟

سوال:(۹)۔قتل عمد اور قتل شبہ عمد میں قاتل میراث سے محروم ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۰)۔قتل خطا سے کیا واحب اور لازم ہوتا ہے؟

سوال:(۱۱)۔خطا فی الارادہ یا خطا فی الفعل کے وقت قتل خطا میں گناہ ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۲)۔قاتل خطا میراث سے محروم ہوتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۳)۔جاری مجرا(قائم مقام)کا تعارف اور حکم بیان کریں؟

سوال:(۱۴)۔جاری مجرا(قائم مقام)میں امام شافعی کا کیا نظریہ ہے؟

سوال:(۱۵)۔کیا وہ قتل جو نفس کے حق میں شبہ عمد ہے وہ نفس کے علاوہ کے حق میں قتل عمد ہے؟

# باب ما یُوْجِبُ الْقِصَاصَ وَلَا لَا یُوْجِبُہٗ

سوال:(۱)۔قصاص کون سے قتل سے واجب ہوتا ہے؟

سوال:(۲)۔آزاد کو غلام کے بدلے قتل کیا جائے گا یا نہیں احناف اور شوافع کے اختلاف مع دلائل پیش کریں؟

سوال:(۳)۔مسلمان کو ذمی کے بدلے قصاص میں قتل کیا جائے گا یا نہیں،اس میں احناف اور شوافع کے درمیان کیا اختلاف ہے مع دلائل پیش کریں؟

سوال:(۴)۔مستامن کے قتل سے ضمان واجب ہوتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۵)۔ذمی کو مستامن کے بدلے قصاص میں قتل کیا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(٦)۔مرد کو عورت کے بدلے،کبیر کو صغیر کے بدلے،تندرست کو اندھے اور اپاہج کے بدلے مسلم الاعضاء کو ناقص الاعضاء کے بدلے،عاقل کو مجنون کے بدلے قصاصا قتل کیا جائے گا یا نہیں مع علت بیان کریں؟

سوال:(۷)۔باپ کو بیٹے کے بدلے قصاص میں قتل کیا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(۸)۔آقا کو غلام،مدبر،مکاتب کے بدلے قتل کیا جائے گا یا نہیں؟

(۹)۔قصاص تلوار اور بندوق سے لیا جائے گا یا کسی اور طریقے سے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔مکاتب عمداً قتل کر دیا گیا جس کا وارث سوائے مولی کے اور کوئی نہیں اور اس کے پاس اتنی رقم تھی جس سے بدل کتابت ہو سکتا ہو تو قصاص کا حقدار کون ہے نیز شیخین کی دلیل کیا ہے؟

سوال:(۱۰)۔اگر مکاتب کے مولی کے علاوہ ورثا بھی موجود ہوں تو قصاص کا کیا حکم ہے؟

(۱۱)۔اگر مکاتب بدل کتابت کے برابر مال نہ چھوڑ کر قتل ہوا تو قصاص کا حقدار کون ہے؟

سوال:(۱۲)۔مرہون غلام کو عمداً مرتہن کے قبضہ میں قتل کر دیا گیا تو قصاص کا حقدار کون ہے؟

سوال:(۱۳)۔معتوہ(پاگل)کے ولی کو قتل کر دیا گیا تو قصاص کا حقدار کون ہوگا؟

سوال:(۱۴)۔کیا وصی باپ کا قائم مقام ہے؟کیا وصی کو مصالحت کا حق حاصل ہے؟

سوال:(۱۵)۔وصی اعضاء اور اطراف میں قصاص لینے کا حقدار ہے یا نہیں قیاسی اور استحسانی دلیل پیش کریں؟

س(۱۶)۔ایک شخص کو قتل کیا گیا اور اس کے اولیا میں کچھ نابالغ اور کچھ بالغ ہیں قصاص لینے کا طریقہ اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔پھاوڑا مارنے سے شخص مضروب قتل ہو گیا قصاص واجب ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۸)۔ترازو کے باٹ مارنے سے کسی کو ہلاک کر دیا،قصاص ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۱۹)۔لکڑی(کوڑے)سے ہلاک ہونے کی صورت میں قصاص کا حکم،بڑی لکڑی سے مارنے کا حکم،اقوال فقہا کی روشنی مین بیان کریں؟

سوال:(۲۰)۔باربار مارنے سے ہلاک ہونے پر قصاص ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۱)۔بچے کو پانی میں ڈبو کر قتل کرنے سے قصاص کا حکم ہوگا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔اوپر کے مسئلہ میں اپنے موقف پر فریق مخالف نے جو حدیث پیش کی ہے اس کا کیا جواب ہے؟

سوال:(۲۳)۔کسی کو عمداً اس قدر مار پیٹ کر زخمی کر دیا آخر کار وہ اسی زخمی حالت میں بستر ہی پر مر گیا قصاص ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۲۴)۔میدان جہاد میں مسلمانوں اور مشرکوں میں لڑائی کی زیادتی سے لوگ ایک دوسرے میں گھس گئے پھر ایک مسلمان کے ہاتھ سے انجانے میں دوسرا مسلمان شہید ہو گیا تو قصاص ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۲۵)۔مدبھیڑ میں کوئی مسلمان مرجائے تو کیا واجب ہوگا اور اگر کوئی مسلمان، مشرکین کی صف میں ہو اور اسے قتل کر دیا گیا تو کچھ واجب ہوگا یا نہیں ؟

سوال:(۲۶)۔ایک شخص نے اپنا سر زخمی کر لیا پھر دوسرے شخص نے اسی سر کو زخمی کر دیا پھر اسے شیر نے چیر دیا پھر اسے سانپ نے کاٹ لیا آخر میں وہ زخمی ہو کر مر گیا تو کیا دیت واجب ہے کہ یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۷)۔ کیا اجنبی کا فعل دنیا و آخرت میں معتبر ہے؟

سوال:(۲۸)۔مسلمان پر تلوار سونتنے والے کے قتل کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۹)۔امام محمد کی دونوں عبارتوں سے کس چیز کی طرف اشارہ ہے؟

سوال:(۳۰)۔ مسلمان پر تلوار یا ہتھیار سونت لے تو دوسرے کو کیا کرنا چاہیے آبادی کے اندر ہو یا باہر، دن اور رات میں فرق کا حکم قاتل پر عدم قصاص و دیت کی وجہ بیان کریں؟

سوال:(۳۱)۔مجنون، پاگل یا بچے نے کسی پر تلوار سونتی اور اس نے قتل کر دیا تو دیت واجب ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۳۲)۔شہر میں کسی نے دوسرے شخص پر ہتھیار اٹھایا اور اسے چوٹ بھی لگائی پھر تیسرے شخص نے آکر قتل کر دیا تو قصاص قاتل پر ہوگا یا ہتھیار اٹھانے والے پر؟

سوال:(۳۲)۔ایک ڈاکو رات کے وقت کسی کے گھر میں داخل ہوا جب مال لے کر باہر نکلا مالک مکان نے اسے قتل کر دیا تو کیا مالک پر قصاص واجب ہوگا یا دیت؟

## باب القِصَاصِ فيمَا دُوْنَ النَّفْسِ

سوال:(۱)۔اَلْقِصَاصُ فِيْمَا دُوْنَ النَّفْسِ میں اصول کلی، کن صورتوں میں قصاص ہوتا ہے اور کن میں نہیں؟

سوال:(۲)۔ کیا جن میں مماثلت ممکن ہے انھیں میں قصاص ہے یا اس کے علاوہ میں بھی ہے؟

سوال:(۳)۔آنکھ نکالنے میں قصاص ہے یانہیں اور دانت توڑنے میں قصاص واجب ہے یانہیں ؟

سوال:(۴)۔دانت کے علاوہ کسی ہڈی کے توڑنے میں قصاص ہوگا یانہیں ؟

سوال:(۵)۔کیا مادُوْنَ النَّفْسِ میں بھی شبہ عمد ہوتا ہے ؟

سوال:(٦)۔مرد وعورت ،آزاد اور غلام اور دو غلاموں کے درمیان ،ایک دوسرے کو زخمی کرنے میں قصاص ہوگا یانہیں اقوال فقہاکی روشنی مین بیان کریں ؟

سوال:(۷)۔ کیا مسلم اور ذمی کے درمیان مادون النفس میں قصاص ہے یانہیں ؟

سوال:(۸)۔جس نے کسی کا نصف کلائی سے ہاتھ کاٹا اور جائفہ (مہلک )زخم لگایا پھر زخمی درست ہو گیا اس میں قصاص ہوگا یانہیں ؟

سوال:(۹)۔ایک یعنی مقطوع کا ہاتھ صحیح سالم ہے اور دوسرے قاطع کا شل (خشک)یا انگلیاں کم ہیں ،توقصاص اور دیت لینے میں کیا کرنا ہوگا ؟

سوال:(۱۰)۔قاطع کا شل ہاتھ خود بخود قصاص لینے سے پہلے خود بخود گر گیا یا ظلما کسی نے کاٹ دیا تواب کیا ہوگا ؟

سوال:(۱۱)۔کسی نے دوسرے کے سر پر چوٹ لگائی جس نے سر کے دونوں طرفوں کو کھیر لیا اور (شاخ)زخمی کرنے والے کے سر کو یہ زخم دونوں اطراف کو نہیں گھیرتا تواب (مشجوج )زخمی کردہ کیا کرے ؟

سوال:(۱۲)۔ مشجوج کا سر بڑا ہو اور شاج کا سر چھوٹا ہو تو اب مشجوع کو کیا حق حاصل ہے ؟

سوال:(۱۳)۔زبان اور ذکر(عضو تناسل )میں قصاص ہے یانہیں ؟

سوال:(۱۴)۔ کیا حشفہ کاٹنے کی صورت میں قصاص ہے یانہیں ؟

سوال:(۱۵)۔قاتل نے مقتول کے ورثا سے مصالحت کرلی تواب کیا حکم ہوگا ؟

سوال:(۱٦)۔کیا قاتل کی صلح قلیل اور کثیر برابر ہے ؟

سوال:(۱۷)۔آزاد اور غلام نے مل کر قتل کیا اور دونوں نے ایک ہزار پر مصالحت کے لیے ورثا کے پاس بھیجا ورثہ مقتول نے ہزار پر مصالحت کرلی کتنی رقم کس پر آئے گی؟

سوال:(۱۸)۔مقتول کے ورثا میں سے کسی نے معاف کردیا تو قصاص ساقط ہوگا یا نہیں باقی ورثا کیا کریں اقوال فقہاء اور احناف کا موقف بیان کریں؟

سوال:(۱۹)۔ کیا تمام ورثاء مقتول کو اختیار ہے کہ قصاص وصول کریں یا اپنا حق معاف کردیں یا مصالحت کرلیں؟

سوال:(۲۰)۔ایک شخص نے دو آدمیوں کو قتل کردیا تو ایک مقتول کے ورثا نے قصاص معاف کردیا تو کیا دوسرے مقتول کے ورثا کا حق قصاص بھی ساقط ہوجائے گا؟

سوال:(۲۱)۔دیت کتنے سال میں قسط وار اور ارش کتنے سال میں واجب ہوتا ہے اگر قصاص دو شریکوں کے درمیان ہو اور ایک نے معاف کردیا تو کتنی دیت واجب ہوگی اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔ایک جماعت ایک آدمی کو عمداً قتل کردے تو کتنوں سے قصاص لیا جائے گا؟

سوال؛(۲۳)۔ایک نے پوری جماعت کو قتل کردیا اور تمام اولیاء مقتولین جمع ہوگیے تو قصاص میں یہی قاتل اکیلا قتل ہوگا اقوال فقہا امام شافعی کی دلیل احناف کی دلیل کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۲۴)۔جس قاتل پر قصاص ہو وہ فوت ہوجائے تو کیا قصاص ساقط ہوجائے گا؟

سوال:(۲۵)۔جب دو شخصوں نے ایک مرد کا ہاتھ کاٹا تو قصاص پر ہوگا یا نہیں ہوگا یا دیت ہوگی وغیرہ امام اعظم اور امام شافعی کا اختلاف مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۲۶)۔ایک ہاتھ دو آدمیوں نے کاٹا ہر ایک پر کتنی دیت ہوگی؟

سوال:(۲۷)۔ایک شخص نے دو آدمیوں کا داہنا ہاتھ کاٹا اور دونوں حاضر ہوگیے تو کیا حکم ہے؟امام شافعی کا موقف اور دلیل نیز احناف کی دلیل اور ردو غیرہ کریں

سوال:(۲۸)۔ایک شخص نے دو آدمیوں کا داہنا ہاتھ کاٹا اور ایک حاضر ہو دوسرا غائب ہے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۲۹)۔غلام قتل عمد کا اقرار کرے آیا اس کا اقرار معتبر ہے یا نہیں؟

سوال:(۳۰)۔عمداً ایک شخص کو تیر مارا اور دوسرے کو بھی جا لگا اور دونوں فوت ہو گیے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۱)۔وہ چار صورتیں کونسی ہیں جن میں فاعل کا فعل متعدّد ہوتا ہے؟

سوال:(۳۲)۔ایک قاعدہ کلیہ،متعدّد فعل کو جمع کرنا ممکن ہو یا نہ ہو اس میں تداخل ہے یا نہیں؟

سوال:(۳۳)۔عمداً ایک کا ہاتھ کاٹا پھر اسے عمداً قتل کر دیا تو کیا حکم ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۳۴)۔سو کوڑے کسی کو مارے نوے میں تندرست تھا آخری دس میں مر گیا تو دیت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۵)۔سو کوڑے ایک شخص کو مارے جس سے زخم کے اثرات باقی تھے تو حکومت عدل واجب ہے،حکومت عدل کیا چیز ہے؟

سوال:(۳۶)۔کسی شخص کا ہاتھ کاٹا مقطوع نے قاطع کو معاف کر دیا پھر مقطوع اسی تکلیف سے فوت ہو گیا تو قاطع پر دیت واجب ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

(۳۷)۔اگر ہاتھ خطا کاٹا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۸)۔عورت نے مرد کا ہاتھ کاٹ دیا اور مرد نے اسی کے بدلے اس سے نکاح کر لیا پھر وہ فوت ہو گیا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۳۹)۔اسی مسئلہ میں اگر عمداً ہاتھ کاٹا ہو تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۴۰)۔قصاص کے عوض نکاح کرنا اور قصاص مہر بننے کی صلاحیت رکھتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۴۱)۔اگر عورت نے ہاتھ خطاء کاٹا اور باقی تفصیلات حسب سابق ہوں تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۴۲)۔عاقلہ سے مہر ساقط کرنے کی وجہ کیا ہے؟

سوال:(۴۳)۔ایک شخص نے دوسرے کا قصداہاتھ کاٹا پھر قاطع سے قصاص لیا گیا اس کے بعد مقطوع زخم کے اثر سے مر گیا تو پہلا قصاص کافی ہے یا نہیں؟

سوال:(۴۴)۔ولی مقتول عمد نے قاتل کا ہاتھ کاٹ دیا پھر اسے معاف کر دیا تو قاطع ید سے ہاتھ کا قصاص لیا جائے گا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں دلائل کے ساتھ بیان کریں؟

سوال:(۴۵)۔مذکورہ مسئلہ میں صاحبین نے اپنے موقف پر جو استشہاد پیش کیے ہیں ان کا جواب کیا ہوگا؟

سوال:(۴۶)۔ایک شخص کو قاطع کا ہاتھ کاٹنے کا حق تھا اور اس نے ہاتھ کاٹ دیا پھر کٹے ہوئے ہاتھ کا زہر پورے بدن میں سرایت کر گیا بالآخر وہ شخص مر گیا تو ہاتھ کاٹنے والا ضامن ہوگا یا نہیں امام اعظم کی دلیل کیا ہے؟

## بَابُ الشَّهَادَةِ فِي الْقَتْلِ

سوال:(۱)۔مقتول کے دو بیٹوں میں سے ایک موجود نے عدالت میں گواہوں سے قاتل ہونا ثابت کیا پھر دوسرا بھی آ گیا دوسرا بھی گواہوں سے ثابت کرے گا یا نہیں، اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲)۔اگر قاتل نے بینہ قائم کر دیا کہ غائب نے مجھے معاف کر دیا ہے تو قصاص ساقط ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۳)۔مقتول کے تین اولیا میں سے دو نے گواہی دی کہ تیسرے نے معاف کر دیا ہے تو گواہی ان کی باطل ہوگی اور معافی ان دونوں کی طرف سے ہوگی قاتل نے ان دونوں کی تصدیق کر دی تو دیت ان دونوں کے درمیان کیسے تقسیم ہوگی؟

سوال:(۴)۔اگر قاتل نے ان دونوں نے تکذیب کردی تو تیسرے کے لیے کتنی دیت اور ان دونوں کے لیے کیا ہوگا؟

سوال:(۵)۔تنہا مشہود علیہ نے ان دونوں کی تصدیق کردی تو قاتل کتنی دیت کا ضامن ہوگا؟

سوال:(٦)۔گواہوں نے ایک شخص کے خلاف گواہی دی کہ اس نے فلاں کو اس قدر مارا ہے کہ وہ صاحب فراش ہو گیا پھر اسی حالت میں وہ مر گیا تو قصاص لازم ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۷)۔گواہوں نے ایک شخص کے خلاف قتل کی گواہی اس طرح دی کہ ایک نے رات دوسرے نے دن،ایک نے ایک شہر دوسرے نے دوسرے شہر،ایک نے کسی چیز کے ساتھ دوسرے نے بغیر قید کے مارے جانے کی گواہی دی تو گواہی کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۸)ل۔قتل کی گواہی دی لیکن آلہ قتل سے لاعلمی ظاہر کی تو شہادت قبول ہوگی یا نہیں استحسانًا کیا حکم ہے؟

سوال:(۹)۔دو شخصوں میں سے ہر ایک نے قتل کا اقرار اس طرح کیا کہ میں نے قتل کیا اور ولی نے کہا کہ تم دونوں نے قتل کیا تو ولی کو قصاصًا دونوں کو قتل کرنے کا حق ہے دو آدمیوں نے ایک شخص کے خلاف گواہی دی کہ اس نے زید کو قتل کیا ہے مگر زید کے ولی نے کہا کہ تم دونوں نے قتل کیا ہے تو قصاص کا حکم اقرار اور شہادت کے درمیان وجہ فرق بیان کریں؟

## بَابُ فِي اِعْتِبَارِ حَالَةِ الْقَتْلِ

سوال(۱)۔مسلمان نے تیر اپھینکا جس کی طرف پھینکا وہ تیر لگنے کے بعد مرتد ہو گیا رامی پر غلام کی دیت ہے یا قیمت مع دلیل بیان کریں؟

سوال:(۲)۔کسی پر تیر پھینکا اس حالت میں مرمی الیہ مرتد یا حربی ہے پھر وہ مسلمان ہوا اور اسے تیر لگا تو ضمان ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۳)۔کسی نے غلام کو تیر مارا تیر لگنے سے پہلے اس کے آقا نے اسے آزاد کر دیا پھر تیر لگا تو رامی پر کیا واجب ہے،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۴)۔جس پر رجم کا فیصلہ کیا گیا اسے کسی نے تیر مارا پھر ایک گواہ نے گواہی سے رجوع کر لیا پھر اس کو تیر لگا تو رامی پر واجب ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۵)۔مجوسی نے شکار کو تیر مارا پھر مسلمان ہو گیا پھر تیر شکار کو لگا تو شکار کھایا جائے گا یا نہیں اور اگر حالت اسلام میں تیر مارا پھر معاذ اللہ مرتد ہو گیا تو شکار کھایا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(۶)۔محرم نے شکار کو تیر مارا پھر وہ حلال ہو گیا اس کے بعد تیر لگا تو اس پر کچھ واجب ہو گا یا نہیں اور اگر حلال نے تیر مارا پھر محرم بن گیا تو اس پر کچھ واجب ہو گا یا نہیں؟

## كِتابُ الدِّيَّاتِ

سوال:(۱)۔قتل شبہ عمد کی دیت کس پر اور کفارہ کس پر ہے؟

سوال:(۲)۔قتل شبہ عمد کا کفارہ کیا ہے؟

سوال:(۳)۔کیا قتل خطا کا کفارہ قتل چبہ عمد والا ہے،نیز قتل خطا کی دیت میں شیخین کا مسلک ،امام شافعی اور امام محمد کا کیا قول ہے؟

سوال:(۴)۔تلغیظ کس طرح کے جانور کے ساتھ خاص ہے؟

سوال:(۵)۔قتل خطا میں دیت کس پر اور کفارہ کس پر ہے؟

سوال:(۶)۔قتل خطا کی دیت کتنی ہے قتل خطا کی دیت میں احناف اور شوافع کے درمیان کیا فرق ہے؟

سوال:(۷)۔قتل خطا کی دیت سونے میں کتنی اور چاندی میں کتنی ہے امام شافعی اور احناف کا کیا موقف ہے؟

سوال:(۸)۔ قاتل، اونٹوں، سونے چاندی کے علاوہ سے دیت ادا کر سکتا ہے یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۹)۔ عورت کی دیت مرد کی دیت کے برابر ہے یا کم اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔ مسلمان اور ذمی کی دیت کتنی ہے امام شافعی کے یہاں نصرانی اور یہودی کی دیت کتنی ہے اور مجوسی کی دیت کتنی ہے، نیز امام مالک کے یہاں یہودی اور نصرانی کی دیت کتنی ہے ؟احناف کا موقف کیا ہے؟

سوال:(۱۱)۔ اعضاء اور اطراف میں دیت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۲) پوری یا آدھی زبان کاٹنے میں دیت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۳)۔ پورا عضو تناسل یا حشفہ کاٹنے میں دیت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۴)۔ ضرب کاری عقل چلی گئی تو کتنی دیت واجب ہے؟

سوال:(۱۵)۔ ضرب کاری سے قوت سمع یا قوت شامہ یا قوت ذوق ختم ہو جائے تو کتنی دیت واجب ہے؟

سوال:(۱۶)۔ کسی کی داڑھی یا سر کے بال مونڈ دیئے تو کتنی دیت واجب ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔ مونچھ کو مونڈنے میں کیا واجب ہے؟

سوال:(۱۸)۔ کھوسے کی داڑھی جس کی تھوڑی پر چند بال تھے مونڈ دی تو کچھ واجب ہے یا نہیں؟

سوال:(۱۹)۔ ان تمام صورتوں میں دیت اس وقت واجب ہے جب کہ اگ آئے یا بالکل اگنے کے لائق نہ رہے؟

سوال:(۲۰)۔ دونوں بھوؤں میں اور ایک میں کتنی دیت واجب ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۱)۔کون کونسے اعضا کے کاٹنے میں پوری دیت واجب ہے اور کون سے اعضا کے کاٹنے میں نصف دیت واجب ہے ؟

سوال:(۲۲)۔عورت کے دونوں پستان کاٹنے میں کتنی دیت اور ایک کاٹنے میں کتنی دیت واجب ہے اور مرد کے دونوں پستان کو کاٹنے سے کیا واجب ہے ؟

سوال:(۲۳)۔آنکھوں کی پلکوں میں کتنی دیت اور ایک میں کتنی دیت واجب ہے ؟

سوال:(۲۴)۔پلکیں اور جڑیں کاٹ دیں تو کتنی دیت واجب ہے ؟

سوال:(۲۵)۔دونوں ہاتھ اور دونوں پاؤں کی انگلیوں میں کتنی واجب ہے ؟

سوال:(۲۶)۔ کیا ہاتھوں کی تمام انگلیاں اور پاؤں کی تمام انگلیاں برابر ہیں ؟

سوال:(۲۷)۔ہر انگلی میں تین مفصل (جوڑ) ہیں یک مفصل کاٹنے میں انگلی کی تہائی دیت اور جس میں جوڑ ہوں تو تو اس میں انگلی کی نصف دیت ہر دانت میں کتنے اونٹ واجب ہیں۔؟

سوال:(۲۸)۔عضو کی منفعت کو تلف کرنے سے کتنی دیت واجب ہے ؟

## فصل فی الشَّجَاجِ

سوال:(۱)۔سر اور چہرے میں چھ زخموں اور موضحہ، ہاشمہ منقلہ اور آمہ کا بیان تعریف کے ساتھ کریں؟

سوال:(۲)۔موضحہ اگر عمداً ہو تو اس میں کیا واجب ہے ؟

سوال:(۳)۔موضحہ کے علاوہ بقیہ شجاع (سر اور چہرے کے زخم) میں قصاص ہے یا حکومت عدل ہے امام صاحب کا کیا موقف ہے ؟

سوال:(۴)ظاہر الروایہ کے مطابق موضحہ سے پہلے زخموں میں قصاص ہے یا حکومت عدل ؟

سوال:(۵)۔موضحہ سے کم زخم ہو تو کیا واجب ہے ؟

سوال:(۶)۔موضحہ اگر خطاءً ہو تو کیا واجب ہے ؟

سوال:(۷)۔متلاحمہ اور باضعہ کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۸)۔دامغہ کی تعریف اور حکم بیان کریں؟

سوال:(۹)۔شجاع اور جراحۃ میں فرق بیان کریں؟

سوال:(۱۰)۔لحیان (جبڑے)شجاع داخل ہیں یانہیں؟

سوال:(۱۱)۔جائفہ اور شجہ میں نسبت؟

سوال:(۱۲)۔حکومت عدل کی تفسیر کیا ہے؟

سوال:(۱۳)۔حکومت عدل میں امام کرخی کا نقطہ نظر کیا ہے؟

سوال:(۱۴)۔ہاتھ کی انگلیوں کے کاٹنے میں دیت کا کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۵)۔ہاتھ کی انگلیوں کے ساتھ کلائی کاٹنے میں کیا سزا ہے اقوال فقہا کی روشنی میں کریں ؟

سوال:(۱۶)۔ایسی ہتھیلی کاٹ دی جس میں ایک یا دو انگلیاں ہوں کتنی دیت واجب ہوتی ہے ،اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۱۷)۔ایسی ہتھیلی جس میں تین انگلیاں ہوں کتنی دیت واجب ہے،زائد چھٹی انگلی کاٹنے کی سزا کیا ہے؟

سوال:(۱۸)۔بچے کی آنکھ،ذکر،زبان کاٹ دی تو اس کی سزا کیا ہے؟

سوال:(۱۹)۔بچے کی چیخ کلام نہیں،اعضا کی صحت معلوم کرنے کا طریقہ کیا ہے؟

سوال:(۲۰)۔ایک شخص کو ایسی چوٹ لگائی جس سے اس کی عقل ماری گئی یا اس کے بال گر گیے تو کتنی دیت واجب ہوگی؟

سوال:(۲۱)۔موضحہ زخم کے ساتھ قوت سماعت یا قوت بصارت یا گویائی ختم ہوگئی دیت کے ساتھ موضحہ کا ارش بھی واجب ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۲)۔ایسا موضحہ زخم لگایا جس سے شجوج کی دونوں آنکھیں چلی گئیں قصاص ہو گا یا نہیں اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۳)۔انگلی کا پورا کاٹ دیا جس سے نچلا حصہ بے کار ہو گیا تو قصاص ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(۲۴)۔جن صورتوں میں قصاص مشروع نہیں ہے اگر ان صورتوں میں مظلوم کوئی دعوی کرے تو کیا حکم ہے مع دلائل بیان کریں؟

سوال:(۲۵)۔ایک انگلی کاٹی برابر والی شل ہوگئی قصاص ہے یا نہیں ،اقوال فقہاکی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۲۶)۔ابن سماعہ کی روایت کے مطابق امام محمد کے نزدیک قصاص کے بارے میں قاعدہ کلیہ اور قول مشہور بیان کریں؟

سوال:(۲۷)۔دانت کا کچھ حصہ توڑا گیا جس سے سارا دانت گر گیا تو قصاص ہو گا یا نہیں ؟

سوال:(۲۸)۔غلطی سے ایک دانت اکھاڑا اس کی جگہ دوسرا دانت نکل آیا تو ارش واجب ہے یا نہیں ؟

سوال:(۲۹)۔کسی کا دانت اکھاڑ دیا اور مظلوم نے اپنے دانت کو اس کی جگہ رکھ کر جما دیا اور وہ جم بھی گیا تو اکھاڑنے والے پر تاوان ہے یا نہیں ؟

سوال:(۳۰)۔کسی کا دانت اکھاڑا منزوع نے نازع کا پس پہلے کا درست جم گیا اب دوسرے نے اپنی جگہ رکھ کر جما دیا اور وہ جم گیا تو اکھاڑنے والے پر تاوان ہے یا نہیں ؟

سوال:(۳۱)۔قصاص لینے میں کتنے دنوں تک انتظار کیا جائے تاکہ اکھیڑا ہوا دانت جم آئے یا نہ جمے ؟

سوال:(۳۲)۔کسی کے دانت پر مارا اوہ وہ ہلنے لگا کتنے دنوں تک مہلت دی جائے گی تاکہ معاملہ کھل کر سامنے آجائے؟

سوال:(۳۳)۔کسی نے موضحہ زخم لگایا پھر اس حال میں حاضر ہوا کہ وہ منقلہ ہو گیا پھر ان دونوں میں اختلاف ہوا تو کس کا قول معتبر ہو گا؟

سوال:(۳۴)۔مدت گزرنے کے بعد اختلاف ہوا تو کس کا قول معتبر ہو گا؟

سوال:(۳۵)۔امام ابو یوسف کا تکلیف میں نقطہ نظر کیا ہے؟

سوال:(۳۶)۔شجہ لگایا اور وہ بالکل اچھا ہو گیا یہاں تک کہ اس کا نشان بھی مٹ گیا کچھ واجب ہو گا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۳۷)۔سو کوڑے مارے جس سے مضروب زخمی ہو گیا بعد میں اچھا ہو گیا کچھ واجب ہو گا یا نہیں؟

سوال:(۳۸)۔خطاء ہاتھ کاٹا پھر ٹھیک ہونے سے پہلے قتل کر دیا اس پر دیت ہے یا ہاتھ کا تاوان ہے؟

سوال:(۳۹)۔کسی کو جراحہ لگایا فی الحال قصاص لیا جائے گا یا نہیں اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۴۰)۔قتل عمد میں شبہ سے قصاص ساقط ہے اور دیت قاتل یا اولیا کے مال میں سے کس کے مال میں ہے وہ ارش جو صلح سے واجب ہو وہ قاتل یا اولیا میں سے کس کے مال میں ہوتا ہے؟

سوال:(۴۱)۔باپ بیٹے کو عمداً قتل کر دے تو دیت کس کے ذمے کتنے دنوں میں واجب ہے اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۴۲)۔مجرم اپنے جرم کا اقرار کر لے تو ہر لازم ہونے والی دیت اس پر لازم ہو گی یا عاقلہ پر؟

سوال:(۴۳)۔بچے اور مجنون کا عمد خطا کے حکم میں ہے یا نہیں اور دیت بچے پر ہے یا عاقلہ پر اقوال فقہا کی روشنی میں بیان کریں،نیز امام شافعی کا کیا موقف ہے؟

# کتاب المزارعة

سوال:(۱) مزارعت کا لغوی اور شرعی معنی بتاتے ہوئے امام اعظم اور صاحبین کے مع دلائل نیز سوال وجواب نیز امام اعظم کا نقطۂ نظر اور مفتی بہ قول سپرد قرطاس کریں؟

سوال:(۲)۔صاحبین کے نزدیک مزارعت کی صحت کے لیے کتنے شرائط ہیں کتاب کے مطابق تحریر کریں؟

سوال:(۳)۔جن صورتوں میں مزارعت فاسد ہے، اس میں پیداوار کس کی ہے بیان کریں نیز اس کی تفریعات بھی بیان کردیں کَمَا دَرَسْتُمْ فِی الْکِتَاب؟

سوال:(۴)۔ہر وہ شرط جو شیوع کو ختم کردے مفسد مزارعت ہوگی یا نہیں قلمبند کریں؟

سوال:(۵)۔ہر ایک نے یہ شرط لگائی کہ جو پیداوار نالیوں کے آس پاس ہوگی وہ میری ہوگی یا کھیت کے متعیّن کونہ کی پیداوار میری ہوگی تو سوال یہ ہے کہ کیا ان صورتوں میں مزارعت باطل ہوجائیگی بیان کریں؟

سوال:(٦)۔ایک کے لیے غلہ اور ایک لیے بھوسہ کی شرط کی لگائی تو مزارعت فاسد ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۷)۔بھوسہ دونوں کے لیے نصف نصف اور غلہ ایک کا تو مزارعت فاسد ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۸)۔غلہ نصف نصف اور بھوسہ کا تذکرہ نہیں کیا تو کیا مزارعت درست ہے؟

سوال:(۹)۔غلہ نصف نصف اور بھوسہ بیج والوں کے لیے شرط لگائی تو مزارعت درست ہوگی یا نہیں؟

سوال:(۱۰)۔کیا مزارعت صحیح ہونے کی صورت میں پیداوار شرط کے مطابق تقسیم ہوگی نیز اگر مزارعت فاسد ہوجائے تو پیداوار کس کے لیے ہوگی؟

سوال:(۱۱)۔بیج رب الارض کی جانب سے ہو تو کیا عامل لے لیے اجرت مثل ہوگی؟

سوال:(۱۲)۔زمین ور بیل مالک کا ہوں اور باقی عامل کا ہو تو کیا حکم ہے بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔ سننے میں آیا ہے کہ مزارعت فاسدہ میں بیج کی وجہ سے زمین والا کل پیداوار کا مستحق ہے کہاں تک درست ہے واضح کریں؟

سوال:(۱۴)۔ مزارعت کا معاملہ متعاقدین میں طے ہو گیا ایک عاقد اسے پورا کرنے سے روکتا ہے تو اس کو مجبور کرے گا یا نہیں؟

سوال:(۱۵)۔ عقد مزارعت طے ہو گیا اور بیج زمین والے کا تھا مگر وہ بیج ڈالنے سے رک گیا تو مجبور کیا جائے گا یا نہیں؟

سوال:(۱۶)۔ کیا متعاقدین میں سے ایک کی موت سے مزارعت باطل ہوجاتی ہے

سوال:(۱۷)۔ زمین مزارعت پر تین سال کے لئے تھی ابھی پہلے سال میں کھتی اگی اور کاٹی نہیں گئی کہ زمین والا مر گیا اسی سال کے آخر تک مزارعت ہوگی بقیہ دو سالوں میں کیا مزارعت فاسد جائے گی یا نہیں؟

سوال:(۱۸)۔ رب الارض کاشت سے پہلے مر جائے کہ عامل نے ابھی زمین نہیں جوتی اور نالیاں بنالیں ابھی بیج نہیں بویا تو مزارعت ختم ہوگی یا نہیں سپرد قرطاس کریں؟

سوال:(۱۹)۔ رب المال کاشت سے پہلے مر جائے اس طور پر عامل نے ابھی زمین جوتی اور نالیاں بنالیں ابھی بیج نہیں بویا تو مزارعت ختم ہوجائے گی یا باقی رہے گی؟

سوال:(۲۰)۔ صاحب زمین پر اتنا قرض ہو گیا کہ زمین کے بیچے بغیر کوئی چارہ کار نہیں تو اس کے لیے زمین بیچنا جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(۲۱)۔ صاحب ارض مقروض ہے اور زمین بیچے بغیر کوئی چارہ نہیں اور کھیتی اگی ہوئی ہے تو کھیتی کاٹنے تک کیا صورت اختیار کی جائے گی؟

سوال:(۲۲)۔ مزارعت کی ملک ختم ہوگئی اور کھیتی پکی نہیں کاشت کار پر کیا چیز ضروری ہے؟

سوال:(۲۳)۔ زمین والا اگر کچی کھیتی لینا چاہے تو کیا اسے لینے کا حق ہے؟

سوال:(۲۴)۔کھیتی اگنے کے بعد کاشت کار مر گیا اس کے ورثا نے کہا کہ کھیتی کٹنے تک ہم کام کریں گے اور زمین والے نے انکار کیا تو اب کس کی بات مانی جائے گی؟

سوال:(۲۵)۔کٹائی،کھلیان میں لانے،گاہنے اور اڑانے کی اجرت کس پر ہوگی؟

سوال:(۲۶)۔عقد میں ایسی شرط لگائی جو مقتضاے عقد کے خلاف ہے اور عاقدین میں سے کسی ایک کا فائدہ ہو تو کیا ایسی شرط لگانا جائز ہے؟

سوال:(۲۷)۔مسائل مزارعت اور مساقات کا خلاصہ پیش کریں؟

## کتاب الوکالۃ

سوال۔(۱)۔کس عقد میں وکالت جائز ہے؟

سوال۔(۲)۔کیا تمام حقوق میں وکیل بالخصومت بنانا جائز ہے؟

سوال۔(۳)۔کیا تمام حقوق کے ایفاء (دینا) اور استیفاء(وصول کرنا) کے ساتھ حدود اور اور قصاص میں بھی وکالت جائز ہے؟

سوال۔(۴)۔حدود اور قصاص میں مَنْ عَلَیْہِ الْحَدُّ وَالقِصَاصُ کی جانب سے جواب دہی میں وکالت کا حکم کیا ہے؟

سوال۔(۵)۔توکیل خصومت میں فریق مخالف کی رضا کا اعتبار کیا جائے گا یا نہیں،مع اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال۔(۶)۔وکالت کی شرائط میں سے ایک شرط یہ ہے موکل صاحب تصرف ہو اور اس پر احکام لازم ہوتے ہوں کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال۔(۷)۔آزاد،عاقل بالغ یا ماذون کے لیے اپنے ہم مثل کو وکیل بنانا جائز ہے یا نہیں؟

سوال۔(۸)۔ہر وہ عقد جس کی نسبت وکیل اپنی طرف کرے اس کے حقوق موکل سے متعلق ہوں گے یا وکیل سے؟

سوال۔(۹)۔ہر وہ عقد جس کی نسبت وکیل اپنے مؤکل کی طرف کرتا ہے اس کے حقوق مؤکل سے متعلق ہوں گے یا وکیل سے؟

سوال۔(۱۰)۔دوسری قسم کے نظائر میں سے کیا کیا ہیں؟

سوال۔(۱۱)۔مؤکل مشتری سے ثمن کا مطالبہ کر سکتا ہے یا نہیں؟

# باب الوكالة بالبيع والشراء

## فصل فی الشراء

سوال۔(۱)۔وکیل بالشراء کو جنس اور صفت یا جنس اور انتہائی ثمن بتانا ضروری ہے یا نہیں؟

سوال۔(۲)۔ایک لفظ کئی جنسوں کا احتمال رکھتا ہو تو وکالت بالشراء درست ہے یا نہیں؟

سوال:(۳)۔وکیل بالشراء سے کہا کہ میرے لیے کپڑا یا چوپایا یا مکان خرید و تو وکالت درست ہے یا نہیں؟

سوال:(۴)۔مؤکل نے گھر کا ثمن اور کپڑے اور دار کی نوع بیان کر دی تو وکالت جائز ہے یا نہیں؟

سوال:(۵)۔کسی شخص نے دوسرے کو دراہم دیئے اور کہا کہ ان کے عوض میرے لیے طعام خرید و تو طعام کا اطلاق کس چیز پر ہو گا؟

سوال:(۶)۔وکیل نے کوئی چیز خرید کر قبضہ کیا پھر عیب پر مطلع ہوا تو عیب کی وجہ سے رد سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۷)۔ کیا عقد صرف اور سلم میں وکالت جائز ہے؟

سوال:(۸)۔وکیل قبضہ سے پہلے اپنے ساتھی سے جدا ہو گیا تو عقد صحیح ہے یا باطل؟

سوال:(۹)۔وکیل بالشراء نے اپنے مال سے ثمن ادا کیا اور مبیع پر قبضہ کر لیا تو کیا مؤکل پر رجوع کرے گا یا نہیں؟

سوال:(۱۰)۔اگر مبیع وکیل کے ہاتھ میں روکنے سے پہلے ہلاک ہوگئی تو وکیل اور مؤکل میں سے کس کے مال سے ہلاک ہوگی؟

سوال:(۱۱)۔ کیا وکیل ثمن وصول کرنے کے لیے مبیع روک سکتا ہے؟

سوال:(۱۲)۔وکیل نے مبیع کو روکا پھر ہلاک ہوگئی تو اس کا ضمان کس پر ہوگا مع اقوال فقہا بیان کریں؟

سوال:(۱۳)۔ایک شخص نے کسی کو ایک درہم کے بدلے دس رطل گوشت خریدنے کا حکم کیا اس نے بیس رطل ایسا گوشت خریدا جو ایک درہم کے عوض دس رطل فروخت کیا جاتا ہے موکل کو کتنے رطل گوشت لازم ہوگا؟

سوال:(۱۴)۔مؤکل نے وکیل کو کسی معین چیز خریدنے کا وکیل بنایا تو کیا وکیل اسے اپنے لیے خرید سکتا ہے؟

سوال:(۱۵)۔مؤکل نے غیر معین غلام خریدنے کا وکیل بنایا وکیل نے ایک غلام خریدا اگر وہ وکیل کا ہوگا تو مؤکل کا کب ہوگا؟

سوال:(۱۶)۔مؤکل نے وکیل کو ایک غلام ہزار روپیے کے عوض خریدنے کا حکم دیا وکیل نے کہا میں نے خریدا اور وہ میرے پاس فوت ہو گیا اور مؤکل نے کہا کہ تو نے اسے اپنے لیے خریدا تھا تو کس کا قول مقبول ہوگا؟

سوال:(۱۷)۔مؤکل نے وکیل کو معین غلام خریدنے کا حکم دیا دونوں نے اختلاف کیا حالانکہ وہ غلام زندہ ہے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

سوال:(۱۸)۔ایک شخص نے دوسرے سے کہا کہ تو فلاں کے واسطے یہ غلام میرے ہاتھ فروخت کردے تو اس نے فروخت کردیا پھر قائل نے اس کا انکار کیا پھر وہ دوسرا شخص آ گیا اور اس نے کہا کہ میں نے اسے حکم دیا تھا تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

سوال:(۱۹)۔ایک شخص نے دوسرے کو دو معین غلام خریدنے کا حکم دیا اور ثمن اس کے سامنے بیان نہیں کیے پھر وکیل نے دو میں سے ایک غلام مؤکل کے لیے خریدا تو یہ بیع جائز ہے یا نہیں ؟

سوال۔(۲۰)۔مؤکل نے وکیل کو کہا دونوں کو ایک ہزار کے عوض خرید لے اور دونوں کی قیمت برابر ہے ان میں سے ایک کو پانچ سو یا اس سے کم میں خریدا یہ خریداری مؤکل کے لیے لازم ہوگی یا نہیں ؟

سوال:(۲۱)۔مذکورہ مسئلہ میں صاحبین کا نقطہ نظر کیا ہے ؟

سوال:(۲۲)۔قرض خواہ (یعنی وکیل) نے مقروض کو حکم دیا کہ ایک ہزار کے عوض یہ غلام خرید لے چنانچہ قرض دار نے وہ معین غلام خرید لیا تو یہ خریداری مؤکل پر یا وکیل پر لازم ہوگی ؟

سوال:(۲۳)۔اگر غیر معین غلام خریدنے کا حکم دیا اس نے خریدا حکم کرنے والے کے قبضہ سے پہلے اس کے ہاتھ میں غلام ہلاک ہوا تو کس کے مال سے ہلاک ہوگا اور اگر حکم کرنے والے کے قبضہ کے بعد ہلاک ہوا تو کس کے مال سے ہلاک ہوگا ؟

سوال:(۲۴)۔ایک شخص نے دوسرے کو ایک ہزار درہم دے کر حکم دیا کہ وہ ان کے عوض ایک باندی خرید لے وکیل نے باندی خریدی پھر مؤکل نے کہا تو نے اسے پانچ سو روپیے میں خریدا ہے وکیل نے کہا ایک ہزار درہم کے عوض خریدا ہے تو وکیل اور مؤکل میں سے کس کا قول معتبر ہوگا ؟

سوال:(۲۵)۔اور اگر آمر نے پانچ سو روپیے نہیں دیئے تھے تو آمر اور مامور میں سے کس کا قول معتبر ہوگا ؟

سوال:(۲۶)۔مؤکل نے وکیل کو معین غلام خریدنے کا حکم دیا اور ثمن بیان نہیں کیے وکیل نے غلام خرید لیا مؤکل نے کہا تو نے پانچ سو کے عوض خریدا ہے اور وکیل نے کہا کہ ایک ہزار کے عوض خریدا ہے اور بائع نے وکیل کی تصدیق کی تو وکیل اور مؤکل میں سے کس کا قول مع الیمین معتبر ہوگا ؟

## فصل فی التوکیل بشراء نفس العبد

سوال:(ا)۔غلام نے ایک آدمی کو کہا کہ تو مجھ کو میرے لیے مولی سے ایک ہزار کے عوض خرید اور غلام نے ایک ہزار دیدیے وکیل نے اس کے مولی سے کہا کہ میں نے اسے اس کی ذات کے لیے خریدا ہے پس مولی نے غلام کو اس شرط پر بیچ دیا تو ولاء خریدار کے لیے ہوگی یا اس کے مولی کے لیے؟

سوال:(۲)۔اگر مولی کو اس آدمی نے مذکورہ صورت بیان نہیں کی تو غلام مولی کا ہوگا یا مشتری کا۔

سوال:(۳)۔آزاد نے غلام سے کہا تو اپنے مولی سے اپنی ذات کو میرے واسطے خرید غلام نے اپنے مولی سے کہا میری ذات کو فلاں کے لیے میرے ہاتھ اس قدر ثمن کے عوض فروخت کردو غلام نے ایسا کردیا تو غلام مولی کا ہوگا یا فلاں کا؟

سوال:(۴)۔اگر غلام اپنے واسطے عقد کیا تو آزاد ہوگا یا نہیں؟

سوال:(۵)۔غلام نے کہا کہ تو میرے ہاتھ میری ذات فروخت کردے اور یہ نہیں کہا کہ فلاں کے واسطے آزاد کردے تو یہ غلام آزاد ہوگا یا نہیں؟

## فصل بالبیع

سوال:(ا)۔وکیل بالبیع والشراء کن لوگوں کے ساتھ عقد کرسکتا ہے اور کن کے ساتھ نہیں؟

سوال:(۲)۔وکیل بالبیع قلیل وکثیر اور سامان کے ساتھ بیع کرسکتا ہے یا نہیں،اقول فقہا بیان کریں؟

سوال:(۳)۔وکیل بالشراء کا مثل قیمت کے ساتھ اور اتنے ثمن کے ساتھ عقد کرنا درست ہے یا نہیں جس کے مثل لوگ دھوکا کھاجاتے ہیں؟

سوال:(۴)۔غبن فاحش کی تعریف بیان کریں؟

سوال:(۵)۔اپنا غلام بیچنے کا وکیل کیا پورے یا آدھے کو فروخت کرنے کی قید نہیں لگائی وکیل آدھا غلام فروخت کرے تو کیا حکم ہے ؟

سوال:(٦)۔غلام خریدنے کا وکیل بنایا وکیل نے آدھا غلام خریدا تو خریداری تام ہوگی یا موقوف رہے گی اگر بقیہ غلام بھی خرید لیا تو یہ خریداری کس پر لازم ہوگی ؟

سوال:(۷)۔ایک شخص نے کسی کو غلام فروخت کرنے کا حکم دیا وکیل نے اسے بیچ دیا ثمن پر قبضہ کیا یا نہیں کیا پھر غلام کو ایسے عیب کی وجہ سے جس کے مثل پیدا نہیں ہوسکتا مشتری نے قضاء قاضی سے وکیل کی طرف واپس کر دیا تو وکیل مؤکل کو واپس کر سکتا ہے یا نہیں ؟

سوال:(۸)۔جس عیب کی مثل عیب مشتری کے پاس پیدا ہوسکتا ہے اس کا کیا حکم ہے ؟

سوال:(۹)۔اگر غلام کی واپسی وکیل کے اقرار سے ہو تو غلام وکیل اور مؤکل میں سے کس پر لازم ہوگا؟

سوال:(۱۰)۔ایک آدمی نے دوسرے سے کہا میں نے تجھے اپنا غلام نقد کے عوض فروخت کرنے کا حکم دیا لیکن تم نے اسے ادھار کے عوض بیچا اور وکیل نے کہا کہ تو نے مجھے صرف بیچنے کا حکم دیا تھا اور کچھ نہیں کہا تھا تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

سوال:(۱۱)۔مضارب اور رب المال کا اختلاف ہوجائے تو کس کا قول معتبر ہوگا؟

سوال:(۱۲)۔ایک آدمی نے دوسرے کو اپنا غلام بیچنے کا حکم دیا وکیل نے اس غلام کو بیچ دیا اور ثمن کے عوض رہن لے لیا پھر مال رہن وکیل کے قبضے میں ضائع ہو گیا یا وکیل نے ثمن کے بدلے کفیل لے لیا پھر مال اس پر ہلاک ہو گیا تو وکیل پر ضمان واجب ہوگا یا نہیں ؟

## فصل

سوال:(۱)۔ایک شخص نے دو آدمیوں کو وکیل بنایا ایک کے لیے دوسرے کی عدم موجودگی میں تصرف کا اختیار ہوگا یا نہیں ؟

سوال:(۲)۔اگر دونوں میں سے ہر ایک وکیل بالخصومت ہو توایک کو دوسرے کی عدم موجودگی میں تصرف کا حق ہے یانہیں ؟

سوال:(۳)۔وکیل کسی دوسرے کووکیل بنانے کا مجاز ہے یانہیں ؟

سوال:(۵)۔مؤکل کی اجازت کے بغیر وکیل نے دوسرے کووکیل بنایاوکیل ثانی نے وکیل اول کی موجودگی میں تصرف کیاتوایسا تصرف جائز ہے یانہیں ؟

سوال:(۶)۔مکاتب نے یاغلام نے یاذمی نے اپنی آزاد مسلمان صغیرہ بیٹی کا نکاح کیایااس کے لیے بیچایاخریداتوایسا کرناجائز ہے یانہیں ؟

سوال:(۷)۔مرتد جب اپنی ردت میں قتل کیاگیاتواس کا تصرف اس کے مال میں نافذ ہوگا یا نہیں نیزولداورولد کے مال میں اس کاتصرف کیساہے،

سوال:(۸)۔اگر حربی کافراپنی مسلمان بیٹی کے تعلق سے ایساکرے توکیاحکم ہے ؟

## باب الوکالۃ بالخصومۃ والقبض

سوال:(۱)۔وکیل بالخصومت وکیل بالقبض ہے یانہیں ؟

سوال:(۲)۔خصومت کے دووکیل ہوں توقرضہ پردونوں ایک ساتھ قبضہ کرسکتے ہیں یانہیں ؟

سوال:(۳)۔کیا امام أعظم کے نزدیک قرضہ پر قبضہ کرنے کا وکیل خصومت کا بھی وکیل ہوتا ہے ؟

سوال:(۴)۔عین پر قبضہ کاوکیل، خصومت کاوکیل ہوسکتاہے یانہیں ؟

سوال:(۵)۔کیاطلاق اورعتاق کاوکیل خصومت کاوکیل ہوسکتاہے یانہیں ؟

سوال:(۶)۔وکیل بالخصومت نے قاضی کے پاس اپنے مؤکل پر کچھ اقرار کیاتو وکیل کا اقرار مؤکل پرجائز ہوگایانہیں؟

سوال:(۷)۔مؤکل نے اقرار کااستثناء کیاتویہ استثناء دست ہے یانہیں ؟

سوال:(۸)۔ایک شخص دوسرے کی جانب سے مال کا کفیل ہو گیا پھر صاحب مال نے کفیل کو مدیون سے مال پر قبضہ کرنے کا وکیل بنایا تو یہ شخص وکیل بنے گا یا نہیں؟

سوال:(۹)۔کسی شخص نے دعوی کیا کہ میں فلاں غائب کی طرف سے اس کا قرضہ وصول کرنے کا وکیل ہوں قرض دار نے اس کی تصدیق کی تو کیا قرض دار کو حکم دیا جائے گا کہ وہ وکیل کو قرضہ سپرد کرے پورے مسئلہ کی وضاحت کریں؟

سوال:(۱۰)۔اگر قرض دار مال دیتے وقت وکیل کو ضامن بنادے تو کیا حکم ہے بالتفصیل بیان کریں؟

سوال:(۱۱)۔کسی شخص نے کہا کہ میں ودیعت پر قبضہ کرنے کا وکیل ہوں ،مودَع نے اس کی تصدیق کی تو کیا مودَع فلاں کو مال دے سکتا ہے؟

سوال:(۱۲)۔قرض خواہ نے کسی آدمی کو قرضہ وصول کرنے کا وکیل بنایا پھر قرض دار نے دعوی کیا کہ قرض خواہ اپنا قرضہ وصول کر چکا ہے تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۳)۔خریدی ہوئی باندی میں عیب کی وجہ سے رد کرنے کا کسی وکیل بنایا اور بائع نے دعوی کیا کہ مشتری اس عیب پر راضی ہو گیا تھا تو کیا حکم ہے؟

سوال:(۱۴)۔ایک شخص نے دوسرے کو دس درہم دیئے تاکہ وہ اس کے بچوں پر خرچ کرے اس نے اپنے پاس سے دس درہم ان پر خرچ کیے تو کیا حکم ہے؟

## باب عزل الوکیل

سوال:(۱)۔مؤکل وکیل کو وکالت سے معزول کر سکتا ہے یا نہیں؟

سوال:(۲)۔وکیل کو معزولی کی خبر نہیں پہنچی تو وکالت پر برقرار رہے گا یا نہیں اگر برقرار رہے گا تو پھر کب معزول ہوگا؟

سوال:(۳)۔وکیل کی وکالت مؤکل کی جانب سے کن کن باتوں سے باطل ہوجاتی ہے؟

سوال:(۴)۔مکاتب نے وکیل کیا پھر عاجز آ گیا یا ماذون لہ نے وکیل کیا پھر وہ مجور ہو گیا یا دو شریکوں نے وکیل کیا پھر وہ جدا ہو گئے تو کیا اب بھی وکالت برقرار رہے گی کتاب کی روشنی میں بیان کریں؟

سوال:(۵)۔وکیل کی وکالت خود اس کی جانب سے کب باطل ہوجاتی ہے؟

سوال:(٦)۔کسی شخص نے دوسرے کو وکیل بنایا پھر خود ہی کام کرلیا تو کیا اب بھی وکالت برقرار رہے گی؟

## تعارف بدست خود

## محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف

***نام ونسب***

۔محمد گل ریز بن امیر دولہا بن وزیر خان بن عجب خان

***ولادت***

۔10/نومبر 1990 کو اتر پردیش کے مشہور شہر بریلی شریف کے گاؤں مدناپور میں ہوئی۔

***ابتدائی تعلیم ***

پرائمری کی ابتدائی دینی تعلیم گاؤں کے ایک مدرسہ غریب نواز میں ہوئی اور دنیاوی تعلیم گاؤں میں واقع سرکاری اسکول میں 4 چار کلاس تک ہوئی

***ناظرہ قرآن ***

گاؤں سے قریب پانچ کلو میٹر دور قصبہ شیش گڑھ اپنے بھائی حافظ و قاری مولانا حسین رضا صاحب کے ساتھ مدرسہ رہبر اسلام میں داخلہ لیا اور ناظرہ مکمل کیا

***حفظ***

اس وقت شیش گڑھ میں مدرسہ اشرف العلوم میں درس نظامی اور حفظ کی تعلیم بہت عمدہ تھی اس لیے بھائی کے ساتھ حفظ کے لیے وہاں داخلہ لیا .

***حفظ کا شوق***

اس وقت مدرسہ اشرف العلوم میں حفظ پڑھانے کے لیے ہمارے بڑے بھائی حافظ عزیز رضا کی تقرری ہوئی ان کی مرضی یہ تھی کہ دو بھائی پہلے سے حافظ ہیں میں عالم کورس شروع کروں کئی مرتبہ حفظ کرنے میں رکاوٹ پیش آئی لیکن میرے شوق کے سامنے انھیں مجبور ہونا پڑا، کلاس میں ایک طالب علم سے مقابلہ ہوا کہ کون پہلے حفظ پورا کرے گا مقابلہ اس حد تک تھا کہ ہم تیجہ، دسواں، بیسواں اور چالیسواں میں جانے سے بھی بچتے تھے کہ بعد مغرب قرآن یاد کرنے کا اچھا وقت ہوتا ہے وہاں جانے پر یہ قیمتی وقت وہاں صرف ہوجاتا، اس وقت لائٹ کی کافی پریشانی تھی طلبہ موم بتی، لیمپ یا گیس سے پڑھتے تھے رات کو گیس گیارہ بجے بند ہوجاتی آگے نکلنے کے شوق میں رات کو چھپ کر اٹھتے تاکہ دوسرے ساتھی کو خبر نہ ہو اس طرح یہ سلسلہ چلتا رہا دوران سال ہمارے بھائی کو کشمیر سے لوگوں نے پڑھائی کے لیے بلایا تو ان کے ساتھ وہاں چلا گیا جہاں بیمار رہنے کے سبب تعلیم متاثر ہوئی لیکن پھر بھی ایک سال میں 10 پارے ہوگیے۔ دوسرے سال اشرف العلوم

میں ہی پھر مقابلے کا سلسلہ رہا اور تقریباً 6 ماہ میں وہ بیس پارے مکمل ہو کر ایک سال 6 ماہ میں حفظ مکمل ہو گیا۔

*** دور ***

اس وقت حضرت حافظ و قاری مجاہد صاحب شیش گڑھی مدرسہ رہبر اسلام شیش گڑھ میں حفظ وقراءت کی تعلیم دیتے تھے اس لیے دور کے لیے دوبارہ رہبر اسلام میں داخلہ لیا اور ایک سال تک مکمل کئی مرتبہ دور کیا۔

*** درس نظامی کا آغاز ***

درس نظامی کی تعلیم کے لیے شیش گڑھ میں حضرت علامہ مولانا توفیق صاحب نعیمی کا مدرسہ عالیہ نعمانیہ کافی ترقی پر تھا درجہ اعدادیہ کی تعلیم مدرسہ عالیہ نعمانیہ میں حاصل کی۔

*** درجہ اولی، ثانیہ ***

ضلع بریلی شریف یوپی رچھا ریلوے اسٹیشن پر واقع مناظر اہل سنت حافظ احادیث کثیرہ حضرت علامہ صغیر احمد صاحب جوکھن پوری کا مدرسہ الجامعۃ القادریہ میں تعلیم کا نظام کافی عروج پر تھا درجہ اولی اور ثانیہ کی تعلیم الجامعۃ القادریہ میں حاصل کی اس وقت پرنسپل حضرت علامہ مفتی عاقل مصباحی صاحب قبلہ تھے۔۔۔

*** درجہ ثالثہ رابعہ ***

درجہ ثالثہ تعلیم کے لیے ملک کی مشہور دینی درسگاہ الجامعۃ الاشرفیہ کا سفر کیا لیکن ٹیسٹ کی تاریخ گزرنے کے بعد پہنچا اس لیے ارادہ کیا کہ یہاں سے قریب ایک دینی درسگاہ **دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی** * ہے وہاں ٹیسٹ دیا جائے، ٹیسٹ میں کامیابی کے بعد درجہ ثالثہ اور رابعہ کی تعلیم دار العلوم علیمیہ جمدا شاہی میں حاصل کی درجہ ثالثہ میں پہلی جبکہ رابعہ میں دوسری پوزیشن رہی۔

## *درجہ خامسہ تا دورۃ الحدیث الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور*

مدارس میں عام طور پر درجہ ثالثہ سے اوپر کی کتابیں مدرسے کی لائبریری سے پڑھنے کو ملتی ہیں اور سالانہ امتحان کے بعد جمع ہو جاتی ہیں ایسا ہی جمداشاہی میں ہوا درجہ رابعہ کی کتب جمع ہو گئیں رمضان میں خیال آیا کہ اس بار ملک کی عظیم دینی درسگاہ جہاں ہر طالب علم جانے کی خواہش رکھتا ہے الجامعۃ الاشرفیہ مصباح العلوم مبارک پور میں کوشش کی جائے ہوسکتا ہے کہ کامیابی کی صورت بن جائے لیکن پھر یہ بھی مسئلہ تھا کہ جو کتابیں درجہ رابعہ میں پڑھی تھیں وہ سالانہ امتحان کے بعد جمع ہو گئی تھیں نیز جمداشاہی اور الجامعۃ الاشرفیہ کے نصاب میں کافی فرق تھا لیکن پھر بھی ارادہ کر لیا ٹیسٹ دیتے ہیں اگر کامیابی ملی تو ٹھیک ہے ورنہ جمداشاہی میں درجہ خامسہ پڑھیں گے 10 شوال سے پہلے الجامعۃ الاشرفیہ پہنچ کر ٹیسٹ کی کارروائی مکمل کی عزیز المساجد ٹیسٹ میں شرکت کرنے والے طلبہ سے بھری ہوئی تھی سب تیاری میں مصروف تھے لیکن یہاں صرف ایک کتاب ہدایۃ الحکمت کے سوا کوئی دوسری کتاب نہیں تھی اسی سے کچھ پڑھا اور درجہ خامسہ کے لیے ٹیسٹ میں شرکت کی اپنی معلومات کے مطابق پرچے میں پوچھے گئے سب سوالات حل کیے ٹیسٹ کے بعد دوبارہ جمداشاہی جاکر درجہ خامسہ کی کتابیں حاصل کیں اس خیال سے کہ اگر ٹیسٹ میں کامیابی ملی تو ٹھیک ورنہ یہاں پر ہی پڑھیں گے 5 دن کے بعد نتیجہ ظاہر ہوا اور یہ اطلاع ملی کہ مطلوبہ جماعت درجہ خامسہ میں نمبر آ گیا ہے اس طرح الجامعۃ الاشرفیہ میں 2009 سے 2012 تک خامسہ سے دورۃ الحدیث تک کی تعلیم حاصل کی اور علماء مشائخ کے مقدس ہاتھوں دستار فضیلت سے نوازا گیا۔

## *جامعہ سعدیہ کاسرکوڈ کیرلا*

بعض احباب نے یہ مشورہ دیا کہ ایک سال کے لیے جامعہ سعدیہ کیرلا جاکر عربی ڈپلوما کورس کر لیں چنانچہ بعد رمضان بہت محنت و مشقت کے بعد تنہا سفر کرکے جامعہ سعدیہ کیرلا پہنچا اور داخلہ لے

کر تعلیم شروع کی اس طرح 2013 میں کیرلا میں تعلیم حاصل کی سالانہ امتحان کے بعد سرٹیفکیٹ سے نوازا گیا۔

***تخصص فی الادب ومشق افتاء***

رمضان کی چھٹی میں خیال آیا کہ جامعہ اشرفیہ مبارک پور میں تخصص کے لیے ٹیسٹ دیتے ہیں لیکن دورۃ الحدیث کی کتب سے ایک سال واسطہ نہ رہنے کے سبب فکر لاحق تھی لیکن پر عزم ہو کر ٹیسٹ میں شرکت کی اور تخصص فی الادب ومشق افتاء میں داخلہ ہوا 2014.2015.. اپنے مشفق اساتذہ کی رہنمائی سے ان دو سالوں میں کافی کچھ حاصل کیا اور 22 مارچ 2015 بروز اتوار علماء ومشائخ کے مقدس ہاتھوں تخصص کی دستار سے نوازا گیا۔۔۔

***درس وتدریس***

فراغت کے بعد میں دعوت اسلامی کے جامعۃ المدینہ میں پڑھانے کے لیے ٹیسٹ دیا اور کامیابی حاصل ہوئی لیکن کچھ مسائل کے سبب نہ جا سکا

***جامعہ قادریہ بشیر العلوم بھوج پور مرادآباد***

2015/2016 میں ضلع مرادآباد بھوج پور مدرسہ بشیر العلوم میں ایک سال تک درس وتدریس کی خدمت انجام دی۔

***جامعۃ المدینہ دعوت اسلامی***

2016 میں سب سے پہلے دعوت اسلامی کے جامعۃ المدینہ فیضان نوری آکولہ میں تقرری ہوئی، ابھی 15 دن ہی پڑھایا تھا کہ * مرکزی جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور * میں تبادلہ ہو گیا اور تادم تحریر یہاں پر تدریس جاری ہے۔

***شروحات وتصنیفات کا آغاز***

جب 2014 میں جامعہ اشرفیہ میں تحقیق میں داخلہ لیا اس وقت تک میرے ذہن میں یہ تصور بھی نہیں تھا کہ میں شروحات پر کام بھی کروں گا لیکن اچانک ایک دن ایسا ہوا کہ مجلس برکات میں فروخت ہونے والی کتابیں دیکھ رہا تھا کہ میری نظر **مشکوۃ العربیہ شرح منھاج العربیہ** * پر گئی جو اغیار کی لکھی ہوئی تھی جب کھول کر دیکھا تو اس میں کافی کمیاں محسوس ہوئیں خیال آیا کہ یہ لوگ غیر معیاری کیسی بھی شرح لکھ دیں مارکیٹ میں عام ہوجاتی ہے ہمارے طلبہ خریدتے بھی ہیں اگر ہم شروحات پر اچھی طرح سے کام کریں تو شاید ان سے بہتر ہو اور طلبہ سنی شارحین کی طرف مائل ہوں، بس اسی خیال سے منھاج العربیہ اول دوم سے کام آغاز کیا اور پہلی شرح * **مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ اول دوم** * منظر عام پر آئی، جیسے ہی یہ شرح وجود میں آئی اپنوں نے تنقیدوں کا نشانہ بنالیا، بہرحال * حافظ ملت کا فرمان * * ہر مخالفت کا جواب کام ہے * پر عمل کرتے ہوئے کام برابر جاری رکھا اور شروحات لکھنے کا سبب یہ بھی ہے کہ دیگر کتب پر کام کریں تو چھاپنے والے نہیں ملتے اور اگر چھاپ بھی لیں تو مارکیٹ میں کوئی خریدار نہیں ملتا ہے ایسا دو کتابوں پر تجربہ ہوچکا ہے اس لیے اپنا مقصد شروحات پر کام کرنا رکھا حالانکہ یہ کام عام کتاب لکھنے کے مقابل کافی مشکل ہے

آج الحمدللہ مندرجہ ذیل کتب شائع ہوچکی ہیں اور کچھ غیر مطبوع ہیں

تفصیل کچھ اس طرح ہے

***فہرست کتب***

....1 مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ اول۔۔ مطبوع

...2 مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ دوم۔۔۔ مطبوع۔

...3 مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ سوم مطبوع۔۔

...4 مصباح العربیہ شرح منھاج العربیہ چہارم مطبوع۔۔

....5 مصباح العربیہ شرح منہاج العربیہ پنجم غیر مطبوع۔۔

...6 مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ اول مطبوع۔

..7 مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ دوم۔ مطبوع۔

...8 مشکوۃ العربیہ شرح مفتاح العربیہ سوم مطبوع۔۔۔

...9۔ مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء اول۔۔ مطبوع۔۔

...10 مفتاح الانشاء شرح مصباح الانشاء دوم.۔ مطبوع۔۔۔

....11 معارف الادب شرح مجانی الادب۔۔ مطبوع

...12 مصباح الطالبین ترجمہ منہاج العابدین۔۔ مطبوع۔

...13 مصباح الصرف شرح میزان الصرف۔۔ مطبوع۔۔۔

...14 علم۔ صرف کے آسان قواعد۔۔۔ مطبوع۔۔

...15 مصباح العرفان فی حل صیغ القرآن۔۔۔۔ مطبوع

...16 مصباح النجاح شرح مراح الارواح۔۔۔ مطبوع

...17 مختصر عربی حکایات اور لطیفے۔۔۔ مطبوع۔

...18 مصباح المصادر شرح تسہیل المصادر۔۔۔۔ مطبوع۔۔۔

..19 معرفۃ العربیہ شرح انشاء العربیہ مطبوع۔۔۔

..20 حیات خضر علیہ السلام۔۔۔ مطبوع۔۔

..21 روضۃ الادب شرح فیض الادب اول۔۔۔ مطبوع۔۔۔۔۔

.22روضۃ الادب شرح فیض الادب دوم۔۔ غیر مطبوع۔

..23مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو اول۔۔ غیر مطبوع۔۔

..24مصباح النحو شرح خلاصۃ النحو دوم۔ غیر مطبوع۔۔۔۔

..25ترجمہ کیسے کریں۔۔۔۔ غیر مطبوع۔۔۔۔

..26نحوی صرفی اجراء کے طریقے۔۔ غیر مطبوع۔

..27آسان نحو سوالا جوابا۔۔۔۔ غیر مطبوع۔۔۔

...28حل تمارین فیض الادب اول۔۔۔ غیر مطبوع۔۔۔

..29حل تمارین فیض الادب دوم۔۔۔ غیر مطبوع۔

30۔حل تمارین الطریقۃ السھلۃ غیر مطبوع۔۔

...31حل تمارین دراسۃ الصرف۔ غیر مطبوع۔۔

....32حل تمارین نصاب النحو۔ غیر مطبوع۔۔

...33حل تمارین نصاب الصرف۔۔ غیر مطبوع۔۔۔

...34حل تمارین قواعد النحو۔۔ غیر مطبوع۔۔

....35حل تمارین قواعد الصرف اول۔۔۔۔ غیر مطبوع۔۔۔

...36حل تمارین خاصیات ابواب الصرف۔ غیر مطبوع۔۔۔

...37شرح ابن ماجہ۔ غیر مطبوع۔۔

..38شرح ابوداؤد۔۔ غیر مطبوع۔۔

..39شرح نسائی شریف غیر مطبوع۔۔

....40اہم ترکیب اور ان کا حل غیر مطبوع۔۔۔

...41مسنون دعائیں غیر مطبوع۔۔۔

...42اصول الشاشی سوالا جوابا۔۔ غیر مطبوع۔۔

...43ہدایۃ النحو سوالا جوابا۔۔ غیر مطبوع۔

...44دروس البلاغۃ سوالا جوابا۔۔ غیر مطبوع۔۔

...45ہدایۃ اولین وآخرین سوالات۔ غیر مطبوع

..46تلخیص المفتاح علم المعانی۔۔ سوالا جوابا۔۔۔ غیر مطبوع

...47مختصر المعانی۔ علم المعانی۔ سوالا جوابا۔۔۔ غیر مطبوع

...48غیر منصرف کا بیان۔۔۔ غیر مطبوع۔۔

...49انوار الادب شرح ازہار العرب۔۔۔ غیر مطبوع۔۔۔.

* اس کے علاوہ بہت سارے مقالات مضامین ہیں جو وقتا فوقتا لکھے گئے ہیں *

....1امام احمد رضا خان ایک عبقری شخصیت۔۔

...2امتحان بھی کیا خوب ہے۔

..3اسلاف کرام میلاد کس طرح مناتے تھے۔۔

.4اپریل فول کی تاریخی حقیقت۔

.5انگوٹھی سے متعلق مدنی خاکہ۔۔

6۔۔ناخن سے متعلق مدنی خاکہ۔۔

..7عمامہ سے متعلق مدنی خاکہ۔

..8مدارس اسلامیہ اور نصاب تعلیم۔۔

..9عقلمند بادشاہ۔۔

...10زندگی کا مقصد۔

...11اتحاد زندگی ہے اختلاف موت ہے۔۔

..11مزارات کی عظمت وحرمت وحاضری کے آداب۔۔

....12تبسم مصطفی صلی اللہ علیہ وسلم۔۔

...13موبائل فون کتنا مفید کتنا مضر۔۔

...14 طھر متخلل کا بیان۔۔

...15رمضان میں قضائے عمری کی چار رکعت کی حقیقت

...16قربانی کے مسائل۔۔

...17فقیہ اہل سنت اور دعوت اسلامی۔۔

...18شہر اور گاؤں سے بری رسمیں کیسے دور ہوں۔

..19اعلی حضرت کا زمانہ طالب علمی۔

...20ایصال ثواب کا طریقہ۔۔

...21نکاح پڑھانے کا طریقہ۔۔

...22ٹیچرس ڈے کیا ہے؟

..23صلاحیت ضائع نہ کریں استعمال کریں۔۔

...24عصر حاضر میں تحریر کی اہمیت۔۔

..25ہم محرم کیسے منائیں۔

..26علمائے اہل سنت اور اردو شروحات۔۔

..27امام احمد رضا اور تعزیہ داری۔۔

*یوٹیوب چینل پر درسی ویڈیوز کا آغاز*

*یہ تقریبا جنوری 2018ء کی بات ہے کہ ایک دن میں یوٹیوب پر کچھ دیکھ رہا تھا کہ درس نظامی کے درجہ اولی میں پڑھائی جانے والی علم نحو کی کتاب خلاصۃ النحو کی ویڈیو پر نظر پڑھی جسے سنا تو بہت کم وقت میں سبق مع تمرین پیش کیا گیا تھا جو کمزور طلبہ کے لیے ناکافی تھا بس اسی وقت ذہن میں آیا کہ اگر یوٹیوب چینل کے ذریعہ درس نظامی کی ویڈیوز بنا کر اپلوڈ کی جائیں تو شاید اس سے بہتر ہو اور طلبہ کو زیادہ فائدہ ہو اسی خیال سے سب سے پہلے خلاصۃ النحو سے کام کا آغاز کیا شروع میں تھوڑی دقت ہوئی، ویڈیوز بھی کم تھیں اور سبسکرائبر بھی کم تھے لیکن جیسے جیسے ویڈیوز اپلوڈ ہوتی گئیں لوگ جڑتے گئے آج تا دم تحریر تقریبا 37ہزار سبسکرائبر ہو چکے ہیں 80 کتابوں کے قریب درسی کتب کی ویڈویز اپلوڈ ہو چکی ہیں اور ویوز لاکھوں میں ہو چکے ہیں مزید سلسلہ جاری ہے*

*اپلوڈ شدہ کتب کی فہرست اس طرح ہے*

.(1)فارسی کی پہلی

.(2)تسہیل المصادر۔

.(3)گلزار دبستاں۔

..(4)مائۃ عامل منظوم۔

..(5)تعریفات نحویہ

..(6)صرف کوئز۔

.(7)دراسۃ الصرف۔

.(8)خلاصۃ النحو اول۔

..(9)خلاصۃ النحو دوم۔

..(10)انشاء العربیہ۔

..(11)فیض الادب اول۔

..(12)فیض الادب دوم۔۔

..(13)نحو میر اردو۔۔دعوت اسلامی۔

...(14)دراسۃ النحو۔

..(15)نصاب النحو۔

...(16)نصاب الصرف۔۔

..(17)ہدایۃ النحو۔

..(18) تسھیل النحو۔

..(19)تسہیل الصرف۔

..(20)النحو الکبیر۔

..(21)ابتدائی قواعد النحو۔

..(22)ابتدائی قواعد الصرف۔۔

...(23)علم الصرف۔

..(24)علم النحو۔

..(25)منہاج العربیہ اول۔

..(26)منہاج العربیہ دوم۔

.(27)منہاج العربیہ سوم۔

..(28)مفتاح العربیہ اول۔

.(29)مفتاح العربیہ دوم۔

.(30)تلخیص الاعراب۔

.(31)جواہر المنطق۔

...(32)معلم العربیہ

.(33)عربی مفردات۔

..(34)اجراء الصرف پہلا پارہ۔

..(35)اجراء الصرف دوسرا پارہ۔۔

..(36)سراجی۔

..(37)نصاب المنطق۔

..(38)صرف بہائی۔

..(39)ریاض الصالحین۔

.(40)الفقہ المیسر۔

..(41)اسلام کی بنیادی باتیں اول۔

..(42)مراح الارواح۔

.(43)حل تمارین خاصیات ابواب

..(44)الطریقۃ السہلۃ۔

..(45)القراءۃ الرشیدہ۔

..(46)مشکل صیغوں کا حل۔

.(47)اہم تراکیب اوران کا حل۔

...(48)رہنمائے ترکیب۔۔

..(49)نحو میر فارسی۔

..(50)شرح معانی الآثار۔۔

...(51) نحوی صرفی اجراء کے طریقے۔

(52)۔..عربی اورفارسی گنتی۔

(53)۔۔ہمارے مسائل اور ان کا حل۔

..(54)نورالانوار۔کچھ ویڈیوز۔

..(55)ہدایہ اولین۔کتاب النکاح۔

..(56)ہدایہ آخرین کتاب المضاربۃ۔۔۔

...(57)تلخیص المفتاح۔علم المعانی۔

..(58)مختصر المعانی۔علم المعانی۔

..(59)اصول الشاشی۔۔۔

..(60)مسند امام اعظم۔

...(61)دروس البلاغہ۔

...(62)مشکوۃ شریف۔

...(63)عربی زبان کیسے سیکھیں۔

...(64)ترجمہ قرآن۔۔۔پارہ 10.

.(65)ترجمہ قرآن پارہ 11.

..(66)ترجمہ قرآن پارہ 12..

..(67)ترجمہ قرآن۔۔۔پارہ 13..

...(68)ترجمہ قرآن پارہ 15.

..(69)ترجمہ قرآن پارہ 16..

...(70)ترجمہ قرآن پارہ 17.

..(71)ترجمہ قرآن۔پارہ 18.

...(72)دیوان متنبی۔۔

..(73)دیوان حماسہ۔

.(74)قواعد النحو مجلس برکات۔

..(75)مختلف شعراء کے کلام۔

...(76)بیانات اور مسابقے۔

..(77)اسلام کی بنیادی باتیں دوم۔

## *آپ ہمارا تعاون کیسے کر سکتے ہیں*

*ایک منٹ کے لیے غور کیجئے*

*السلام علیکم ورحمۃ اللہ علیہ وبرکاتہ*

درس نظامی سے وابستہ حضرات کو یہ اطلاع دی جاتی ہے خواہ وہ طلبہ ہوں یا اساتذہ آج کے جدید دور میں تمام لوگوں کے پاس اتنا وقت نہیں ہے کہ وہ باقاعدہ کسی مدرسہ یا جامعہ* *میں رہ کر مستقل آٹھ دس سال تعلیم حاصل کریں کچھ لوگ رہائش اختیار کرکے تعلیم حاصل کر رہے ہیں لیکن اب مدارس اور جامعات میں رہائش اختیار کر کے پڑھنے والوں کی تعداد کم ہوتی جارہی ہے اور لوگوں کی ایک تعداد ایسی بھی ہے جو کافی عمر ہونے کے سبب اب باقاعدہ کسی ادارہ میں ایڈمیشن لے کر تعلیم حاصل نہیں کر سکتی ہے کچھ لوگ کاروبار یا دیگر* *مصروفیات کے سبب وقت نہیں دے پاتے ہیں*

* تو ایسے لوگ چاہتے ہیں کہ ان کو میڈیا کے میدان میں کوئی ایسا پلیٹ فارم مل جایے جس سے وہ گھر بیٹھے درس نظامی کی تعلیم مکمل کر سکیں اور ان کے مسائل کا حل آسانی سے مل جائے * ان کے مسائل کے حل کے لیے ہمارے یہاں جامعۃ فاطمۃ الزہراء للبنات میں لڑکیوں کو چھ سالہ عالمہ کورس کرایا جاتا ہے۔ اور لڑکوں کو جامعہ عزیز العلوم میں چھ سالہ درس نظامی عالم کورس کرایا جاتا ہے آپ روزانہ ایک گھنٹہ دے کر گھر بیٹھے زوم یا اسکائپ کے ذریعہ عالم یا عالمہ بن سکتے ہیں ۔ ششماہی اور سالانہ دو امتحان ہوتے ہیں ہر سال کا سر ٹیفیکٹ بھی دیا جاتا ہے مزید پورے کورس کی درسی ویڈیوز یوٹیوب چینل پر اپلوڈ کی جارہی ہیں تاکہ وہ طلبہ جو غیر حاضر ہوجائیں یا سمجھ نہ آئے تو وہ ویڈیوز کے ذریعہ اپنے اسباق یاد کرلیں۔

طلبہ کی آسانی کے لیے مزید یہ کام کیا گیا ہے کہ *Play Store* پر درسی کتب یا ان کی شروحات کے اپلیکیشن کافی * مقدار میں موجود ہیں لیکن درس نظامی کی کتب کو ویڈیوز کی شکل میں پڑھانے کے تعلق سے ایسے اپلیکیشن بہت کم ہیں اور جو کچھ ہیں تو ان میں زیادہ مواد موجود نہیں ہے ابھی تک سنی حنفی بریلوی اہل سنت والجماعت کا کوئی ایسا جامع اپلیکیشن نہیں تھا جس میں تمام درسی کتب کی ویڈیوز آسان انداز میں موجود ہوں *

تمام درسی کتب اور ان کی شروحات بھی موجود ہوں * اس لیے اس ضرورت کو محسوس کرتے ہوئے اس کام کو شروع کیا *

* اور الحمد للہ اس پر ابھی تک تقریبا 80 کتب کی درسی ویڈیوز اپلوڈ ہوچکی ہیں تمام درسی کتب اور ان کی شروحات کو ویب سائٹ پر اپلوڈ کیا جارہا ہے *

ان شاء اللہ جلد ہی اپلیکیشن بہت بہترین صورت میں منظر عام پر آئے گا۔

ایک انسان اگر درس نظامی کی تعلیم حاصل کرے تو آٹھ سے دس سال میں مکمل کرپاتا ہے * تو ایک فرد کا پوری درس نظامی کی کتب پر کام کرنا، ہر کتاب ایک جیسی نہیں ہوتی ہے کہیں آسان تو کہیں مشکل ہوتی ہے انھیں حل کرنا پھر ان کی ویڈیوز بناکر اپلوڈ کرنا بہت مشکل امر ہے * اس لیے ہم

مزید پوری درس نظامی کو ڈیجیٹل انداز میں لانے کا ارادہ کرتے ہیں جس میں اپنے وقت کے ماہرین اور درس نظامی کی کتب پر عبور رکھنے والے افراد کی ضرورت ہوگی ** جس کے لیے ان کو ان کے وقت کی مناسب اجرت دے کر اہم کتب کی ویڈیوز اپلوڈ کرنا بھی شامل ہے * اس کے لیے اپنے شعبہ کے ماہرین کے لکچر بھی اپلوڈ کیے جاییں گے * جس کے لیے باقاعدہ ان کو تحائف دے کر ہی یہ کام آسانی سے ہوسکتا ہے * درسی ویڈیوز کو عمدہ صورت میں پیش کرنے کے لیے یوٹوب ** کی دنیا کے ماہرین کو بھی اجرت بھی رکھنا ہوگا آپ کی خدمت کے لیے اسمارٹ بورڈ بھی ہے البتہ اس کے استعمال کے لیے بھی کسی کو مقرر کرنا ہوگا * جس کے لیے خطیر رقم خرچ ہوگی * ہم نے سوچا تھا کہ اشتہارات کے ذریعہ اس خرچ کو مکمل کریں مگر اشتہارات کی بیہودگی سے دل برداشتہ ہیں۔ اور اس کی آمدنی اکثر علماء کے نزدیک ناجائز ہے اور جو جواز کا ذریعہ ایڈس سے نکلتے بھی ہیں وہ بہت کم ہیں * ہم نے بہت کوشش کی کہ دیگر افراد درسی نظامی کی ویڈیو پیش کریں لیکن آپ جانتے ہیں جب تک انسان مالی اعتبار سے بہتر نہیں ہوگا اس وقت تک دیگر کام نہیں کرسکتا مقولہ ہے کہ * خلوص فلوس چاہتا ہے * ہم اپنے طور پر کوشش کررہے ہیں لیکن ابھی بہت اہم کتب باقی ہیں اس لیے اس لیے جو حضرات اس نیک کام کا حصہ بننا چاہتے ہیں اور چاہتے ہیں کہ ان کے لیے یہ کام ثواب جاریہ ہو جب تک لوگ ان کے عطیات کی بدولت اس ** اپلیکیشن یا ان ویڈیوز سے علم سیکھتے رہیں گے ان کو برابر ثواب ملتا رہے گا ہم نے اپنے ایپلیکیشن پر ویب سائٹ بھی شامل کیا ہے جس کے ہر سال سالانہ 1000 روپیے دینا ہوتے ہیں جس کا خرچ ہمیں خود دینا ہوتا ہے مزید کوشش جاری ہے تاکہ اہل سنت کا ایک عظیم کام دنیا کے سامنے پیش کیا جاسکے۔ * ہم نے بذات جن کتب پر کام کیا ہے وہ ہم پوری کریں گے البتہ جو اہم کتب باقی ہیں وہ ہم دیگر ماہرین کے ذریعہ لانا چاہتے ہیں اس لیے ہم نے یہ طے کیا ہے جو حضرات بھی کسی کتاب کی ویڈیوز کے خواہش مند ہیں انھیں اس کتاب کی ویڈیوز بنوانے کے لیے اس کے اخراجات برداشت کرنا ہوں گے اس سے یہ بالکل نہ سوچا جائے کہ ہم علم بیچ رہے ہیں۔

*کتب کے نام*

...1قدوری شریف-----5000

...2کافیہ-----------5000

....3شرح تہذیب-----5000

...4شرح عقائد------10000.

...5نورالایضاح------5000.

...6توضیح تلویح-------5000

...7شرح جامی-------10000

....8مرقات-------3000.

....9نورالانوار------10000..

...10حسامی--------10000

...11سراجی-------10000.

....12جلالین شریف---10000.

....13کبری--------3000.

....14گلستاں------10000.

اس کے علاوہ جو کتب چینل پر نہیں ہیں وہ بھی اسی طریقے سے ہوں گی

*مزید تفصیل کے لیے اس نمبر پر واٹس یا کال کریں.*

**+918057889427*

*از.. محمد گل ریز رضا مصباحی. مدناپوری بریلي شریف*.

*تراویح کے مقامات جہاں پر اب تک*

* تراویح سننے اور سنانے کے مواقع میسر ہوئے*

1.حسینیہ مسجد بنگلور....(سامع).2003

2.حسینیہ مسجد بنگلور....(سامع).2004 ..

3.لازبل اَننت ناگ.کشمیر....2005

4.ڈانگرپورہ.اَننت ناگ کشمیر..2006

5اینچی ڈورہ اَننت ناگ کشمیر...2008

6.شیخ العالم اَننت ناگ کشمیر...2009

7.گانجی واڑہ اَننت ناگ کشمیر.....2010

8.شاھجہاں پور کٹرہ یوپي...2011

9.ردرپور اتراکھنڈ....2012.

10.ہرپن ہلی داون گیرے کرناٹک...2013

11.رٹی ہلی داون گیرے کرناٹک....2014

12.لکشمی شور.. ہبلی کرناٹک....2015

.13 شکاری پور.... شیموگا کرناٹک....2016

.14 بساپٹن داؤن گیرے کرناٹک..2017

.15 واسکو گووا مدینہ مسجد۔2018

.16 واسکو گووا مدینہ مسجد.....2019

17 لاک ڈاؤن کے سبب تراویح نہ ہو سکی۔...2020.

.18 رضا مسجد ہلدوانی اترا کھنڈ۔۔2021

..19 مسجد حمزہ گوا۔۔۔۔۔2022۔

***اسناد***

.(1) مولوی۔۔

۔(2)..عالم۔۔

۔(3)..کامل۔(مدرسہ تعلیمی بورڈ.)

***قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان.***

..(1) ایک سالہ کمپیوٹر کورس۔۔(2)..عربی ڈپلومہ کورس. دو سالہ۔

..(3) اردو ڈپلومہ کورس ایک سالہ۔

..(4) انٹر۔۔

..(5) بی اے۔۔

..(6)ایم اے۔۔

***شرف بیعت***

پیر طریقت رہبر شریعت علامہ مفتی اختر رضا صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ۔

* مختلف مدارس کے وہ مشفق اساتذہ کرام جنھوں نے اس ناچیز کو اس قابل بنایا تاکہ دین اسلام کی کچھ خدمت کر سکوں *

***الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کے اساتذہ کرام***

عمدۃ المحققین حضرت علامہ محمد احمد مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عبد الشکور صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا نصیر الدین صاحب قبلہ

سراج الفقہا حضرت علامہ مفتی محمد نظام الدین صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا اسرار بابا مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مفتی بدر عالم صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عبد الحق رضوی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مفتی معراج القادری صاحب قبلہ رحمۃ اللہ علیہ

حضرت علامہ مفتی زاہد علی سلامی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مفتی نسیم صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا نفیس احمد صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا ناظم علی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا صدر الوری صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا ساجد علی مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا غلام دستگیر صاحب قبلہ

حضرت مولانا اختر کمال صاحب قبلہ

حضرت علامہ حبیب اللہ ازھری صاحب قبلہ

حضرت علامہ عبداللہ ازھری صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا مسعود مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عرفان صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا جلال الدین صاحب قبلہ

حضرت مولانا ماسٹر حسیب اختر صاحب قبلہ

حضرت ماسٹر افضال صاحب قبلہ

*** دار العلوم علیمیہ جمداشاہی کے اساتذہ کرام ***

حضرت علامہ مولانا قمر عالم صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا فروغ احمد اعظمی مصباحی صاحب

حضرت علامہ مولانا محب علیمی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا نظام الدین مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا مفتی اختر صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا احمد رضا بغدادی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا معراج بغدادی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا امید علی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا حسیب مصباحی صاحب قبلہ

*** الجامعۃ القادریہ رچھا کے اساتذہ کرام ***

حضرت علامہ مولانا مفتی عاقل صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا جلیس صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا شمس مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا اثیر الدین مصباحی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا مسرت صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عمر صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا نفیس صاحب قبلہ

*** مدرسہ عالیہ نعمانیہ شیش گڑھ کے اساتذہ کرام ***

حضرت علامہ مولانا عرفان صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عبد الحلیم صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا توفیق نعیمی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا نور محمد صاحب قبلہ

***جامعہ سعدیہ کاسر کوڈ کیرلا کے اساتذہ کرام***

حضرت علامہ مولانا عبد اللطیف سعدی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا محمود سعدی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا غلام یزدانی سعدی صاحب قبلہ

حضرت علامہ مولانا عبید صاحب قبلہ

***مدرسہ رہبر اسلام کے اساتذہ کرام***

حضرت علامہ مولانا شریف اشرفی صاحب قبلہ

حضرت حافظ و قاری مجاھد صاحب قبلہ

***مدرسہ اشرف العلوم کے اساتذہ کرام***

حضرت حافظ اقبال صاحب قبلہ

حضرت حافظ عبد القدیر صاحب قبلہ

ودیگروہ شخصیات جنھوں نے مجھ جیسے ناکارہ کو بناسنوار کر کسی لائق بنایا۔ اللہ تعالی جو بحیات ہیں انھیں عمر خضر بالخیر عطافرمائے اور جو وفات پاچکے ہیں ان کے درجات بلند فرمائے

6 *سالہ درس نظامی عالم/عالمہ کورس*

*جامعہ عزیز العلوم لڑکوں کے لیے*

* جامعہ فاطمۃ الزہرا للبنات لڑکیوں کے لیے*

ہمارے ایسے بہت سارے مسلمان بھائی بہنیں ہیں جو روزگار، غربت، عمر زیادہ ہونے یا دیگر سبب سے مدرسہ میں رہ کر باقاعدہ تعلیم حاصل نہیں کر سکتے تو ایسے لوگوں کو دینی تعلیم حاصل کرنا ہو تو ان کے لیے بہت مشکلات تھیں اس لیے ان کی آسانی کے لیے 6 سالہ درس نظامی عالم/عالمہ کورس شروع کیا جو الحمد للہ کافی مقبول ہوا اور اس کا سلسلہ جاری ہے ہر سال نئے داخلے ہوتے ہیں

تعلیم، فیس سب کا طریقہ کچھ اس طرح ہوتا ہے۔

بعد رمضان نئی کلاسیس کے لیے ایڈمیشن جاری ہیں، جو طلبہ داخلے کے خواہش مند ہیں وہ اپنا نام، ولدیت شہر۔ لکھ کر واٹس ارسال کریں۔

تاکہ بروقت ان کی تعلیم شروع ہو سکے۔

یاد رہے فیس کلاس شروع ہونے سے پہلے جمع ہوگی۔

ابھی تک یہاں اولی ثانیہ، ثالثہ، رابعہ کی کلاس جاری ہے، جو لوگ پہلے سے پڑھے ہوئے ہیں وہ اوپر کلاس میں بھی جوئن کر سکتے ہیں۔

## خصوصیات

اس کورس کی خصوصیت یہ ہے کہ آن لائن میں زیادہ کتب پڑھائی جاتی ہیں۔ کافی حد تک نصاب مکمل ہو جاتا ہے۔ سالانہ اور ششماہی دو امتحان ہوتے ہیں، اکثر کتب کی درسی ویڈیوز یوٹیوب چینل پر بھی دستیاب ہیں تاکہ غیر حاضر ہونے پر وہاں سے سبق دہرایا جا سکے۔۔

ہفتے میں صرف ایک دن چھٹی ہوتی ہے۔

روزانہ ایک گھنٹہ زوم یا اسکائپ پر کلاس ہے۔

نصاب کی کتب کو ہفتے کے اعتبار سے تقسیم کیا گیا ہے تاکہ طلبہ کو اسباق یاد کرنے میں مشکل نہ ہو

ہر طالب علم سے سبق سنا جاتا ہے

ہر سال کا سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے جس میں ششماہی اور سالانہ دونوں کے نمبر ہوتے ہیں۔

کثرت سے غیر حاضری کی صورت میں کلاس سے معذرت کرلی جاتی ہے

**لڑکوں کی فیس ہر ماہ۔۔۔800.... جبکہ لڑکیوں کی۔۔600.**

داخلے کے لیے آپ واٹس ایپ پر اپنا نام، ولدیت شہر وغیرہ لکھ کر بھیجیں۔اپنی جماعت کا نام بتائیں۔۔۔

ہمارے یہاں تعلیمی سال بعد رمضان شروع ہوتا ہے اور شعبان میں سالانہ امتحان ہونے کے بعد چھٹی ہوجاتی ہے

۔کلاس کا وقت عام طور پر بعد عشا، بعد مغرب، اور بعد فجر ہوتا ہے۔۔

فیس فون پے گوگل پے سے اس نمبر 8057889427 پر جمع کراکر کلاس شروع کرسکتے ہیں۔

یادرہے ایڈمیشن کی کوئی فیس نہیں ہے البتہ داخلے کے وقت اس ماہ کی فیس لی جاتی ہے اور اگلے ماہ کی پانچ تاریخ تک جمع ہوتی ہے۔

طلبہ کو مدرسہ عزیز العلوم اور طالبات کو مدرسہ فیضان فاطمۃ الزہرا للبنات کے نام سے سرٹیفکیٹ دیا جاتا ہے۔

**لڑکیوں کو پڑھانے کے لیے عالمہ ہیں**

اس کا نصاب ہمارا خود کا بنایا ہوا ہے موجودہ دور کے اعتبار سے آسان ہے جس میں نحو صرف فقہ اصول فقہ تفسیر حدیث بلاغت ادب۔قرآن وغیرہ کے متعلق ہڑھایا جاتا یے۔

اور جو بعد رمضان کے لیے نئے داخلے کے خواہش مند ہیں

وہ اپنا نام ابھی سے درج کرالیں تاکہ بعد رمضان کلاس شروع ہوسکے۔۔

مزید تفصیلات کے لیے

اس نمبر پر واٹس ایپ کریں۔

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

8057889427

*شادی خانہ آبادی*

5 اپریل 2021 کو ہلدوانی شہر اتراکھنڈ میں بہت خوب صورت اور سنت طریقے سے عالمہ فاضلہ بنت سراج خان سے شادی ہوئی شادی کے موقع پر انھوں نے ایک کتاب بنام گلدستہ زندگی لکھی جو دعوت نامہ کے طور پر تقسیم کی گئی اور یہ شادی پورے علاقے میں ایسی شادی تھی کہ اس طرح کی شادی آج تک نہیں ہوئی ہے آپ اس کا منظر یوٹیوب پر جاکر دیکھ سکتے ہیں۔الحمد للہ آج ہندوستان کی بہت ساری طالبات گھر بیٹھے ان سے عالمہ کورس کررہی ہیں۔

مقام تدریس

*جامعۃ المدینہ فیضان عطار ناگ پور مہاراشٹر

*محمد گل ریز رضا مصباحی مدناپوری بریلی شریف*

6/مئی 2022 بروز جمعہ

4 شوال 1443ھ

واٹس ایپ نمبر۔

918057889427+